کلیاتِ اعظم

محمد اعظم چشتی

ملنے کے پتے

مکتبہ رحمانیہ اقرأ سنٹر، اُردو بازار لاہور 7355743
مکتبۃ العلم ۱۷، اُردو بازار لاہور 7211788
اسلامی کتب خانہ فضل الٰہی مارکیٹ لاہور 7223506
مشتاق بک کارنر لاہور 7230350
علم وعرفان پبلی کیشنز لاہور 7232336
منیر برادرز، مین بازار جہلم، سعید بک بنک اسلام آباد
احمد بک کارپوریشن، اقبال روڈ، راولپنڈی
بخش بک ڈپو، اُردو بازار، سیالکوٹ
چوہدری بک ڈپو، مین بازار، دینہ
ضیاء القرآن پبلشرز، گنج بخش روڈ، لاہور
کتاب گھر، علامہ اقبال روڈ، راولپنڈی
نیو الیاس کتب محل کچہری بازار، جڑانوالہ
ادریس کتاب محل، مین بازار، منڈی سمبڑیال
عمر بک سنٹر جی ٹی روڈ سرائے عالمگیر 653057
چغتائی بک ڈپو ڈڈیال آزاد کشمیر اتفاق بک ڈپو بھلوال
کوالٹی ڈیپارٹمنٹل سٹور کالج روڈ بوریوالا 3355889
شاہین بک ہاؤس منڈی بہاؤالدین
بخارا سنز قصہ خوانی بازار، پشاور، بلال بک ڈپو، گجرات
الفضل کتاب گھر میرپور آزاد کشمیر
مسٹر بکس سپر مارکیٹ اسلام آباد 2278843-5
جہانگیر بک ڈپو لاہور 042-7220897
سعد پبلی کیشنز۔ فسٹ فلور میاں مارکیٹ لاہور 7122943
مسلم بک لینڈ، بینک روڈ، مظفرآباد 058810-44021
یونائیٹڈ بک ہاؤس کچہری روڈ منڈی بہاؤالدین
نیو وہاڑی کتاب گھر جناح روڈ، وہاڑی 62310
الکریم نیوز ایجنسی گول چوک، اوکاڑہ
شائلہ بک ایجنسی، محلّہ چوہدری پارک ٹوبہ ٹیک سنگھ
ڈار برادرز تحصیل بازار، جہلم فضلی سنز اُردو بازار کراچی
کھوکھر بک سٹال مسلم بازار، گجرات
مکتبہ رشیدیہ چکوال — شیر ربانی کتب خانہ وہاڑی
مشتاق بک ڈپو گوجرخان — شاہین بک ڈپو وہاڑی
ہلال کاپی ہاؤس، لیاقت روڈ میاں چنوں 662650

اشرف بک ایجنسی، کمیٹی چوک، راولپنڈی
شمع بک ایجنسی فیصل آباد — رضا لائبریری شاہ کوٹ
ہاشمی برادرز کتب و رسائل گوردت سنگھ روڈ، کوئٹہ
الیاس بک ڈپو جلال پور جٹاں، کاروان بک سنٹر بہاولپور
الاخوان القادری، مسندی کارنر اندرون بوہڑ گیٹ ملتان
اسلامی کتب خانہ حافظ آباد، خان بک ڈپو حافظ آباد
نظامی کتب خانہ پاکپتن شریف، شکیل بک ڈپو سمندری
خالد کتاب محل اگوکی، سیالکوٹ روڈ
لاثانی لائبریری ربوہ، زمان لائبریری ربوہ
سلیمی بک ڈپو، احمد پور شرقیہ، جالندھر بک ڈپو ڈسکہ
بک ٹاؤن F-10 مرکز اسلام آباد 2299604
پاکستان بک ڈپو مین بازار جلال پور جٹاں
کارز سٹیشنری مارٹ مین بازار کھاریاں 510274
کتاب نگر حسن آرکیڈ ملتان کینٹ 061-510444
صابر بک سٹال نسبت روڈ لاہور 7230780
کارواں بک سنٹر، ملتان کینٹ، مرزا بک ایجنسی شیخوپورہ
گل قریش پبلی کیشنز۔ لاہور 7320318
علمی بک ہاؤس لاہور، عثمان بک ڈپو لالہ موسیٰ
عزیز سٹیشنری مارٹ مین بازار کھاریاں
کتاب سرائے، الحمد مارکیٹ اُردو بازار لاہور
سلطان بک پیلس گجرات پنجاب بک ڈپو سرکلر روڈ گجرات
حافظ بک ایجنسی اقبال روڈ سیالکوٹ، کوثر بک ڈپو لالہ موسیٰ
وارث سنز بک ڈپو صرافہ بازار پنڈ دادن خان
مکتبہ الحسن لالہ موسیٰ، مکتبہ دار الاحسان لالہ موسیٰ
کارواں بک سنٹر بہاولپور
مکتبہ کشمیر لالہ موسیٰ
رائل بک سنٹر چوک نواب گجرات، سپر سٹیشنرز لالہ موسیٰ
علی سٹیشنرز بک سیلرز لالہ موسیٰ، جہانگیر بک ڈپو کراچی
الاشہاب بک سٹال مانانوالہ، المکہ جلال پور جٹاں
خالد بک سٹال گجرات — شانی برادرز جہلم
فرینڈز بک ڈپو گجرات — مہر بک سٹال گجرات
باورا بک سنٹر مال روڈ — احسن لائبریری ژہرانوالہ
کشمیر بک ڈپو چکوال — دُعا پبلی کیشنز الحمد مارکیٹ

کلیاتِ اعظم

محمد اعظم چشتی

حمیدہ زیب اور
خوبصورت کتب کا
واحد مرکز

تزئین و اہتمام
نذیر محمد طاہر نذیر

نام کتاب:	کلیات اعظم
اشاعت خاص:	2005
سرورق:	عبیداللہ
اہتمام:	محمد نذیر، طاہر نذیر
کمپوزنگ:	الاشراق کمپوزنگ سنٹر، لاہور
مطبع:	حافظ جمیل پرنٹنگ پریس، لاہور
قیمت:	280/ روپے

انتساب

ان تمام بزرگوں

کے

نام

جنہوں نے "کلیاتِ اعظم"

جیسی کتاب تیار کرنے

میں مدد کی۔

ترتیب

پیارے

ملت چشتی

تے

اسرار چشتی

دے

ناں

محمد اعظم چشتی

۱۲ صفر ۱۳۹۴ھ

فہرست مضامین

اپنا دیس

رنگ وبو

اپنا دیس

فارسی نعتوں کا منظوم پنجابی ترجمہ

منقبت

غزل

غذائے روح

اِنتساب

اپنے والدِ مکرم مولوی محمد دین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے نام جن کے فیضانِ نگاہ
نے مجھے یہ ذوقِ سخن بخشا اور مجھے عشق دستی کی دولتِ سرمدی سے مالا مال کیا

محمد اعظم چشتی

انتساب

(بقولِ اعظم)

عہدِ حاضر کے سب سے بڑے
نعت گو شاعر

"حضرت احمد ندیم قاسمی"

کے نام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہزار روزہ ہزار اِتّقا نماز ہزار
ہزار زُہد و عبادت ہزار استغفار
ہزار طاعتِ شب ہا ہزار بیداری
قبول نیست اگر خاطرے بیازاری

حمد

ثنا گو پتہ پتہ ہے خدایا دم بہ دم تیرا
زمین و آسماں تیرے، ہے موجود و عدم تیرا

جو دنیا میں ترا کھا کر ترے شکوے کریں یارب
تعجب ہے کہ اُن پر بھی رہے لطف و کرم تیرا

کیوں نہ ہو صاحبِ ایمان محمدؒ اعظمؒ
ہے گدائے درِ حسّانؓ محمدؒ اعظمؒ
میری تربت کے سرہانے یہ لگانا لکھ کر
تھا محمدؐ کا ثنا خوان محمدؒ اعظمؒ

❋

منم ادنیٰ ثنا خوانِ محمدؐ　　غلامے از غلامانِ محمدؐ
محمدؐ ہست مہمانِ خداوند　　دو عالم ہست مہمانِ محمدؐ
دو عالم روز و شب در گفتگویش　　ہمہ قرآن در شانِ محمدؐ
ہمہ عالم گدائے کوچۂ او!　　سکندر از گدایانِ محمدؐ
تمامی انبیا و اولیا ہم　　نمک خوردند از خوانِ محمدؐ
گنہگارم سیہ کارم ولیکن،　　بدستم ہست دامانِ محمدؐ

نہ تنہا ہست اعظمؔ نعت خوانش
خدائے ما ثنا خوانِ محمدؐ،

❋

٭

جس دل میں غمِ احمدِ مختار نہ ہوگا
وہ دل کبھی رحمت کا سزاوار نہ ہوگا
سچ یہ ہے کہ وہ واقفِ اسرار نہ ہوگا
سرکارِ دو عالم سے جسے پیار نہ ہوگا
اللہ کبھی اُس کا طرف دار نہ ہوگا

دیکھا نہیں کونین میں کوئی ترا ہمسر
چرچے ہیں مری جان ترے حسن کے گھر گھر
لاکھوں نے ترے قدموں پہ قربان کیے سر
یہ مانا ترے چاہنے والے ہیں بہت پر
مجھ سا بھی کوئی تیرا طلب گار نہ ہوگا

چھائی تھی مرے دل پہ گنہگاری کی ہیبت
مایوس مجھے دیکھا تو بولی تری رحمت،
مژدہ ہو گنہگار کہ یوں ہو گی شفاعت
محشر میں خریدیں گے اسی جنس کو حضرت
جس جنس کا کوئی بھی خریدار نہ ہوگا

اے فخر رُسل باعثِ ایجادِ دو عالم
اے جانِ جہاں رُوح وجودِ بنی آدم
در چھوڑ کے تیرا کہاں جائے ترا اعظم
میدانِ قیامت میں اگر پکڑے گئے ہم
جز آپ کے واں کوئی مددگار نہ ہوگا

12.

❋

✻

کس قدر ساماں ہیں میرا دل دُکھانے کے لیے
مضطرب دورِ زماں میرے مٹانے کے لیے
گردشِ افلاک بھی ہے خود ستانے کے لیے
بجلیاں بے تاب میرا گھر جلانے کے لیے
اور میں تنکے چن رہا ہوں آشیانے کے لیے

سخت گھبرائے گا دِل محشر کا میدان دیکھ کر
رحم کھائے گا نہ کوئی ہم کو گریاں دیکھ کر
انبیا چُپ ہوں گے دنیا کو پشیماں دیکھ کر
امتِ عاصی کو محشر میں پریشاں دیکھ کر
آئیں گے سرکار بخشوانے کے لیے

کی جفا آلِ نبیؐ پر اک بُت بے پیر نے
جو بھی آیا سامنے ٹکڑے کیے شمشیر نے
کوئی کیا جانے کہ کیوں ایسا کیا تقدیر نے
گھر لٹا کر کربلا میں یوں کہا شبیرؑ نے
ہم تو آئے تھے جہاں میں گھر لٹانے کے لیے

یا رسول اللہ تیری شانِ رحمت کی قسم
تیری شفقت کی قسم تیری عنایت کی قسم
تیری الفت کی قسم تیری محبّت کی قسم
اے مدینے والے آقا تیری فرقت کی قسم
دل تڑپتا ہے تمہارے پاس آنے کے لیے

ناصحا اس میری کم فہمی سے گھبراتا ہے کیوں
جو سمجھ سکتے نہیں پھر ان کو سمجھاتا ہے کیوں
خرمنِ دل پر مرے تو آگ برساتا ہے کیوں
زاہدا اعظم کو جنّت میں لیے جاتا ہے کیوں
یار کا کوچہ ہے کافی دل لگانے کے لیے

✻

اعلیٰ حضرت بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کے ایک طویل واقعہ کا اختصار

بندہ مٹ جائے نہ آقا پہ وہ بندہ کیا ہے
بے خبر ہو جو غلاموں سے وہ آقا کیا ہے

مجھ کو پکڑیں جو قیامت میں فرشتے تو کہیں
تو نے دنیا میں عمل نیک کیا کیا کیا ہے

میں یہ رو رو کے پکاروں مرے آقا آنا
ورنہ اس درد بھرے دل کا ٹھکانا کیا ہے

میں سیہ کار جو چلاؤں تو غوغا سن کر
لوگ آجائیں کہ دیکھیں یہ تماشا کیا ہے

جمگھٹا دیکھ کے مخلوق کا آجائیں حضورؐ
آکے فرمائیں فرشتوں کو یہ جھگڑا کیا ہے

یوں کریں عرض فرشتے کہ گنہگار ہے ایک
ہم یہ کہتے ہیں اسے اب ترا منشا کیا ہے
میں جو سرکار کو دیکھوں تو پکاروں واللہ
ایسی سرکار کے ہوتے مجھے خطرا کیا ہے
سن کے فرمائیں محمد مرے دیوانے کو
چھوڑ دو چھوڑ دو اب اس پہ تقاضا کیا ہے
اعظمؔ اس رحمتِ عالم کی محبت دیکھو!
جس کی الفت ہو اگر دل میں تو کھٹکا کیا ہے

❋

٭

دی زباں حق نے ثنائے مصطفیٰؐ کے واسطے
دل دیا حُبِّ حبیبِ کبریا کے واسطے

خلد تو گھر ہے غلامانِ رسول اللہؐ کا
اور جہنم دشمنانِ مصطفیٰؐ کے واسطے

اُن کے در سے کوئی خالی جائے ہو سکتا نہیں
جن کے دروازے کھلے ہوں ہر گدا کے واسطے

دل میں دردِ مصطفیٰؐ سینے پہ داغِ مصطفیٰؐ
کیا عجب ساماں ملا روزِ جزا کے واسطے

میرے آقا کا مدینہ بھی ہے کیا دارالشفاء
جس جگہ عیسیٰؑ بھی آتے ہیں دوا کے واسطے

کب تلک تڑپے گا فرقت میں تمھاری یا نبیؐ
اب تو اعظم کو بُلا لیجے خدا کے واسطے

٭

ہم آج آئے ہیں زخم جگر دکھانے کو
فسانۂ دلِ فرقت زدہ سُنانے کو

حضورؐ کے درِ اقدس کی رفعتیں دیکھو
کہ عرش والے بھی آتے ہیں سر جھکانے کو

گناہگارو مچل جاؤ تھام لو دامن!
وہ دیکھو آئے ہیں سرکار بخشوانے کو

تمہارے نور سے معمور ہو گئی دُنیا
تمہارے جلوے نے چمکا دیا زمانے کو

حلیمہؓ گود میں لے کر حضورؐ سے بولیں
شرف تمہیں سے ملا ہے مرے گھرانے کو

بلا لو اب تو مدینے کہ ایک مدّت سے!
ترس رہی ہے جبیں تیرے آستانے کو

گناہ گاروں کی عزّت ہے جن کے ہاتھ اعظم
وہ کیوں نہ آئیں گے بگڑی مری بنانے کو

✻

یہ آرزو نہیں ہے کہ قائم یہ سر رہے
میری دعا تو ہے کہ ترا سنگِ در رہے

اے ساقی تیری خیر، ترے میکدے کی خیر
ایسی پلا کہ جس کا نشہ عمر بھر رہے

فرقت کی سختیاں مجھے منظور ہیں مگر
اتنا ضرور ہو کہ تجھے بھی خبر رہے !

اے جانِ جاں تو ہی تو ہے مقصودِ کائنات
میرا نشاں رہے نہ رہے تو مگر رہے

اعظمؔ یہ آرزو ہے کہ مرنے کے وقت بھی
صورت حضورؐ کی مرے پیشِ نظر رہے

✻

✿

ہم ہیں بے یار و مددگار رسولِ عربیؐ
جز ترے کون ہو غمخوار رسولِ عربیؐ

تیرے دیدار کے مشتاق کھڑے ہیں ہر سُو
برقع بردار ز رخسار رسولِ عربیؐ

تلملاتے ہیں تڑپتے ہیں شب و روز غریب
جن کو ہے تجھ سے ذرا پیار رسولِ عربیؐ

حشر میں دیکھیں گے حسرت بھری آنکھوں سے تجھے
تیری اُمت کے گنہگار رسولِ عربیؐ

بیں کہ در عشق تو چوں گریم و چوں می رقصم
من بایں جبہ و دستار رسولِ عربیؐ

تیرا بھاگا ہوا اک مجرمِ اعظم آخر
ہوگیا حاضرِ دربار رسولِ عربیؐ

✿

اللہ کرے نصیب ترے خرقہ و کلاہ
زاہد ہمیں تو شیشہ و پیمانہ چاہیے

عاشق کا کام کیا جو ہو مشغول خلق میں
عشاق کا تو گھر درِ جانانہ چاہیے

پوچھے گا گر خدا مجھے کیا چاہیے تجھے
کہہ دوں گا مجھ کو یار کا کاشانہ چاہیے

وصلِ حبیب بیٹھے بٹھائے کہاں نصیب
اس کے لیے تو ہمتِ مردانہ چاہیے

جبریلؑ اس لیے ہیں محمدؐ پہ شیفتہ
ایسی شمع پہ ایسا ہی پروانہ چاہیے

اعظم کو روکتا ہے تو کیوں بزم یار سے
اے نفس باز آ تجھے ایسا نہ چاہیے

❀

مرے آقا مرے مولا کدھر ہو
غریبوں پر عنایت کی نظر ہو

جسے مل جائے تیرا آستانہ
وہ دنیا میں بھلا کیوں دربدر ہو

اگر بندوں پہ آجائے مصیبت
نہیں ممکن کہ آقا بے خبر ہو

یہ حسرت قبر میں لے کر نہ جاؤں
خداوندا مدینہ میرا گھر ہو

حقیقت کیا کوئی سمجھے تمھاری
کہ تم نورِ خدا ہو یا بشر ہو

تمنا ہے دمِ آخر بھی آقا
تمھارا در ہو اور اعظم کا سر ہو

❀

✻

اُس خالقِ کونین کی مرضی بھی اُدھر ہے
اے سیّدِ ابرار رضا تیری جدھر ہے

جنت کی ضرورت ہے نہ حوروں کی طلب ہے
کونین کے دُولہا کی طرف میری نظر ہے

جس گھر میں قدم رکھتے تھے جبریل بھی ڈر کر
اے جانِ دو عالم وہ تمھارا ہی تو گھر ہے

وہ ربِّ دو عالم ہے تو تو رحمتِ عالم
محشر کا خطر ہے نہ جہنم ہی کا ڈر ہے

جس در سے کوئی شاہ و گدا خالی نہ لوٹا
اے صاحبِ لولاک تمھارا ہی وہ در ہے

آیا نہ جہاں میں کوئی ہمسر ترا بن کر!
پہنچا نہ وہاں کوئی جہاں تیرا گذر ہے

اعظم کو بھی بلوایئے اے ساقی کوثر
سجدے کو تڑپتا ترے دیوانے کا سر ہے

✻

✽

دیکھ اے دل دوستوں سے دشمنی اچھی نہیں
دشمنوں سے بھول کر بھی دوستی اچھی نہیں

طالبانِ درد جیتے ہیں سہارے درد کے
یاالٰہی کم نہ ہو اس میں کمی اچھی نہیں،

دل وہ مردہ ہے جو تیری یاد سے خالی رہا
سُنتے ہیں مُردہ دلوں کی زندگی اچھی نہیں،

ہے تمنا یہ کہ ان آنکھوں سے روضہ دیکھ لوں
بے قراری دل کی آنکھوں کی نمی اچھی نہیں

میں پہنچ جاؤں مدینے میں تو آ جائے اجل
ہند میں جب تک ہوں آمد موت کی اچھی نہیں

اے عرب کے چاند تیری چاندنی کے سامنے
چاند کیا خورشید کی بھی روشنی اچھی نہیں

✽

روشن ہے جس سے عالمِ امکاں تمھیں تو ہو
ظاہر ہے جس سے صورتِ یزداں تمھیں تو ہو
تم ہی ہو رازہائے حقیقت کے رازدار
توحید کی کتاب کے عنواں تمھیں تو ہو
تیرے ہی دم سے گلشنِ ہستی میں ہے بہار
ہر چیز کی حیات کے ساماں تمھیں تو ہو
دونوں جہاں میں تیری حکومت ہے بالیقیں
ہر شے ہے جس کی تابعِ فرماں تمھیں تو ہو
خالق نے جس کو ساری خدائی میں چن لیا
اے جانِ کائنات وہ انساں تمھیں تو ہو
یہ مرتبہ کسی کو میسّر نہ آسکا!
خالق ہے آپ جس کا ثنا خواں تمھیں تو ہو
اعظمؔ کا بھی فسانۂ دردوالم سنو!
ہر دردِ کائنات کے درماں تمھیں تو ہو

✻

کیا عجب شانِ مصطفائی ہے
شیفتہ جس پہ کبریائی ہے

اُس کا سایہ چھپا لیا حق نے
جس کے سائے میں سب خدائی ہے

کوئی پہنچا وہاں نہ پہنچے گا!
جس جگہ تک تری رسائی ہے

فکرِ عقبےٰ نے کر دیا بیدل
میرے آقا تری دہائی ہے

تیری رحمت نے یا رسُول اللہ
کس کی بگڑی نہیں بنائی ہے

مِل گئی اُس کو دولت کونین
جس کو حاصل تری گدائی ہے

ناز دل پر کرو نہ اے اعظم
جانتے ہو یہ شے پرائی ہے

✻

یہی نہیں کہ فقط دل لگانا آتا ہے　　تری تلاش میں خود کو مٹانا آتا ہے
ترے فقیروں کو گھر بر لٹانا آتا ہے　　ترے اشارے پہ سر بھی کٹانا آتا ہے
غرض جو کہہ دیں زباں سے نبھانا آتا ہے

تمہاری راہ پہ قرباں دل و جگر ساقی　　ادھر بھی ایک محبت بھری نظر ساقی
گر اور کچھ نہیں اتنا کرم تو کر ساقی　　ہماری بستی کی جانب سے بھی گذر ساقی
تمھیں تو اُجڑے ہوؤں کو بسانا آتا ہے

یہ آرزو ہے کہ اب کوئی آرزو نہ رہے　　ترے بغیر کسی شے کی جستجو نہ رہے
سکونِ قلب میسّر ہو ہاؤ ہو نہ رہے　　وہ مے پلا کہ مجھے حاجتِ سبو نہ رہے
سنا ہے تم کو نظر سے پلانا آتا ہے

چمن کو ناز ہو جس پر وہ ایک خار ہوں میں　　نہیں نہیں چمنِ عشق کی بہار ہوں میں
جو میکدے کی ہو زینت وہ بادہ خوار ہوں میں　　یہ صرف تیرا کرم ہے کہ تاجدار ہوں میں
تمھیں گداؤں کو اعظمؔ بنانا آتا ہے

❋

ابنِ یعقوبؑ کو اللہ نے صورت بخشی
ید بیضا کی کلیم اللہ کو نعمت بخشی
اور عیسیٰؑ کو مسیحائی کی دولت بخشی
ہر نبی کو کوئی عزت کوئی عظمت بخشی
میری سرکار کو بے پردہ زیارت بخشی

اہلِ دنیا کو زر و مالِ سکندر بخشا
اہلِ دیں کو درِ جنت سرِ کوثر بخشا
درد والوں کو خدا نے دلِ مضطر بخشا
ہر طلب گار کو ہر قسم کا گوہر بخشا
میرے آقا کو دو عالم کی حکومت بخشی

رونق اس باغ میں آئی تو انھیں کے دم سے
بات آدم کی بن آئی تو انھیں کے دم سے
ہوئی یونس کی رہائی تو انھیں کے دم سے
اور اماں نوحؑ نے پائی تو انھیں کے دم سے
حق نے سرکارِ دو عالم کو وہ قدرت بخشی

کوئی آجائے طلب سے بھی سوا دیتے ہیں
آئے بیمار تو ہر دکھ کی دوا دیتے ہیں
گالیاں دیتا ہو کوئی تو دعا دیتے ہیں
دشمن آجائے تو چادر بھی بچھا دیتے ہیں
اعظمؔ اللہ نے حضرت کو وہ سیرت بخشی

❋

✻

طیبہ سے منگائی جاتی ہے سینے میں چھپائی جاتی ہے
توحید کی مے ساغر سے نہیں آنکھوں سے پلائی جاتی ہے

مسجد میں نہیں، مندر میں نہیں، مکتب میں نہیں معبد میں نہیں
سنتے ہیں کتابِ عشق ترے کوچے میں پڑھائی جاتی ہے

ہم دل میں بٹھا کر اُس بُت کی ہر روز پرستش کرتے ہیں
اللہ رے تصویرِ جاناں کعبے میں سجائی جاتی ہے

اللہ کرے اُس چوکھٹ تک اپنی بھی رسائی ہو جائے
جس چوکھٹ پر دیوانوں کی تقدیر بنائی جاتی ہے

اس ہجر کے جینے سے اعظم مرنا ہی گوارا ہے مجھ کو
سنتے ہیں لحد میں حضرتؐ کی تصویر دکھائی جاتی ہے

✻

غازی کا سلام

بحضورِ خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم

یا نبی سلام علیک　　یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک　　صلوٰۃ اللہ علیک

میں مجاہدِ وطن ہوں اے شہنشہِ زمانہ　　ہے ترے کرم سے زندہ مرا عزمِ غازیانہ　　یا نبی سلام علیک
تری رحمتوں کا حامل، مرا جذبۂ شہادت　　تری اک نظر کا پیاسا، مری رزم کا فسانہ　　یا نبی سلام علیک
یہ وطن تری امانت، ہے مری نظر کی راحت　　میں وہ آنکھ پھوڑ دوں گا جو اٹھے گی غاصبانہ　　یا نبی سلام علیک
میں گروں گا برق بن کر ترے دیں کے دشمنوں پر　　نہ بچے گا زد سے میری کوئی کفر کا ٹھکانا　　یا نبی سلام علیک
کبھی سرنگوں نہ ہوگا، مرا پرچمِ ہلالی　　ہے یہی رضائے قدرت ہے یہی مرا ترانہ　　یا نبی سلام علیک
میں نثار یا محمد، تری دستگیریوں کے　　مجھے کیا عدو کی پروا، مجھے کیا غمِ زمانہ　　یا نبی سلام علیک
ترے در پہ جانِ اعظم، ہیں کھڑے بچشمِ پرنم　　ہو قبول غازیوں کا یہ سلام عاشقانہ　　یا نبی سلام علیک

بحضور خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم

سلام گلشنِ توحید کی بہار سلام — سلام ملکِ رسالت کے تاجدار سلام
سلام رازِ حقیقت کے پردہ دار سلام — سلام خالقِ اکبر کے رازدار سلام
سلام شاہدِ خوبانِ باوقار سلام — سلام سرورِ محبوبِ کردگار سلام
سلام صاحبِ لولاک رحمتِ عالم — سلام اُمتِ عاصی کے غمگسار سلام
تمہارے در سے ملا جس کو بھی ملا جو ملا — تمہاری بخشش بیحد پہ صد ہزار سلام
تمہارا ابرِ کرم کس جگہ نہیں برسا — تمہارے لطف و کرم پر ہزار بار سلام

جس آستانۂ اقدس کی خاک ہے اعظمؔ
اُس آستانِ معلیٰ پہ بار بار سلام

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

کونین کا جواب رُخِ بوتراب ہے — منہ بولتی کتاب رُخِ بوتراب ہے

ذوقِ نظر جواں ہو تو اُس ذوق کی قسم — ہر سمت بے نقاب رُخِ بوتراب ہے

گر ہو سکے تو ولیوں کی محفل میں دیکھیے — ذرّوں میں آفتاب رُخِ بوتراب ہے

صحنِ چمن میں پھول فلک پر مہ و نجوم — اور سب میں لاجواب رُخِ بوتراب ہے

خالق کا انتخاب ہیں سرکارِ دوجہاں — اور اُن کا انتخاب رُخِ بوتراب ہے

گردوں کا آفتاب جہاں سجدہ ریز ہے — وہ جانِ آفتاب رُخِ بوتراب ہے

اعظم جسے نبی نے کہا بابِ شہرِ علم
ہاں ہاں وہی تو بابِ رُخِ بوتراب ہے

منقبت

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

علی کا وصف اور میری زباں توبہ ارے توبہ
یہ مشتِ خاک اور اُن کا بیاں توبہ ارے توبہ

وہ پیشانی کہ جس سے بھیک لے کر چاند روشن ہو
میں اُس کے وصف میں کھولوں زباں توبہ ارے توبہ

وہ لب جن کے تبسم سے دو عالم جگمگا اُٹھیں
کہاں وہ مہ جبیں اور میں کہاں توبہ ارے توبہ

وہ جن کے واسطے ڈوبا ہوا سورج پلٹ آئے
پہنچ سکتی ہے میری عقل واں توبہ ارے توبہ

وہ جن کی مدح خوانی سے لبِ جبریل قاصر ہو
یہ اعظمؔ اور اُن کا مدح خواں توبہ ارے توبہ

منقبت

اھلِ بیت

علیؓ کے عشق کا بیمار بیمارِ محمدؐ ہے
علیؓ کا چاہنے والا طلبگارِ محمدؐ ہے

علیؓ کی گفتگو واللہ گفتارِ محمدؐ ہے
علیؓ المرتضیٰ کی دید دیدارِ محمدؐ ہے

زمانہ جانتا ہے آپ نے کیا کیا نہیں پایا
کسی نے بھی نہیں پایا جو پایا آپ نے پایا

حسینؓ ابن علیؓ کے سر پہ ہے اللہ کا سایا
گدائے کوچۂ شبیرؓ دلدارِ محمدؐ ہے

سخی ایسے کہ جن پر خود سخاوت ناز کرتی ہے
امام ایسے کہ جن پر خود امامت ناز کرتی ہے

شہید ایسے کہ جن پر خود شہادت ناز کرتی ہے
جو سچ پوچھو تو یہ دربار دربارِ محمدؐ ہے

مٹے ایسے کہ مٹ کر پھر شجاعت زندہ کر ڈالی
حمیت زندہ کر ڈالی صداقت زندہ کر ڈالی

رسولِ پاکؐ کی اعظم شریعت زندہ کر ڈالی
اسے کہتے ہیں عاشق یہ وفادارِ محمدؐ ہے

منقبت

علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ

مرے حاجت روا مولا علیؑ ہیں — مرے مشکل کشا مولا علیؑ ہیں

خدا نے جن کو تیغِ لافتا دی — وہی شیرِ خدا مولا علیؑ ہیں

علی کی دید، دیدِ مصطفیٰ ہے — کہ نورِ مصطفیٰ مولا علیؑ ہیں

تلاطم کا مری کشتی کو کیا ڈر — کہ اس کے ناخدا مولا علیؑ ہیں

نہ کیوں سجدے کروں میں اُن کے در پر — کہ جانِ اولیا مولا علیؑ ہیں

ولی ہو غوث ہو قطبِ جہاں ہو — ہر اک کے پیشوا مولا علیؑ ہیں

زمانہ کیوں نہ اُن کے گیت گائے — کہ سب کا مدّعا مولا علیؑ ہیں

میں کیوں غیروں کے در پر جاؤں اعظمؔ
مرے دُکھ کی دوا مولا علیؑ ہیں

✿

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ

اے امام جعفر صادق امامِ اولیاءؔ — نورِ چشمِ سیدِ باقر امامِ بے ریا!

تیرے چہرے سے عیاں ہے خوئے زین العابدین — تیری پیشانی پہ ہے شبیر کا نورِ جبیں

واقف و دانائے علمِ ظاہری و باطنی — زینتِ بزمِ شہِ مشکل کشا مولا علی

السلام اے ہادیٔ راہِ طریقت السلام — السلام اے حاملِ بارِ امامت السلام

السلام اے نورِ چشمِ رحمۃ للعٰلمین — السلام اے ناخدائے کشتیٔ دینِ مبیں

اے مرے ٹوٹے ہوئے دل کے سہارے السلام — اے مری روتی ہوئی آنکھوں کے تارے السلام

اپنے اعظمؔ کی طرف بھی اک نگاہِ التفات

مانتا ہے خالقِ اکبر تری ہر ایک بات

✿

مدحت

محبوب سبحانی غوث الاعظم جیلانی رضی اللہ عنہ

تری ذات ہے بیشک لاثانی	یا غوث الاعظم جیلانیؒ
کر دور یہ میری حیرانی	یا غوث الاعظم جیلانیؒ
مجھے رنج و الم نے گھیرا ہے	اک آسرا ہے تو تیرا ہے
تجھے ہوتے ہو کیوں یہ پریشانی	یا غوث الاعظم جیلانیؒ
بیتاب ہے دل ناشاد ہے دل	ناکام ہے دل برباد ہے دل
کب تک یہ رہے گی ویرانی	یا غوث الاعظم جیلانیؒ
گر قابل ہوں تو تیرا ہوں	ناقابل ہوں تو تیرا ہوں
کر لینا قبول ثنا خوانی	یا غوث اعظم جیلانیؒ
اعظم کو نہیں دولت کی ہوس	عظمت کی ہوس شوکت کی ہوس
ملے آپ کے در کی دربانی	یا غوث الاعظم جیلانیؒ

مدحت

سلطان الہند غریب نواز اجمیری رحمتہ اللہ علیہ

مظہرِ کبریا غریب نواز — بحرِ جود و سخا غریب نوازؒ
واقفِ سرِّ ظاہر و باطن — گنجِ حلم و حیا غریب نوازؒ
عالمِ رازِ ہر خفی و جلی! — کانِ مہر و وفا غریب نوازؒ
در دو عالم مزین از ذاتت — مسندِ چشتیا غریب نوازؒ
رُو سیاہے کہ بر درت آمد — پاک شد از خطا غریب نوازؒ
خاکِ پائے سگانِ کوچہ تو! — سرمۂ چشمِ ما غریب نوازؒ

نیست آساں کہ وصفِ تو گوید
اعظمِ بے نوا غریب نوازؒ

محبوبِ الٰہی خواجہ نظام الدّین اولیاء رحمتہ اللہ علیہ

ہے دل میں مرے الفتِ محبوبِ الٰہی
بھاتی ہے کہاں فرقتِ محبوبِ الٰہیؒ

محبوب محمدؐ بھی ہیں محبوبِ خدا بھی
کیا پوچھتے ہو عظمتِ محبوبِ الٰہیؒ

توفیق خدا دے تو ذرا دیکھیے جا کر!
ہے نور کا گھر تربتِ محبوبِ الٰہیؒ

جاتا ہے جو اُس در پہ وہ خالی نہیں آتا
سنتے ہیں یہ ہے عادتِ محبوبِ الٰہیؒ

فردوس سے کچھ کم نہیں وہ ارضِ مقدس
جس جا ہیں مکیں حضرتِ محبوبِ الٰہیؒ

بابائے شکر گنج کے فیضانِ نظر سے
ہر دل میں بسی عزتِ محبوبِ الٰہیؒ

اعظمؔ کو کسی غیر کا بننے نہیں دے گی
کس جوش میں ہے غیرتِ محبوبِ الٰہی

مدحت

محبوبِ الٰہی خواجہ نظام الدین اولیاء رحمتہ اللہ علیہ

حاصلِ دو جہاں نظام الدینؒ　　راحتِ عاشقاں نظام الدینؒ
خواجۂ خواجگاں نظام الدینؒ　　جانِ دیوانگاں نظام الدینؒ
ملجائے بیکساں نظام الدینؒ　　ہادیِ گمرہاں نظام الدینؒ
مفخرِ کاملاں نظام الدینؒ　　رونقِ چشتیاں نظام الدینؒ
یادِ تو ہست جزوِ ایمانم!　　نامِ تو وردِ جاں نظام الدینؒ

اعظمؔ از فکرِ دو جہاں بگذر
بر تو شد مہرباں نظام الدینؒ

مدحت

غوث گولڑہ رحمتہ اللہ علیہ

مظہر نور خدا مہر علیؒ
نورِ چشم مصطفےٰ مہر علیؒ

سایۂ مشکل کشا مہر علی
مایۂ غوث الوریٰ مہر علیؒ

رہنمائے اصفیا مہر علی
پیشوائے اولیا مہر علیؒ

روشنی بخشِ جہان حسن و عشق
مہر عالم تاب ما مہر علیؒ

باعثِ تسکین آزردہ دلاں
دردِ الفت را دوا مہر علیؒ

فخرِ ما ملجائے ما ماوائے ما
عزِ ما ناموسِ ما مہر علیؒ

بر درش شاہانِ عالم سجدہ ریز
خلق را حاجت روا مہر علیؒ

مدحت

غوث گولڑہ رحمتہ اللہ علیہ

رونقِ بزمِ چشتیاں . روحِ روانِ گولڑہ
فخرِ شہانِ دوجہاں باعثِ آنِ گولڑہ

تیری شرف بن گئی یہ سرزمین رشکِ طور
تیرے قدم سے بڑھ گئی عظمت وشانِ گولڑہ

ملکِ عرب میں تیری دھوم اہلِ عجم میں تیرا شور
کون نہیں ترا اسیر اے دل وجانِ گولڑہ

ہر روز روزِ عید ہے، ہر شب شبِ برات ہے
کتنے ہو خوش نصیب تم اے ساکنانِ گولڑہ

آب وہوائے گولڑہ راحتِ جانِ عاشقاں
سرمۂ چشمِ عارفاں خاکِ جہانِ گولڑہ

اعظمؔ بھی تو انھیں ترے پردرد گان در سے ہے
جن کو نہ مل سکی اماں بجز آستانِ گولڑہ

مدحت

فخر المشائخ سیدی قبلۂ عالم چکوڑوی رحمۃ اللہ علیہ

مظہر سیّد ابرار چکوڑی والے　　صاحبِ گنجِ پُر انوار چکوڑی والے

بلبلِ باغِ نبیؐ نخلِ گلستانِ علیؓ　　فاطمہؓ زہرا کے شہ کار چکوڑی والے

جگرِ مہر علی دلبرِ غوث الثقلین　　شاہِ اجمیر کے دلدار چکوڑی والے

آپ کی ذات ہے اک منبعِ برکات و فیوض　　ہے انوکھی تری سرکار چکوڑی والے

تیرے دیدار کے مشتاق کھڑے ہیں ہر سُو　　بر تعہ بردار زرِ خسار چکوڑی والے

ہے دعا فضلِ الٰہی کی الٰہی مجھ کو　　روز ملتے رہیں سرکار چکوڑی والے

اپنے اعظم کا بھی کچھ دھیان مری جان رہے
ہے یہ تیرا ہی نمک خوار چکوڑی والے

شامِ غم

بر وفات حضرت آیات قبلہ پیر سید حافظ جماعت علی شاہ صاحب محدث علی پوری رحمۃ اللہ علیہ

آہ علمِ دین کا اک راز داں جاتا رہا
ملتِ اسلامیہ کا پاسباں جاتا رہا

اہلِ دل کا پیشوا اہلِ وفا کا رہنما
باعثِ تسکینِ آزردہ دلاں جاتا رہا

جس کی خوشبو سے معطر تھا دماغِ زندگی
وہ وجودِ حق نما معجز بیاں جاتا رہا

جس کی تابانی سے روشن تھا محبت کا چراغ
کاش وہ مہرِ منیر ناگہاں جاتا رہا

گلشنِ معنی کے گُل خاموش کلیاں سوگوار
وائے محرومی چمن کا نگہباں جاتا رہا

میکدے پر چھا گئیں تاریکیاں مایوسیاں
بادہ کش حیران ہیں پیرِ مغاں جاتا رہا

آنکھ روتی ہے نظر وہ غمگسار آتا نہیں
دل تڑپتا ہے کہ کیسا مہرباں جاتا رہا

غیر ممکن ہے کہ یہ خالی جگہ پُر ہو سکے
واقعہ یہ ہے کہ یکتائے زماں جاتا رہا

راستہ دشوار منزل دور دنیا راہزن
کارواں کی خیر میرِ کارواں جاتا رہا

اعظمؔ اب کیسے دلِ بے چین کو آئے قرار
دل کا محرم جان کا آرامِ جاں جاتا رہا

✻

نوحۂ غم

بر وفات حسرت آیات سیدی قبلۂ عالم جیکوڑوی رحمۃ اللہ علیہ

اکھاں اگوں آج اوہ اکھیاں دا تارا ٹر گیا ۔۔۔ دل نوں چین آوے کویں دل دا سہارا ٹر گیا

پوترا سرکار دا محبوب غوثِ پاک دا ۔۔۔ خواجۂ ہند الولی دے دل دا پیارا ٹر گیا

لاڈلا خواجہ فرید الدینؒ نظام الدینؒ دا ۔۔۔ گولڑے والے دی محفل دا ستارہ ٹر گیا

کون دیوے گا تسلی ہن دل بے چین نوں ۔۔۔ ہندا سی جس در توں ہر اک دا گذارا ٹر گیا

جس دی خاطر اکھاں ترسن اوہ نظر اوندا نہیں ۔۔۔ خبرے ساتھوں رس کے دلدار پیارا ٹر گیا

ساقیا آجا شرابی سہکدے نے دید نوں ۔۔۔ فیر آویں گا جدوں مے خوار سارا ٹر گیا

اعظمؔ اس دن نوں نہ چنگی لگے چین دی روشنی

جیہڑے دن توں پیار دے رخ دا نظارا ٹر گیا

✻

غوثِ زماں

اعلیٰ حضرت قبلۂ عالم گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ کا مزار دیکھ کر

کس کا ہے یہ مزارِ لاثانی
کیوں جھکی جا رہی ہے پیشانی

اُس کو بھاتی نہیں شہنشاہی
جو کرے تیرے در کی دربانی

تیرے ابرو کی خیر ہو ساقی
یونہی کرتے رہو ستم رانی

مجھ کو بھی کر سگوں میں اپنے شمار
تیری مشہور ہے جہاں بانی

دونوں اپنی جگہ پہ اچھی ہیں
اُن کی دانائی میری نادانی

ہاتھ میں جام اب پہ بسم اللہ
واہ کیا خوب ہے مسلمانی

اعظمؔ اس بت سے ہے اگر ملنا
چھوڑ دے خواہشاتِ نفسانی

فرقت رمضان المبارک

ماہِ رمضاں کی فرقت نے مارا
دل ہوا جاتا ہے پارا پارا

تیری الفت تھی ہر اک کے دل میں
تیری عظمت تھی ہر اک کے دل میں
تو نے ہم سے کیا کیوں کنارا
دل ہوا جاتا ہے پارا پارا

تو نے اُجڑے ہوئے گھر بسائے
تو نے روتے ہوئے دل ہنسائے
تیرے بن ہوگا کیسے گذارا ؟
دل ہوا جاتا ہے پارا پارا

گھر میں لائیں گے اب کس کی برکت
ہم پہ برسے گی اب کس کی رحمت
پھر بھی دیدار دینا خدارا
دل ہوا جاتا ہے پارا پارا

تیرے شیدائی اب کیا کریں گے
تیری فرقت میں جل جل مریں گے
تیرا جانا ہے کس کو گوارا!
دل ہوا جاتا ہے پارا پارا

اعظمؔ خستہ رو رو پکارے
پھر بھی آئیں گے یہ دن ہمارے
جاؤ حافظ خدا ہو تمہارا!
دل ہوا جاتا ہے پارا پارا

✻

الوداع

الوداع اے ماہِ رمضاں الوداع
الوداع اے جانِ ایماں الوداع

تیری راتوں کی عبادت بھی ملی
تیری صبحوں کی مسرت بھی ملی

بھوک میں رہ رہ کے لذت بھی ملی
اور پھر فرقاں کی دولت بھی ملی

تیری آمد سے ہمیں عزت ملی
دین و دنیا کی ہمیں عظمت ملی

میری عزت تیری عظمت پر نثار
میرا ایماں تیری شوکت پر نثار

تیری گردِ راہ تاجِ اولیا
تیرا ذکرِ خیر جانِ اصفیا

سال بھر تیرا رہے گا انتظار
ہم کو تڑپاتا رہے گا تیرا پیار

الوداع اے ماہِ رمضاں الوداع
الوداع اے جانِ ایماں الوداع

غزلیات

اہلِ چمن اُٹھو کہ پھر آئی بہار آج
لائی ہے ساتھ رحمتِ پروردگار آج

ہر ذرہ رشکِ طور بنا کائنات کا
ہر پتہ گلستاں کا ہوا مشکبار آج

کہتے ہیں جس کو سارے مسلماں شب برات
ہوگا ہر ایک چیز کا اس میں شمار آج

آؤ گناہ گارو بڑھاؤ ذرا سا ہاتھ
دیکھو تو ہے خدا کا کرم بے قرار آج

شاید اسی طرح سے یہ دُھل جائیں دل کے داغ
روئے گا رات بھر دلِ امیدوار آج

❁

❁

ربودہ فراقِ تو از من قرارم
بیا جانِ جاناں کہ در انتظارم

مرا نیست جُز یادِ تو ہیچ کارے
بجُز دردِ تو یار یارے ندارم

چہ خونخوار دردِ جگر سوز دادی
کہ اُو بر قرار است و من بے قرارم

چہ نسبت کہ در حلقۂ تو نشینم
تو شاہِ جہانی و من خاکسارم

شب و روز مے نوشم از چشم ساقی
عجب خوش نصیبم عجب بادہ خوارم

گدائے توام بے نیازم ز ہر کس
غلامِ توام زیں سبب تاجدارم

نمی ترسم اعظم ز اشرارِ عالم
کہ مدّاحِ سرکارِ عالی وقارم

❁

❋

کیا حسیں رات ہے، ساون کی جھڑی ہے ساقی
چاندنی آج صراحی میں ڈھلی ہے ساقی

ایک دو گھونٹ ہی دے دے ترے میخانے کی خیر
اور بھڑکا دے جو سینے میں دبی ہے ساقی

غیر سے آنکھ ملاتے مجھے شرم آتی ہے
تیرے ہوتے ہوئے کس شے کی کمی ہے ساقی

تو نہ ہوتا تو دو عالم میں اندھیرا ہوتا
روشنی تجھ سے دو عالم کو ملی ہے ساقی

کیوں ملائک نہ مجھے دیکھ کے سجدہ کرتے
میری صورت تری صورت پہ بنی ہے ساقی

ایک اعظم تھا جو اُس بزم میں باہوش رہا
ورنہ محفل میں کسے ہوش رہی ہے ساقی

❋

❁

یا رب دِلِ آوارہ کو جاؤں میں بہلانے کہاں
صحنِ چمن چھوٹا اگر ڈھونڈوں گا ویرانے کہاں

میخانے سے رغبت نہ تھی جنّت میں وہ وسعت نہ تھی
اُٹھ کر ترے در سے بھلا جاتے بھی دیوانے کہاں

اب ہم سے یوں ملتے ہیں وہ جیسے شناسائی نہ تھی
پہلی سی وہ باتیں کہاں پہلے سے یارانے کہاں

مانا کہ مرنے میں بھی کچھ جینے کی لذت ہے مگر
جینا اگر مشکل نہ ہو جلتے ہیں پروانے کہاں

یہ بھی غنیمت ہے بھری محفل میں فرماتے ہیں وہ
اس دَور میں اعظمؔ سے بھی ملتے ہیں دیوانے کہاں

❁

✿

آج پھر درد کی شدت ہے خدا خیر کرے
جوش پر پھر مری وحشت ہے خدا خیر کرے

پھر تری یاد نے چھیڑا مرے ارمانوں کو
پھر ترے ملنے کی حسرت ہے خدا خیر کرے

میری فریاد بھی سننے کی نہیں تاب جسے
ایسے بے درد سے الفت ہے خدا خیر کرے

خط مرا دیکھتے ہی کر دیا ٹکڑے ٹکڑے
یہ بگڑنے کی علامت ہے خدا خیر کرے

آخری وقت میں آئے تو لگے یوں کہنے
میرے اعظم کی یہ حالت ہے خدا خیر کرے

✿

✿

الٰہی کیوں نہیں سنتے وہ مجھ سے داستاں میری
پسند آئی نہیں شاید انھیں طرزِ فغاں میری

کچھ ایسی درد میں ڈوبی ہوئی ہے داستاں میری
جو سنتا ہے سمجھتا ہے کہ ہے یہ داستاں میری

نہ جانے کس کی چشمِ نرگسیں کا یہ تصوّر ہے
کہ بڑھتی جا رہی ہے سوزشِ دردِ نہاں میری

یہ کیا اُلجھن سی ہے یا رب یہ کیسا وقت آیا ہے
کہ اُن کا ذکر کرتے کرتے رُکتی ہے زباں میری

نہیں معلوم اعظمؔ کیا مصیبت آنے والی ہے
کہ دل کے ساتھ ہی جاتی رہی تاب و تواں میری

✿

دل چرا کر مرا اب آنکھ چراتے کیوں ہو
اپنے ناکام محبت کو ستاتے کیوں ہو
جانا ہوتا ہے تو پھر بزم میں آتے کیوں ہو
میرے ارمانوں کا یوں خون بہاتے کیوں ہو
بے سبب دل پہ مرے برق گراتے کیوں ہو
جس میں رہتے ہو اُسی گھر کو جلاتے کیوں ہو
مجھ کو ہے یاد ہر اک جور تمہارا اب تک
تم مگر میری وفاؤں کو بھلاتے کیوں ہو
میں وہ میکش ہوں جو آنکھوں سے پیا کرتا ہوں
جام دکھلا کے گنہگار بناتے کیوں ہو
میرے دم ہی سے تو ہے حسن کی دنیا روشن
رہنے دو رہنے دو یہ شمع بجھاتے کیوں ہو
داستاں عشق کی ہر ایک سے کہہ کر اعظم
نرخ اس جنسِ محبت کا گراتے کیوں ہو

٭

نگاہ ہی سے مجھے کچھ پلا کے چھوڑ دیا
خودی کے پُتلے کو بے خود بنا کے چھوڑ دیا
نہ اٹھ سکے گا قیامت تک خدا کی قسم
کہ جس کو تو نے نظر سے گرا کے چھوڑ دیا
ہماری آنکھوں نے ذرّے بھی چُن لیے اس کے
تمہارے جلوے نے جس کو جلا کے چھوڑ دیا
تری نگاہ کی سرمستیوں کا کیا کہنا
کہ مجھ غریب کو وحشی بنا کے چھوڑ دیا
فرشتے لے کے جہنم کو جا رہے تھے مگر
حضورؐ نے مجھے اُن سے چھڑا کے چھوڑ دیا
خدا کے واسطے اعظمؔ کو دَر سے دور نہ کر
کہے گی خلق کہ اپنا بنا کے چھوڑ دیا

٭

❋

کیوں ہم سے کنارا کر بیٹھے کیوں آنا جانا چھوڑ دیا
بیمارِ محبت کے دل پر کیوں برق گرانا چھوڑ دیا

جب تک کہ بگڑتے آپ رہے ہم آپ کو روز مناتے رہے
جب آپ نے رُوٹھنا چھوڑ دیا ہم نے بھی منانا چھوڑ دیا

جب غور سے سنتے آپ رہے ہم کہتے رہے افسانۂ دل
جب آپ نے سُننا چھوڑ دیا ہم نے بھی سنانا چھوڑ دیا

عادی تھے بہت ہم پینے کے عادت سی پڑی تھی پینے کی
ساقی نے جب آنکھیں دکھلا دیں سب پینا پلانا چھوڑ دیا

دل درد سے جلتا رہتا ہے اب مارے مارے پھرتے ہیں
جس روز سے اُس بُت نے ہم کو سینے سے لگانا چھوڑ دیا

نہ وہ لذتِ راز و نیاز رہی نہ وہ رونقِ سوز و ساز رہی
جس دن سے ہماری محفل میں اُس شوخ نے آنا چھوڑ دیا

ترے جور و جفا سے تنگ آ کر اب ہم نے بھی آخر اے اعظم
ہنس ہنس کے رُلانا سیکھ لیا رو رو کے منانا چھوڑ دیا

❋

شکوہ کسی سے کیا کریں بیدادِ یار کا
افسانہ کیا سنائیں دِل بے قرار کا

اے ہم نشیں نہ پوچھ کہ مدّت کے بعد آج
منہ دیکھنا نصیب ہُوا ہے بہار کا

بن بن کے اشک بہہ گئے ارمان ہائے دل
کام آگیا ہے رونا شبِ انتظار کا

بیگانۂ فراق سے یہ تذکرہ نہ چھیڑ
ہم دل جلوں سے پوچھ مزا انتظار کا

اعظمؔ جنوں نے چھین لیے ہوش بھی مرے
ہر اک سے پوچھتا ہوں پتہ کوئے یار کا

بُلا کے پاس کسی فتنہ گر نے لوٹ لیا
مریضِ درد کو خود چارہ گر نے لوٹ لیا

نہ پوچھ قصۂ شب ہائے انتظار نہ پوچھ
کسی حسین کی شام و سحر نے لوٹ لیا

کہاں مجال کہ پھر آرزوئے دید کریں
ہمیں تو آپ کی پہلی نظر نے لوٹ لیا

ہے پھر تلاش اُسی سنگِ در کی اے اعظم
ہمارے سجدوں کو جس سنگِ در نے لوٹ لیا

✿

ہزار ضبط پہ بھی رازِ دل چھپا نہ سکا
مٹایا لاکھ مگر داغِ دل مٹا نہ سکا

تمام رات تڑپتے گزار دی میں نے
مگر یہ ضبط کہ آنسو تلک بہا نہ سکا

جو تم بھی میری طرح بے قرار اگر ہوتے
تو یہ نہ کہتے کہ مجبور تھا میں "آ نہ سکا"

خیال تھا کہ تجھے دل کا راز داں کر لوں
مگر یہ اُجڑا ہوا گلستاں بسا نہ سکا

میں جانتا تھا کہ تم میرے بن نہیں سکتے
مگر یہ دل تری اُلفت سے باز آنہ سکا

سنا چکا ہوں تجھے دل کی واردات بہت
مگر ابھی تجھے پوری طرح سنا نہ سکا

ہے میرے پہلو میں وہ غم نصیب دلِ اعظم
جو تجھ سے تیری محبت کی داد پا نہ سکا

✿

✿

کس طرح کہوں کیا کہوں کیا دیکھ رہا ہوں

ہر حُسن کے پردے میں خدا دیکھ رہا ہوں

ہر شے میں اُسے جلوہ نما دیکھ رہا ہوں

ہر ذرّے میں اُس رُخ کی ضیا دیکھ رہا ہوں

حیران ہوں کس قسم کی یہ جلوہ گری ہے

ہے سب میں مگر سب سے جُدا دیکھ رہا ہوں

ناصح کی نظر میرے گنا ہوں پہ ہے لیکن

میں رحمتِ باری کی ادا دیکھ رہا ہوں

کس شوخ نے اُلٹا ہے نقابِ رخِ زیبا

کیوں وجد میں آج ارض و سما دیکھ رہا ہوں

دیکھ اے دلِ ناداں کسی دھوکے میں نہ آنا

بدلی ہوئی دُنیا کی ہوا دیکھ رہا ہوں

اعظم یہی تخلیقِ تمنّا کا سبب ہے

اُس حسن میں مَیں نورِ خدا دیکھ رہا ہوں

✿

جس میں نہ تیری یاد ہو وہ دل ایسا گھر نہیں
ایسا وہ کون ہے جسے تیری خبر نہیں

معشوق باوفا ہے تو معشوق ہی نہیں
وہ عشق کیا جو حاصلِ دردِ جگر نہیں

وہ سنگِ آستاں تو کجا راہِ شوق میں
سجدوں سے بے نیاز تری رہگذر نہیں

کیسی وفا کہاں کی جفا کیا ہے سوزِ عشق
اعظمؔ کو کیا خبر جسے اپنی خبر نہیں!

✻

دل وہی دل ہے جس میں تو یا تری آرزو رہے
قابلِ دید ہے وہ آنکھ جو محوِ جستجو رہے

اے جانِ کائنات دل ہے یہی مدّعائے دل
تیری نظر میں مَیں رہوں میری نظر میں تو رہے

تجھ کو یہ شوق ہے مرا جلوۂ حسن عام ہو
مجھ کو یہ فکر ہے ترے حسن کی آبرو رہے

اصلِ نماز ہے یہی رُوحِ نماز ہے یہی
میں ترے رُو برو رہوں تو میرے رُو برو رہے

اعظمؔ اسے نہ کیوں بھلا ہو اپنی زندگی پہ ناز
جس کی زباں پہ رات دن یار کی گفتگو رہے

✻

سر دے جو کسی کو وہی سرفراز ہے
ہو جائے جو کسی کا وہی بے نیاز ہے

دل میں خدا کی یاد ہے لب پر صنم کا نام
میری حقیقتوں میں بھی رنگِ مجاز ہے

زاہد نہ اپنے زہد و عبادت پہ فخر کر
ڈر اُس سے اُس کی ذات بڑی بے نیاز ہے

مسجد میں جا تو ہم تو چلے سوئے مے کدہ
وہ ہے تری نماز یہ میری نماز ہے

میں اپنی بے کسی پہ نہیں روتا اس لیے
بے بس ہوں میں اگر تو وہ بے کس نواز ہے

زاہد کو شوقِ جنتِ فردوس ہے مگر
اعظم کو تیرے کوچے میں رہنے پہ ناز ہے

✽

اب آ بھی جا کہ کئی دن سے بے قرار ہوں میں
اے جانِ جاں تری فرقت میں اشکبار ہوں میں
یقیں نہ آئے تو اک بار دیکھ لے آ کر!
ترے بغیر پریشان و سوگوار ہوں میں!
یہاں تک آ نہیں سکتا تو واں ہی بُلوا لے
خراب حال سہی پھر بھی تیرا یار ہوں میں
تجھے اگر مری پروا نہیں تو غم کیا ہے
مگر یہ بھول نہ جانا کہ جاں نثار ہوں میں

میں تجھ کو دل سے بھلا دوں یہ غیر ممکن ہے
ستم نصیب ہوں لیکن وفا شعار ہوں میں
تھا ایک دل وہ تجھے دے دیا مگر پھر بھی
نہ جانے کس طرح تری نظروں میں بے وقار ہوں میں
مٹا نہ مجھ کو جہاں سے کہ اے بُتِ کم سِن
تری حسین جفاؤں کی یادگار ہوں میں
خزاں کی نذر ہوئی جس کی ہر کلی اعظمؔ
اسی چمن کی خزاں سوختہ بہار ہوں میں

*

✿

غم ہائے دردِ عشق سنانے چلا ہوں میں
روٹھا ہے یار مجھ سے منانے چلا ہوں میں

یہ بھی کرم ہے اُن کا جو بزم بادہ دیکھ کر
کہنے لگے کسی کو بسانے چلا ہوں میں

اب پھر جبینِ شوق کے سجدے ہیں بیقرار
در پر کسی کے سجدے لٹانے چلا ہوں میں

ساقی کے در پہ کی ہے جبیں سائی عمر بھر
اپنی جبیں خدا کو دکھانے چلا ہوں میں

اعظمؔ نہ پوچھ کس کی تمنا لیے ہوئے
کس آستاں پہ سر کو جھکانے چلا ہوں میں

✿

✿

محبّت بڑھتی جاتی ہے وہ جتنا دل دُکھاتے ہیں
بُھلا کر بھی یہ دیکھا ہے کہ اکثر یاد آتے ہیں

یہ کیا دستورِ اُلفت ہے یہ کیا رسمِ محبّت ہے
میں جتنا پاس آتا ہوں وہ اتنے دور جاتے ہیں

محبّت میں اک ایسا وقت بھی انساں پہ آتا ہے
کہ آہیں ہی نکلتی ہیں نہ نالے لب پہ آتے ہیں

یہ کس کوچے میں لے آیا ہے اے دل کھینچ کر مجھ کو
کہ دم گھٹنے لگا ہے اور پاؤں ڈگمگاتے ہیں

چھپا ہے جب سے میرا چاند اعظم میری نظروں سے
مری ناکام اُمیدوں پہ تارے مسکراتے ہیں

✿

✽

اُن کی بے اعتنائیاں توبہ
اور اِدھر یہ دہائیاں توبہ
اُن کا ہر ہر قدم قیامت ہے
ہائے یہ فتنہ زائیاں توبہ
اس قدر بے رخی غریبوں سے
اس قدر خود ستائیاں توبہ
روز مِلنا رقیب سے جا کر
ہم سے اتنی صفائیاں توبہ
کسی دشمن نے دل لگی کی ہے
ورنہ تیری برائیاں توبہ
زندگی تلخ ہو گئی اعظم
اتنی لمبی جدائیاں توبہ

✽

دوسرا کوئی تجھ کو کیا جانے
تجھ کو جانے تو بس خدا جانے

ہم ترے بندے ہیں خدا جانے
تو خدا جانے ہم کو کیا جانے

شاہ بن جاؤں میں اگر مجھکو
اپنے کوچے کا تو گدا جانے

میں اُسے اپنا مہرباں سمجھوں
جو مجھے اپنا آشنا جانے

جس نے ہے دردِ دل دیا مجھ کو
وہ مرے درد کی دوا جانے

منزلیں دیکھتا ہے جو سالک
مست کو کیا خبر وہ کیا جانے

جو مزے لوٹتا ہے یہ اعظم
زاہدا وہ تری بلا جانے

❀

اس انداز سے اپنا جلوہ دکھادے
کہ گویا قیامت کا منظر دکھادے
بنا کر مٹا یا مٹا کر بنادے
ترے ہاتھ میں ہوں جو چاہے بنادے
نہ لوٹیں گے ہم بے پیئے میکدے سے
تری خیر ساقی ہمیں بھی پلادے
ہر ایک دو جام سے کیا بنے گا
کوئی خُمِ اعظم مرے منہ لگادے
قدم کوچۂ عشق میں ہے جو رکھنا
تو پہلے متاعِ دل و جاں لٹادے
صنم تیری شانِ تغافل کے صدقے
بڑے شوق سے میری ہستی مٹادے
میں اس شیخِ کامل کا بندہ ہوں اعظمؔ
جو آنکھیں ملا کر خدا سے ملادے

❀

✿

آئے تو دل میں آگ لگا کر چلے گئے
آنکھوں کی پیاس اور بڑھا کر چلے گئے
مدت کی آرزوئیں مٹا کر چلے گئے
دل کو رہینِ درد بنا کر چلے گئے
مستی بھری نگاہ ملا کر چلے گئے
دو چار خُم شراب لٹا کر چلے گئے
اُن کو تو میری گریہ وزاری پسند ہے
جب دل لگی پہ آئے رُلا کر چلے گئے
کم کیوں ہو میری سوزشِ دل بعد مرگ بھی
مرقد پہ اک چراغ جلا کر چلے گئے
اک میں ہی تشنہ کام رہا تیری بزم میں
سب اپنی اپنی پیاس بجھا کر چلے گئے
اعظم میں اپنا اور دُکھاتا ہی رہ گیا
وہ مسکرا کے ہاتھ چھڑا کر چلے گئے

✿

✿

افکار ہی بدلیں تو بدلیں ایمان بدلنا مشکل ہے
تفسیر بدلنا سہل سہی قرآن بدلنا مشکل ہے

کونین کے ذرّے ذرّے کی تقدیر بدلنا آساں ہے
لیکن تیرے میخواروں کا فرمان بدلنا مشکل ہے

دنیا میں اگرچہ ہر شے کی تقدیر بدلتی رہتی ہے
عشّاق کی سرگردانی کا اے جان بدلنا مشکل ہے

اعظم ہر شام و سحر بدلے رفتارِ مہ و انجم بدلے
لیکن ان عشق کے ماروں کا ایمان بدلنا مشکل ہے

✿

❀

آئیں وہ بے حجاب مشکل ہے
میرے گھر آفتاب مشکل ہے

طور کیا دو جہاں لانہ سکیں
اُن کے جلوے کی تاب مشکل ہے

یہ عنایت ہمیں پہ ہے ورنہ
وہ ملیں بے نقاب مشکل ہے

تجھ سے مِل کر بھی دردمندوں کا
دور ہو اضطراب مشکل ہے

حشر کے دن مرے گناہوں کا
ہو سکے گا حساب مشکل ہے

مدح خوانِ حضورؐ ہیں اعظمؔ
ہم پہ اُس کا عذاب مشکل ہے

❀

✿

امید و یاس کی دُکاں سجائے بیٹھے ہیں
حیات و موت کی بازی لگائے بیٹھے ہیں
وہ نقشِ پا ہیں کہ اُٹھنا محال ہے جن کا
یہ درد مند کسی کے بٹھائے بیٹھے ہیں
اِدھر بھی دیکھ کہ مدّت سے تیری چوکھٹ پر
بساطِ عشق و محبت بچھائے بیٹھے ہیں
تو ڈھونڈ عقل کی معراب دیکھ ادھر ہم بھی
جنوں کے ساز کی مضرابیں بلائے بیٹھے ہیں
ستم کشانِ محبت کو کچھ تو ہو ارشاد
ملا تھا آپ کا پیغام آئے بیٹھے ہیں
ہے چشمِ حسن کی رسوائیوں کا ڈر اعظم
وگرنہ دل میں بہت کچھ دبائے بیٹھے ہیں

✿

فروری ۱۹۴۶ء میں

(تحریکِ سول نافرمانی کے موقع پر لکھی گئی)

شہادتوں کے سندیسے سُنائے جاتے ہیں
حسین ابنِ علیؓ یاد آئے جاتے ہیں
سکوتِ بحر میں طوفان جیسے آتا ہے
کچھ اس طرح سے قدم ہم بڑھائے جاتے ہیں
خدا گواہ ہے مومن کے عزمِ زندہ سے
زمین و لوح و قلم تھرتھرائے جاتے ہیں
لرز رہا ہے نظامِ جہانِ فرسودہ
نئے نظام کے آثار پائے جاتے ہیں
الم ہیں غم ہیں ستم ہیں تو کیا ہوا اعظم
یہ گیت وہ ہیں جو ہنس ہنس کے گائے جاتے ہیں

ترانہ

ملّت کے نگہباں ترا اللہ مددگار
اے حق کے پرستار

تو دشمنِ ایماں کے لیے زہر کا اک جام
تو امن پرستوں کے لیے صلح کا پیغام
تو برقِ جہاں سوز ہے تو ابرِ گہربار
اے حق کے پرستار

تابندہ ترے عزم سے تقدیرِ وطن ہے
پائندہ ترے نام سے توقیرِ وطن ہے
اور اس کی حفاظت کی ضمانت ترا کردار
اے حق کے پرستار

اُس شمعِ شجاعت کو بجھائے گا کوئی کیا
اُس فوج کو دُنیا سے مٹائے گا کوئی کیا
جس فوج کا سالار ہو عباسِ علمدار
اے حق کے پرستار

دشمن کو سہارا ہے اگر تیغ و سناں کا
تجھ کو بھی سہارا ہے شہِ کون و مکاں کا
کیا تجھ سے لڑے گا کوئی شیطاں کا طرفدار
اے حق کے پرستار

دعا

جسے جو چاہیے اے کبریا دے
مجھے بس الفتِ خیر الوریٰ دے

جگر کو سوز دے دل کو تڑپ دے
نظر کو تابِ دیدِ مصطفےٰ دے

اسیرِ لالہ و گُل ہو گئے ہیں
خرد مندوں کو کچھ اپنا پتا دے

عطا کر مجھ کو وہ عرفان و مستی
جو مجھ کو مجھ سے بیگانہ بنا دے

جبیں سا ہیں جہاں شاہانِ عالم
مجھے بھی وہ درِ اقدس دکھا دے

رہے عکسِ جمالِ یار جس میں
مرے دل کو وہ آئینہ بنا دے

جب اعظمؔ ہر جگہ موجود ہے وہ
کوئی اُس کا پتہ دے بھی تو کیا دے

اپنا دیس

(اپنی بولی)

✿

اج ماہی میرا عرشاں تے معراج مناون چلّیا اے
اِس سُتّی ہوئی امّت دی قسمت نوں جگاون چلّیا اے

اللہ نوں اپنی امّت دے دُکھ درد سناون چلّیا اے
نالے ویندے ہیلے عرشیاں نوں دیدار کراون چلّیا اے

اوہ محرم راز حقیقت دا سر پہن کے تاج شفاعت دا
اج راتو راتیں بن ٹھن کے امت بخشاون چلّیا اے

اٹھو او خوش قسمت بیمارو سنو او خوش بخت گنہگارو
محبوب خدا بدکاراں دی بگڑی نوں بناون چلّیا اے

اوتھے طور دے اُتّے موسیٰ نوں سی حکم نعلین اتارن دا
ایتھے جوڑیاں نال حبیب ساڈا اج عرش سجاون چلّیا اے

جتھوں لوکی خاکی آکھدے سن جتھوں اپنے ورگا جان محسن
اوہ خاکی ویکھو نوریاں نوں اج سبق پڑھاون چلّیا اے

اعظمؔ معراج بہانہ اے در اصل اوہ والی عرشاں دا
دو نہہ نوراں نوں اک جا کر کے اج دوئی مٹاون چلّیا اے

✿

✽

کونین دی ہر چیز دے سامان محمدؐ ہن   توحید دے مضمون دے عنوان محمدؐ ہن
لوکی کہن اساڈے جیہے انسان محمدؐ ہن

اللہ دے خزانے اوہ جیہڑیں چاہن لٹاون   جو چاہن جنھوں چاہن جناں چاہن ملاون
سچ پچھو تے کونین دے سلطان محمدؐ ہن

اوہ چاہن تے سورج نوں پچھاں موڑ لیاون   جے موج تے آجان تے چن توڑ دکھاون
خالق دی ہر اک شئے تے حکمران محمدؐ ہن

رحمت کنوں اک پیارے نوں طوفاں تھیں بچایا   اک یار نوں نمرود دی آتش توں بچایا
مخلوق دے ہر درد دے درمان محمدؐ ہن

اعظمؔ جے نہ دل وچ ہوئے سرکار دی الفت   منظور ریاضت نہ تے مقبول عبادت
ایمان تے اعمال دی بس جان محمدؐ ہن

✽

کوئی تیں جیہا نظریں آوے تے ویکھاں
کوئی دوسرا دل نوں بھاوے تے ویکھاں
کوئی سُورج اُلٹا پھراوے تے ویکھاں
تے سڑیاں کھجوراں اگاوے تے ویکھاں
جویں کول سرکار نوں ربّ بُلایا
کسے ہور نوں بھی بُلاوے تے ویکھاں
کوئی اوس لجپال سرکار وانگوں
مَیں بدکار نوں سینے لاوے تے ویکھاں
یتیماں دا والی غریباں دا حامی
محمدؐ جیہا کوئی آوے تے ویکھاں
حسینؑ ابنِ حیدرؓ دے وانگوں جے اعظمؔ
کوئی اپنے بچڑے کہاوے تے ویکھاں

سارے جگ توں نرالیاں وسدیاں نے عربی سرکار دیاں گلیاں
کوہ طور تائیں شرمندہ کرن خالق دے یار دیاں گلیاں

اوہدے جلوے خاک نوں نور کرن ذرے ذرے نوں بھر پور کرن
بھلا جنت کدہ منظور کرن جتھاں ڈٹھیاں یار دیاں گلیاں

پچھ جبرائیل امین کولوں پچھ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ کولوں
چنگیاں نے عرش بریں کولوں مدنی دلدار دیاں گلیاں

میری آس پجا دے یا مولا سُتے نیکھ جگا دے یا مولا
اک وار دکھا دے یا مولا سوہنی سرکار دیاں گلیاں

اعظم کیہہ سانوں دسنائیں، کیوں دل پیا ساڈا کھسنائیں
سانوں کیہڑا کعبہ دسنائیں ساڈا کعبہ یار دیاں گلیاں

✵

بلا کے کول دل مسرور کر دے ۔ جدائی دی مصیبت دور کر دے

میں صدقے تیرے نوری مکھڑے توں ۔ مرا بھی سینہ نور و نور کر دے

توں اپنی کالیاں زلفاں دا صدقہ ۔ سیاہی میرے دل دی دور کر دے

پیاسے دید دے متانیاں نوں ۔ ملا کے اکھیاں مخمور کر دے

خدا دے واسطے اعظم نوں اپنی
محبت دے نشے وچ چور کر دے

✵

ڈُھکاں دو جگ دے وِچ ڈُھکیاں نے مکی مدنی سرداردیاں
تھاں تھاں تے صفتاں ہون پیاں اس خالق دے دلداریاں

جنت اوں ملک اسماناں توں میں صدقے اُسدیاں شاناں توں
پچھّو کربل دے مہماناں توں شاناں ساڈی سرکاردیاں

ویکھو کیڈا شان ودھایا اے محبوب نوں کول بلایا اے
ایہہ بھید کسے نہ پایا اے کیہہ گلاں ہوئیاں پیار دیاں

تیرا نام لیاں بُت سجدہ کرن تیرے خادم مردے زندہ کرن
چن سُورج نوں شرمندہ کرن چمکاں تیرے رخسار دیاں

اعظم جے کرم حضورؐ کرن میں کوہجی نوں منظور کرن
نہ در توں اپنے دُور کرن میں منگتی اُس دربار دیاں

✵

ایہہ خواہش ہے مدّت دی دربار ویکھاں
مدینے دی گلیاں تے بازار ویکھاں

خدا جے وکھاوے مدینے دی بستی
تے ساری خدائی دا مختار ویکھاں

جے اسمان دل کوئی ویکھے قمر نوں
تے میں اپنے آقا دے رخسار ویکھاں

خدا نے عطا کیتا اوہ حسن تینوں
نہ رجاں کدی بھاویں لکھ وار ویکھاں

مرے سارے دُکھ دور ہو جان اعظم
جے اکھیاں دے نال اپنا غم خوار ویکھاں

رُتبہ کراں بیان کی اس بے مثال دا
ثانی نہ کوئی آمنہ رضی اللہ عنہا دے لال دا

روندے ہوئے یتیماں نوں گل نوں والیا
واقف نہ کوئی بن تیرے دُکھیاندے حال دا

ایہہ خدا ہی اوس نور دی تعریف کیہہ کرے
مداحِ کبریا جہدے حسن و جمال دا

صدقے ہزار وار ہووے چن اوس توں
چہرہ جے ویکھ لئے مرے بدر کمال دا

اعظم کراں تے کیہہ کراں تعریفِ مصطفیٰ ﷺ
پرواز اوتھوں تیک نہیں میرے خیال دا

✿

جس گھڑی عرش تے حضرت دی سواری آئی
بولے جبریلؑ اٹھو رحمت باری آئی
تیرے دربار تے پہنچے نے نصیباں والے
میری سرکار اجے میری نہ واری آئی
اوہدی تقدیر تے قسمت دا ٹھکانا کیہ اے
خواب وچ جس نوں نظر شکل اوہ پیاری آئی
میں ایہہ دیاتا میری سرکار دے کھل گئے گیسو
مہک دی ہوئی جدوں بادِ بہاری آئی
آپ آویں نہ کدی کوئی سنہڑا گھلیں!
کس مصیبت دے وچ ایہہ جان بچاری آئی
اعظمؔ اس سرورِ عالم دا وچھوڑا توبہ
جیہڑی رات آئی مری جان تے بھاری آئی

✿

ماہی مدینے والا جگ سارا جاندا
اکھیاں دی ٹھنڈ نالے چین ساڈی جاندا

تیرے مونہوں گل جیہڑی نکلے اوہ تیرا لے
رتبہ نہ ڈِٹھا ایڈا کسے انسان دا
جیہڑا لوں اشارا کریں اوہو تقدیر اے
اکھیاں دی ٹھنڈ نالے چین ساڈی جاندا

تیرے بناں رب دی پچھان کدی ہووے نہ
جیہنوں توں پچھانیں رب اوسے نوں پچھاندا
تیرے بناں رب مہربان کدی ہووے نہ
اکھیاں دی ٹھنڈ نالے چین ساڈی جاندا

رب نے لولاک والا تاج تینوں بخشیا
پیدا کوئی ہویا اے نہ ہوسی تیری شان دا
راج تینوں بخشیا معراج تینوں بخشیا
اکھیاں دی ٹھنڈ نالے چین ساڈی جاندا

اساں گنہگاراں لئی جند جان وار دتی
کیوں نہ اعظم آکھاں اوہنوں مان جہاندا
فاقیاں دے وچ ساری عمر گذار دتی
اکھیاں دی ٹھنڈ نالے چین ساڈی جاندا

✿

در چھڈ کے احمدؐ مرسل دا کسے ہور دوارے جایئے کیوں
دو جگ دی رحمت کیوں چھڈیئے در در دیاں جھڑکاں کھایئے کیوں

جیہڑا یار صدیقؓ عمرؓ دا اے جیہڑا یار عثمانؓ حیدرؓ دا اے
جے اوہ یار خدا دا مل جاوے کسے ہور نوں یار بنایئے کیوں

اوہو مونس غم دے ماریاں دا محرم عاصی بے چاریاں دا
اُس رحمتِ عالمؐ دے ہندیاں اسیں دوزخ دا غم کھایئے کیوں

کتے ملیں تے درد سنا دیئے دل چیر کے آپ دکھا دیئے
غیراں اگے دکھڑے پھولئے کیوں نالے دل دے زخم وکھایئے کیوں

اسیں اعظم وڈڑے بول دے نہیں ایہہ راز محبت کھول دے نہیں
جے دل دا محرم مل جاوے اسیں دل دے راز چھپایئے کیوں

✿

✽

خدادی خدائی دا سلطان آیا
دو عالم دی بخشش دا ساماں آیا
خدائی دا داتا تے خالق دا بندہ
اوہ اَج بن کے بے مثل انسان آیا
ایہو ہے اوہ محبوب ربّ دو عالم
جہدی شان وِچ سارا قرآن آیا
اوہ نورِ حقیقت اوہ شمع ہدایت
اوہ گمراہاں نوں راہ وِکھلان آیا
غریباں دے ٹُٹیاں ولاندا سہارا
تے دُکھیاں دا بن کے نگہبان آیا
اوہ عظمت فقط ساڈا ہم جنس بن کے
سبق آدمیت دا سِکھلان آیا

✽

✻

آزار خدا دیوے تے آزار محمّد دا
بیمار خدا رکھے تے بیمار محمّد دا

ایماں وِچ نہیں جان تے ایمان اوہ کاہدا
انسان اوہ کیہ جس نوں نہیں پیار محمّد دا

زاہد تری جنّت دا طلب گار نہیں میں
کافی اے گنہگاراں نوں دربار محمّد دا

دل صدقے کراں جان نُوں قدماں اتوں واراں
اک وار کدی ہو جے جے دیدار محمّد دا

دن ٹرٹ فدیاں گزرے تے راتیں نیند نہ آوے
دل ہو گیا اے جس دن توں گرفتار محمّد دا

کیوں اپنے مقدّر نوں بُرا آکھاں میں اعظمؔ
میں جو بھی ہاں پر ہاں تے گنہگار محمّد دا

✻

میری خطاواں ول نہ جا اپنی عطا دی لاج رکھ
اپنی نوازشاں نوں ویکھ اپنی وفا دی لاج رکھ

اپنیاں دُشمناں نوں وی سینے لگوں ولیا
میری بُرائیاں نہ ویکھ اپنے گدا دی لاج رکھ

میری سیاہ کاریاں حد توں گذر گیاں حضورؐ
اپنیاں رحمتاں نوں ویکھ اس بے نوا دی لاج رکھ

کر دے آسان مشکلاں مشکل کشا دا واسطہ!
دین دُنی دے والیا مشکل کشا دی لاج رکھ

اعظمِ رُو سیاہ دا دردی ترے بغیر کون
لج پال بشان والیا ایس گدا دی لاج رکھ

جیہڑے محرم راز حقیقت دے اوہ راز حقیقت کھولدے نہیں
اوہ بول پئے جنہاں ویکھیا نہیں جنہاں ویکھ لیا اوہ بولدے نہیں

مکھ نوری برقعہ خاکی اے وچوں ساری شان لولاکی اے
قربان پچھانن والیاں توں گل جان گئے گل کھولدے نہیں

جیہڑے عاشق ذات حقیقی دے کدوں تھاں تھاں سجدے کردے نے
پھل پیراں ہیٹھ لتاڑدے نہیں موتی مٹی دے وچ رولدے نہیں

لوکی کرن زیارت روضے دی سانوں حسرت روضے والے دی
جیہڑے رہن والے گلزاراں دے اوہ جنگل بیلے ٹولدے نہیں

کیہ پچھنا ایں دیداں والیاں دی اکھ نہیں لگدی لب نہیں کھلدے
اوہ نال اشاریاں گل کردے مرجاندے موہنوں بولدے نہیں

انمول خزانہ ہنجواں دا اینویں اعظمؔ نہ برباد کریں
جنہاں چکیا بھار امانت دا اوہ وانگ حسینؑ دے ڈولدے نہیں

✿

گئی جان فراقوں جل وے ۔ تیڑی دیا والیا
کوئی سکھ سنہڑا گھل وے ۔ تیڑی دیا والیا

یاد سجن دی پئی تڑپاوے — ہت وچھوڑا جان جلاوے
ماہی آوندا نظر نہ آوے — میں تے مار مکائی ایسے سل وے ۔ تیڑی دیا والیا

کون کوئی سمجھاوے مینوں — جنت مول نہ بھاوے مینوں
جے ماہی مل جاوے مینوں — اگ لاواں رنگ محل وے ۔ تیڑی دیا والیا

چڑھ سولی کسے جلوہ پایا — سر دے کے کسے یار منایا
چھاویچ پے کسے شوہ نوں پایا — کسے بتّی لہائی کھل وے ۔ تیڑی دیا والیا

روضہ ویکھن کرماں والے! — یا دیدار کرن زر والے!
میں روواں جد قافلے والے — ٹر پئے مدینے ول وے ۔ تیڑی دیا والیا

موت نقارہ آن وجایا — میرا وقت اخیری آیا
موت آئی پر یار نہ آیا! — کوئی نہیں سن دا میری گل وے ۔ تیڑی دیا والیا

اعظم جے روضے تے جاواں — جالی اکھیاں نال لگاواں
رو رو اپنا حال سناواں — آکھاں ہن تے کر کوئی گل وے ۔ تیڑی دیا والیا

✿

✿

سانوں کول بُلا کے تیج وے۔ کملی دیا سوہنیا
تیری دید غریباں دا حج وے۔ کملی دیا سوہنیا

یار نوں رات نوں بُلایا — نال پیار دے کول بٹھایا
ملکاں راگ توحید دا گایا — حوراں خوشیاں کریاں اج وے
کملی دیا سوہنیا

کیوں نہ ماہی مکھ دکھادیں — کیوں ترسدی تے ترس نہ کھادیں
کرم کماویں جے کدی آدیں — تینوں ویکھ لواں رج رج وے
کملی دیا سوہنیا

فائدہ پڑھن پڑھان دا کوئی نہ — مطلب مغز کھپان دا کوئی نہ
حاصل عمر گوان دا کوئی نہ — سکھ یار منان دا حج وے
کملی دیا سوہنیا

اعظم جیہا گنہگار نہ کوئی — تیں جیہا بخشنہار نہ کوئی
حضور جیہا غمخوار نہ کوئی — جہدے ہتھ اساڈی لج وے
کملی دیا سوہنیا

✿

✵

اُس نگری نوں کوہ طُور آکھو جہدے وِچ سجناں دا پھیرا اے
اوہ دل بھی عرشِ معلّٰی اے جیہڑے دل وِچ یار دا ڈیرا اے

تُساں ساہنوں مکھ وکھلاونا نہیں اساں دیدناں ایتھوں جاونا نہیں
اساں نت نت جگ تے آونا نہیں ساڈا جوگیاں والا پھیرا اے

جیہڑے عشق ترے نے چُور کیتے ترے نیناں نے مخمور کیتے
اونھاں دل دنیا توں دُور کیتے اونھاں بھُل گیا میرا تیرا اے

نہ علماں وِچ پیا ساہنوں کوئی یار دی گل سُنا ساہنوں
اوتھے علم دا سِکّہ نہیں چلدا جتھے عشق ہُراں دا ڈیرا اے

میری آس اُمید دی دُنیا وِچ تیری یاد دا دیوا بلدا اے
اے مجبوراں دیا مجبوبا ایہہ سارا ای چانن تیرا اے

چل اعظمؔ اوتھے چل وسیئے جتھے یار دا آونا جانا اے
اُس لبتی دے وِچ رہنا کیہ جتھے سجناں باہجھ ہنیرا اے

✵

سلام

بحضور خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم

سلام اُس تے جیہڑا خالق دا بندہ بن کے آیا اے
سلام اُس تے جیہڑا دو جگ دا مولا بن کے آیا اے
سلام اس تے جیہڑا رحمت مجسم بن کے آیا اے
سلام اس تے جیہڑا ناموسِ آدم بن کے آیا اے
سلام اُس تے جیہڑا انسان کامل بن کے آیا اے
سلام اس تے جیہڑا کونین دا دِل بن کے آیا اے
سلام اُس تے جو ناداراں دا چارا بن کے آیا اے
غریباں ناتواں دا سہارا بن کے آیا اے

درود اس تے جہدا اخلاق وِچ کوئی نہ ثانی اے
درود اس تے جہدی بندہ نوازی غیر فانی اے
درود اس تے جہدے اُتے اخوت ناز کردی اے
محبت فخر کردی اے تے شفقت ناز کردی اے
درود اس تے امامت تے ولایت جس دے گھر دی اے
قیادت جس دی لونڈی اے حکومت جس دی بردی اے
درود اُس تے جنھے نقشہ بدل دتا زمانے دا
مرض پہچان لئی منشا سمجھ لتا زمانے دا

✿

عرب اُتے جہالت دی سیہ راتاں دا پہرہ سی
عرب دی سرزمیں ظلم و شقاوت دا کٹہرہ سی
زمانے بھر تے کفر و شرک دی چھائی سیاہی سی
خطاکاراں دی دنیا تے خطا کاری دی شاہی سی
بداندیشاں دے ہتھ وچ عصمتاں دی پاسبانی سی
ہوس دے بندیاں دی چارپاسے حکمرانی سی

✿

حیا سوزی دے توبہ ادہ نمونے دیکھے جاندے سن
کہ عرشاں دے فرشتے انگلیاں منہ وچ چباندے سن
درود اس تے جنھے پھر آ کے غیرت زندہ کر دتی
کئی صدیاں دی مُردہ آدمیت زندہ کر دتی
پڑھا دِتا سبق دنیا نوں غیرت دا شرافت دا
بچا دِتا جہنم توں وکھایا راہ جنت دا
میں اعظم کیوں نہ اس نوں مالکِ دنیا و دیں آکھاں
حقیقت ہے کہ اس نوں رحمۃ اللعالمین آکھاں

ذکرِ حسینؑ

کی دساں وچ شہیداں دے کڈی اُچی ذات شبیرؑ دی اے
جہدی شان بیان قرآن کرے اوہ شان زینبؑ دے ویر دی اے

جہدے سر دستار امامت دی جہدے متھے لاٹ رسالت دی
جہدے ہتھ وچ کنجی جنت دی مینوں حاجت اوسے پیر دی اے

کہندی زینبؑ آ اک وار ویرا جاندی واری کراں پیار ویرا
مری سُن لے حال پکار ویرا ایہہ میری طلب اخیر دی اے

آکھے رباب کیہہ دھاڑ گئی میرا وَسدا باغ اُجاڑ گئی
مینوں جیوندیاں سُولی چاہڑ گئی چلی ایسی تیغ بے پیر دی اے

جہڑا کعبہ دوہاں جہاناں دا غوثاں قطباں ابدالاں دا
اعظم بھی اوہدے در دا گدا جہنوں لاج غریب امیر دی اے

✻

جیہڑا اوہ منہ نیناں دا پھٹیا نہیں، اوہ رازِ محبت کیہ جانے
جیہڑا یار اپنے توں وچھڑیا نہیں اوہ دَرد دی لذت کیہ جانے

دِتے سبھے رشتے توڑا اساں، لیا دل نوں اک نال جوڑا اساں
جنھوں اک دی نہیں پہچان ہوئی اوہ وحدت کثرت کیہ جانے

رہی ہوش نہ صوم صلوٰتاں دی رہی سُرت نہ ذات صفاتاں دی
جنھوں اک دے ذکر تھیں فرصت نہیں اوہ ہور عبادت کیہ جانے

کیہہ رونا لبے درداں اگے جانے سولیا ای جس تن لگے!
جنھے آپ مصیبت نہیں ویکھی اوہ میری مصیبت کیہہ جانے

نیئوں حرص حکومت دولت دی تینوں خواہش شان تے شوکت دی
جدھے سر تے عشق سوار ہویا اوہ شان تے شوکت کیہہ جانے

ڈر دوزخ دا بدکاراں نوں جا جنت نیکوکاراں لوئی
جیہڑا قیدی تیریاں زلفاں دا اوہ دوزخ جنت کیہہ جانے

اعظم جیہڑا جان نثار ہووے اوہو الیس کمندروں پار ہووے
جنھوں جان پیاری یار کولوں، اوہ عشق دی قیمت کیہہ جانے

✻

✲

سیتو دیہو مبارک مینوں مرا ماہی مرے گھر آیا
اُس قدم مبارک پا کے مرا اُجڑیا دیس وسایا

میں واری سَو سَو واری آئی ماہی دی اسواری
میں صدقے او نھیں راہیں جیہڑے راہیں ماہی آیا

اسیں بُھل گئے ذات صفاتاں۔ اسیں بُھل گئے صوم صلوتاں
پر نہیں بُھلنا اوہ سانوں جیہڑا عشق نے سبق پڑھایا

چھڈ تھاں تھاں جانا اُونا، چھڈ تھاں تھاں سیس نِوونا
چل اوسے دَر تے ڈِگ گئے، جتھوں خالی کوئی نہ آیا

اعظم اوہدے دَر دا بردا نالے نام لیوا اوہدے گھر دا
کونین دا مالک جس نوں خود خالق نے فرمایا

✲

❋

او بے پرواہا محبوبا پردے تھیں باہر آ اڑیا !
اینہاں گھردیاں باندیاں بردیاں توں نہ اپنا آپ لکا اڑیا

کِتے تھاں تھاں وِچ پیا وسنائیں کِتے پتہ نشان نہ دسنائیں
کِتے رونائیں کِتے ہسنائیں بیٹھوں اپنا آپ چھپا اڑیا

کِتے عابد کِتے معبود ہیں توں کِتے عدم کِتے موجود ہیں توں
آپے جان تے آپے جود ہیں توں نویں ہر تھاں بھیس وٹا اڑیا

آپے فانی آپے باقی ایں آپے میکش آپے ساقی ایں
آپے عجمی آپے عراقی ایں، لا دیں ہر تھاں دکھرا دا اڑیا

اعظم ایہہ گل فضول نہیں، کوئی اس بن دُوجا مُول نہیں
ایس گل نوں دینا طول نہیں، نہیں تے کھریاں وہاں اسنا اڑیا

❋

✲

جان میں توں جان میری آجا میرے جانیاں

تیرے بناں روندیاں نے اکھیاں نمانیاں

ساڈی تقدیر وچ سُکھ تے آرام کتھے   اکھیاندے ڈنگیاں دی صبح کتھے شام کتھے

عشق دیاں ماریاں نہ کدی موجاں مانیاں

تیرے بناں روندیاں نے اکھیاں نمانیاں

تساں تے ایہہ لکھ دِتا اسیں اجے آیئے کویں   سانوں وی تے دسّو اسیں وقت لنگھائیے کیویں

ویکھنی آں راہ تیرے آجا میرے ہانیاں

تیرے بناں روندیاں نے اکھیاں نمانیاں

حسن دے بازار وچ دِلا بھُل جاویں نہ   سوہنیاں نوں ویکھ کے تے اینویں ڈُل جاویں نہ

لانیاں آسان اعظم اوکھیاں نبھانیاں

تیرے بناں روندیاں نے اکھیاں نمانیاں

✲

عاشقاں دا ایمان توں تیری مثل نہ کوئی
دردمنداں دی جان توں تیری مثل نہ کوئی

تیرے آون دی خبر جو آئی
پے گئی عالم وچ دُہائی
سب داماں تراں توں
تیری مثل نہ کوئی

مجرم عاصی بدکاراں دے
میرے ورگے ناداراں دے
ہر دکھ دا درماں توں
تیری مثل نہ کوئی

تیرے ہتھ خزانے ربّ دے
سب نوں تیرے ہتھوں لبھدے
دو جگ دا سلطان توں
تیری مثل نہ کوئی

نورِ مجسم، رحمتِ عالم
نائبِ خالق ہادیٔ اعظم
عالم علمِ قرآن توں
تیری مثل نہ کوئی

کافی

کیا کانٹا کیہ پھُول اے
ہر صورت مقبول اے

گُل بستیاں اندر ویکھے
عیر نہ دِستیا مُول اے

صوفی مست قلندر ویکھے
ہر صورت مقبُول اے

اپنے نام دی چرچا کردی
ساڈا مذہب اصول اے

آپے اپنی پُوجا کردی
ہر صورت مقبُول اے

اپنے من وچ جھاتی پالے!
باہروں بھال فضول اے

اپنے آپ نوں بھول بھلالے
ہر صورت مقبول اے

ایہو ظاہر ایہو باطن!
ظاہر شکل رسُول اے

اعظم ایہو عرش دا ساکن
ہر صورت مقبُول اے

کافی

ہے کوئی جے میرا درد ونڈاوے
جاندے یار نوں موڑ لیاوے

منتاں کیتیاں ترلے لیتے
ہتھ بنھ بنھ کے سجدے کیتے
پر ماہی نوں ترس نہ آوے
جاندے یار نوں موڑ لیاوے

اوگن ویکھ کے رُس گیا ماہی
پا گیا میں گل غم دی پھاہی
دل پیا خون دے نیر وگاوے
جاندے یار نوں موڑ لیاوے

لمّی رات جدائی والی
شاں شاں کردی نالے کالی
ماہی باجوں کہاں نوں آوے
جاندے یار نوں موڑ لیاوے

اعظم روندیاں عمر گذاری
نیڑے نیڑے کوچ تیاری
ویکھاں کد رب یار ملاوے
جاندے یار نوں موڑ لیاوے

❋

عشق والا جادو آپے گل پالیا
چنگی بھلی جندڑی نوں روگ لالیا

دلا تینوں آکھیا سی نین کتے لاویں نہ
ہنجواں دے موتیاں نوں روہڑ گواویں نہ
سیے درداں دے سنگ پیار پالیا
چنگی بھلی جندڑی نوں روگ لالیا

تیرا کیہہ قصور میری اینویں تقدیر سی
میریاں مقدراں نوں بیٹی ایہہ زنجیر سی
ہس کے مصیبتاں نوں سینے لالیا
چنگی بھلی جندڑی نوں روگ لالیا

چنگا بھلا جاندا ساں عشق دی خواریاں
کھٹیاں نہ ایتھوں کدی عشق دے بپاریاں
جاندیاں بجھدیاں زہر کھالیا
چنگی بھلی جنڈڑی نوں روگ لالیا

جدوں دے اوہ نیناں نال نین لاگئے
ہسنا حرام کرکے رونا سکھا گئے
دکھاں دردان نے اعظم گھیرا پالیا
چنگی بھلی جندڑی نوں روگ لالیا

❋

✻

واگاں حسن دیاں ساڈے دل موڑ موڑ موڑ
ساہنوں دم دم رہندی تیری لوڑ لوڑ لوڑ

ساہنوں زلفاں دا کر کے اسیر سوہنیا
ہن غیراں نال یاریاں نہ جوڑ جوڑ جوڑ

ساہنوں مار کے دو نیناں والے تیر سوہنیا
بیبا دم دم رہندی تیری لوڑ لوڑ لوڑ

ساڈے نیوں لا ونے وی دہائی پے گئی
اکھاں سک گیاں ہنجواں نوں روہڑ روہڑ روہڑ

رج گلاں وی نہ کیتیاں جدائی پے گئی
بیبا دم دم رہندی تیری لوڑ لوڑ لوڑ

کاہنوں جھڑکناں ایں عاشقاں نوں ویدہ ہوندے
دلاں ٹٹیاں نوں ہوستے نہ توڑ توڑ توڑ

ایہناں روندیاں نیناں دی اج عید ہو گئی
ساہنوں دم دم رہندی تیری لوڑ لوڑ لوڑ

اعظم تیریاں اُمیداں واگلزار لٹ کے
کتھے چلیاں ایں ساتھوں مکھ موڑ موڑ موڑ

میرے دل دلے باغ دی بہار لٹ کے
بیبا دم دم رہندی تیری لوڑ لوڑ لوڑ

واگاں حسن دیاں ساڈے ول موڑ موڑ موڑ

✻

✻

جدوں یاد آوے دلدار دل نوں قرار نہ آوے
اکھاں رو رو ون زار وزار دل نوں قرار نہ آوے
اوس چمن نے کیہہ پھلنا جہدا دور رہندا اے مالی اُس تتڑی نے کی وسنا جہدا اُڈ گیا ہر والی
کیوں دِتّا ای منوں وسار مینوں طعنے دَئے سنسار
دل نوں قرار نہ آوے
لوکاں بھانویں چانن سانوں سجناں باہجھ ہنیرا سجناں باہجھ اوچتاں ساڈے کس کم چانن تیرا
سانوں اوہو ای چن درکار سانوں اوسے چن نال پیار
دل نوں قرار نہ آوے
ماہی آجا دونویں بہہ کے اجڑی جھوک وسایئے نہیں تے کدھرے وچ وچھوڑے لکدیاں نہ مر جایئے
ہن گھر دل موڑ مہار میں من لئی اپنی ہار
دل نوں قرار نہ آوے
میں واری گھم واری سجناں جے آ دین اک گھڑی تیرے باہجوں اعظم دی ہن کون کرے غم خواری
تیرے درداں دلبر یار ساڈی لٹ گئی موج بہار
دل نوں قرار نہ آوے

✻

✽

گل عشق دی مالا پا کے
اساں کیہ کھٹیا دل لا کے

وِچ اڈیکاں عمر گوائی
روواں مَل وِچ یار گوا کے

وِچھڑ گیاں دی خبر نہ آئی
اساں کیہ کھٹیا دل لا کے

لگیاں والے پھرن نمانے
دیوے کون دلاسا آکے

درد انہاں دا کون پچھانے
اساں کیہ کھٹیا دل لا کے

سیتو نی کتے پیار نہ کریو
نی میں بھل گئی جے نیوں لا کے

اکھیاں دا اعتبار نہ کریو
اساں کیہ کھٹیا دل لا کے

اعظم رُس گئے دلبر جانی
کیہنوں دسیے کجلا پا کے

کون سنے ہُن درد کہانی
اساں کیہ کھٹیا دل لا کے

✽

٭

کتھوں جا کے تویت لیاواں
ماہی میری گل نہ سُنے

نہ میرے ول آوے جاوے
نہ بولے نہ کول بٹھاوے
نی میں فیر وی مردی جاواں
ماہی میری گل نہ سُنے

ویکھیا جے میرے دل دا جانی
جیویں اُتریا چن اسمانی
تے میں ڈردی ہتھ نہ لاواں
ماہی میری گل نہ سُنے

جتھے اوہدا پَیر پر چھاواں
ہتھ چُمک چُمک سینے لاواں
اکھاں پیڑاں ہیٹھ وچھاواں
ماہی میری گل نہ سُنے

جُگ جُگ جیوے خوشیاں مانے
اعظم نوں جانے نہ جانے
میں اپنی پریت نبھاواں
ماہی میری گل نہ سُنے

٭

سی حرفی

الف ۔ اللہ دے نام توں شروع کرناجہدے نام وچ برکتاں بھاریاں نے
اوہدے نام باہجوں دلاں پیچ آکھاں گلاں رہن ادھوریاں ساریاں نے
ایسے نام نے نار گلزار کیتی ایسے نام نے ڈبیاں تاریاں نے
ایسے نام نوں آکھدے اسم اعظمؔ ایسے ناں دیاں سب خماریاں نے

❦

ب ۔ بڑی اُمید تے آس دل وچ نبیؐ پاک دا کدے دربار ویکھاں
نالے شہر مدینے دی جُوہ ویکھاں اوہدے رحمتاں بھرے بازار ویکھاں
اوس پاک زمین توں جاں صدقے نال پیار دے در و دیوار ویکھاں
اعظمؔ ہون جے چنگے نصیب میرے اپنی اکھاں دے نال سرکارؐ ویکھاں

ت۔ تیز تلوار فراق والی پئی عاشقاں دے سینے چیر دی اے
دنے رات آرام نہ چین دل نوں چال بدلی ہوئی ایسی تقدیر دی اے
دُکھاں درداں دی ایسی ہوا چلی کوئی سُنے نہ ایس دلگیر دی اے
اعظم پتہ نہیں قسمتاں ماریاں نوں ایہہ سزا کیہڑی تقصیر دی اے

ث۔ ثابتی عشق دی لوڑ یا رب سدا عشق دا درد درکار سانوں
سانوں عشق دی طلب اُمید ازلی رہے عشق دا سدا خمار سانوں
بناں عشق دے دونویں جہان مُردہ تاہیں عشق دے نال پیار سانوں
کاہنوں منگیے باغ بہشت اعظم چنگی عشق دی موج بہار سانوں

ج۔ جان دا کجھ وساہ نہیوں جان یار نوں دے تے شاد ہو جا
ایسے دل دے ہین فساد سارے دل دلبر نوں دے تے آزاد ہو جا
جے کر رکھے آباد تے رہ دسدا جے کر کرے برباد برباد ہو جا
اعظم کرے جے قید تے قید ہو جا جے کر کرے آزاد آزاد ہو جا

د ۔ دید محبوب دی مذہب ساڈا اتے عشق ہے دین ایمان یارو
کریئے روز تلاوتاں نال الفت چہرہ یار دا ساڈا قرآن یارو
دسّے یاد محبوب دی دل اندر نام یار دا ورد زبان یارو
اعظم اسیں فقیر حقیر اس دے اتے عشق ساڈا سلطان یارو

س ۔ رُت بہار دی پرت آئی کیوں نہیں آوندے اجے حبیب ساڈے
اللہ جانے کیہہ ساتھوں خطا ہوئی کیوں نہیں جاگدے اجے نصیب ساڈے
اکھاں رون نے دل بیمار ہویا خبرے آون گے کدوں طبیب ساڈے
اعظم بھُل دے نہیں اوہ وقت جدوں سوہنا وسدا رہیا قریب ساڈے

ش ۔ زخم جدائی دے بہت ڈونگھے اجے بھرن دے وچ نہ آوندے نے
وانگ پھوڑیاں رڑکدے وچ سینے میری جان نوں بڑا ستاوندے نے
مِلی سُولی منصورؔ نوں اک واری سانوں روز نت نویں چڑھاوندے نے
اعظم پتہ نہیں مِلن گے کدوں سوہنے جیہڑے جاندے روگ گواوندے نے

س ۔ سُکھ آرام اوہ نال لے گئے میری جان نوں کیویں آرام آوے
نین سِکدے دید نوں دل رووے جدوں یاد پیارے دا نام آوے
ایسے آس اُمید وِچ عمر گذری شاید خواب دے وِچ اوہ شام آوے
اعظمؔ جان بھی کراں قربان اپنی جے کر سوہنے دا کدی پیغام آوے

ش ۔ شوہ نوں پاونا بہت مشکل ایہہ نہیں کم تھوڑ دلے کمینیاں دا
ایتھے سوہنیا عمراں دے ہون سودے ایتھے ذکر نہیں سال مہینیاں دا
نالے ایس درگاہ وِچ کم ناہیں حسد، بغض، ریا تے کینیاں دا
اعظمؔ سر تے پوے تے تد جانیں ملنا سوکھا نہیں عشق خزینیاں دا

ص ۔ صبر جے آوے تے کویں آوے تیرے بناں دل نوں پریشانیاں نے
چھیتی بوہڑ پردیسیا واسطا ای میرے جی نوں بہت حیرانیاں نے
تیرے نالوں زیادہ حیران کیتا مینوں میریاں ایہناں نادانیاں نے
اعظمؔ سجناں باجھ نہ سُنے کوئی ساڈے دُکھاں دی رام کہانیاں نے

ض۔ ضبط قرار دے تار ٹٹ گئے چھڑے ساز دُکھ درد و دھان والے
دِلا کیہہ ہویا کدھر منہ کر گئے سانوں خوشیاں دے گیت سنان والے
کیہڑے دیس وچ رونقاں لا بیٹھے ساڈے اُجڑے دیس وسان والے
اعظمؔ رون روان دے دن آئے وقت لد گئے ہسن ہسان والے

❦

ط۔ طرف محبوب دی خط لکھیے دلا رج کے اَج فریاد کر لے
ڈریں موُل نہ عشق خواریاں توں قصّہ شیریں فرہاد دا یاد کر لے
ہویاں مدّتاں چمن ویران ہویا یاد کسے دی نال آباد کر لے
اعظمؔ ملے گا تینوں حبیب تیرا پہلوں اپنا آپ برباد کر لے

❦

ظ۔ ظاہری شکل تے بھُل جانا ایہہ نہیں کم دانا فرزانیاں دا
تھاں تھاں پئی جان قربان کرنی ایہہ ہے کم بے عقل دیوانیاں دا
ہر اک شمع تے سڑ کے مر جانا ایہہ ہے کم کم ظرف پروانیاں دا
اعظمؔ اِکّو ہی ذات وچ مست رہنا ایہہ کمال ہے صرف مستانیاں دا

ع - عیب نہیں آوندے نظر اوتھے جتھے عشق ہووے جتھے پیار ہووے
اوس دیس دے ذرّے بھی طُور دِسدے جیہڑے دیس وِچ دسدا یار ہووے
ایس عشق پیار دی بازیاں وِچ اوہدی جِت سمجھو جیہدی ہار ہووے
اعظمؔ عشق دے ایس دریا وچوں جیہڑا جان دیوے اوہو پار ہووے

غ غرض نہیں اوس نوں جنتاں دی تیری گلی دی جِنھے ہوا ویکھی
کسے ہور گلزار ول نہیں تکدا تیرے باغ دی جِنھے فضا ویکھی
کدی حُور تے پری دل ویکھدا نہیں جِنھے سوہنیا تیری ادا ویکھی
اعظمؔ سانوں اوہ رکتے نہ نظر آئی تیری اکھاں وِچ جیہڑی حیا ویکھی

ف - فقر نوں ڈھونڈدے کئی پھردے لے پر فقر نوں پاونا بہت مشکل
جھوٹ طمع ریا تے خودی نالے حسد بغض مٹاونا بہت مشکل
پہلوں لا کے فقر دے نال یاری فیر توڑ نبھاونا بہت مشکل
منزل فقر دی دُور درانہ اعظمؔ ایس راستے جاونا بہت مشکل

ق ۔ قیدی محبوب دی زلف دا ہیں مینوں شوق نہ مول رہائیاں دا
سدا یاد محبوب وچ غرق رہنا ایہو کار تے کم سودائیاں دا
اوہو عاشقاں وچ شمار ہوون جیہڑے چکدے بھار جدائیاں دا
اعظم جنھاں دا عشق ایمان ہووے اوہناں خوف ناہیں رسوائیاں دا

ک ۔ کبر غرور مٹا دل تھیں۔ فیر یار دی گلی وچ آ ونا سکھ
عقل فکر نوں دخل نہ اوس کوچے اوتھے وانگ دیوانیاں جاونا سکھ
اوتھے ہوش حواس دا کم ناہیں ایس ہوش دا ہوش بھلاونا سکھ
اعظم مریئے تے فیر محبوب ملدا پہلوں اپنا آپ مٹاونا سکھ

ل ۔ لاکے یاریاں نال سجناں دلا فیر مڑ پچھوں پچھتاونا کیہہ
پہلوں اکھیاں لاکے نال اکھیاں فیر جگ وچ شور مچاونا کیہہ
آپے لاکے عشق دی اگ دل نوں فیر ہنجواں نال بجھاونا کیہہ
اعظم پہلوں ای پیندوں نہ ایس پینڈے جے کر ٹریئے تے ہن گھبراونا کیہہ

م۔ مرد نہیں بُھل دے قول اپنے جویں لائی آ او نویں نبھائیں سائیاں
فدیں لا کے فیر وُر کار نا ہیں اپنے در اتوں خیر پائیں سائیاں
اساں مندیاں گندیاں کو ہجیا ندی نال کرم دے جھوک سائیں سائیاں
اعظمؔ جیہے فقیر دیوانیاں نوں اپنے در اتوں نہ ہٹائیں سائیاں

ن ۔ ندی وانگوں وگن نین میرے جدوں یاد آوے سوہنا یار مینوں
میرے واسطے جگ اندھیر ہویا نظر آوندا نہیں دلدار مینوں
وَسدے شہر ہُن مثل اُجاڑ دِسدے وانگ جنگلاں باغ گلزار مینوں
اعظمؔ سجناں باہجھ کدھا ونڈی لبے دو جگ دی موج بہار مینوں

و ۔ وائے اج دیس محبوب دے جا پہلوں جا کے آکھیں سلام اُس نوں
تیرے درد فراق بیمار کیتا دیویں جا کے ایہہ پیغام اُس نوں
کھانا پینا تے سونا حرام ہویا اکھاں لبھدیاں نے صبح شام اُس نوں
آکھیں اعظمؔ دل موڑ مہار سجناں تیرے باہجھ نہ آوے آرام اُس نوں

ھ - ہار پرو کے ہنجواں دا تحفہ سجناں لئی تیار کیتا
ساڈے دُھروں نصیب برباد ہو گئے ناہیں اوس قبول دلدار کیتا
اوہدے اک اشارے تے جان دِتی نالے دل دی نذر سرکار کیتا
اعظمؔ دکھ خریدیا سکھ دِتا کیڈا گھاٹے دا اساں بیپار کیتا

ی - یاد پردیسیاں سجناں دی جدوں آوے تے درد دودھا جاوے
نیندر لے جاوے ہوکے دے جاوے نِت وکھرا روگ لگا جاوے
اللہ کرے جے اوہ دلدار دل دا کدھرے اپنے دیس وچ آجاوے
اعظمؔ ہون جے چنگے نصیب میرے سوہنا مکھڑا یار دکھا جاوے

قومی ترانہ

اُٹھ شیرا پاکستان دیا ہن جاگ تے ہوشیار اڑیا
تینوں خلقت طعنے ماردی اے چھڈ نیند رہو بیدار اڑیا

ایہہ تیرے سون دا ویلا نہیں ایہہ وہلیاں بھون دا ویلا نہیں
بن قوم دا خدمت گار اڑیا۔ ہن جاگ تے ہوشیار اڑیا

چھڈ چوپٹ تاش دی بازیاں نوں، ایہہ کھیڈ نہیں سپ دی غازیاں نوں
پھڑ تیجا ہدوسوی تلوار اڑیا۔ ہن جاگ تے ہوشیار اڑیا

کیوں وچ میدان دے آوندا نہیں کیوں خالدی شان وکھاوندا نہیں
چھڈ لمی سوچ وچار اڑیا۔ ہن جاگ تے ہوشیار اڑیا

کنیں گل دشمن دی پاویں نہ ایہنوں سن سن دل تے لاویں نہ
منہ دشمن دا پھٹکار اڑیا۔ ہن جاگ تے ہوشیار اڑیا

پہلوں تیغ کسے تے کڈھ ناہیں جیہڑا چھیڑے اوس نوں چھڈ ناہیں
ایہو اعظم دی اے پکار اڑیا۔ ہن جاگ تے ہوشیار اڑیا

❀

قومی ترانہ

وطن اپنے دے گیت گا ندا چلا جا ۔۔۔ خودی دے ترانے سُنا ندا چلا جا
توں جان اپنی ملّت لئی وقف کر کے ۔۔۔ تے ملّت دی عزّت بچا ندا چلا جا
محبت دی تلوار دے نال مسلم ۔۔۔ پراباں نوں اپنا بنا ندا چلا جا
کدی قوم تے مُلک خاطر جے سب کُجھ ۔۔۔ لٹانا پوے تے لٹا ندا چلا جا
توں سیلاب وانگوں سچائی دے راہ وِچ ۔۔۔ رکاوٹ جو آوے ہٹا ندا چلا جا
نشانی اے مومن دی ڈرنا خدا توں ۔۔۔ جے موت آوے ہس وا مہاندا چلا جا
جے دشمن ترا سِدھے راہ ول نہ آوے ۔۔۔ تے توں اُس نوں رستہ دکھا ندا چلا جا

ایسے نعرۂ جاھدو نال اعظم
توں سُتیاں ہویاں نوں جگا ندا چلا جا

ترانہ

سانوں آن بچونی آوندی اے سانوں ملک بچونا آوندا اے
سانوں دیس اپنے دیاں حداں توں دشمن نوں ہٹونا آوندا اے

ساڈی دھرتی پاک انساناں دی جانبازاں شیر جواناں دی
سانوں پاکستان دے ویریاں نوں دنیا توں مٹونا آوندا اے

ساڈا اک اک غازی بھاراُ اے کفار دے اک اک لشکر تے
سانوں موڑ تروڑ کے دشمن نوں قدماں تے جھکونا آوندا اے

پچھ رن کچھ دے میداناں توں نالے سندھ دے ریگستاناں نوں
سانوں جوڑیاں والے ٹبیاں توں کلمہ پڑھونا اوندا اے

جا اپنے دیس دی خیر منا ساڈے دیس ولے نظراں نہ اٹھا
توں رستیوں بھلا پھرنا ایں سانوں رستے پونا اوندا اے

توں پوجن والا پتھر دا اسیں خادم حیدرؓ صفدر دے
تینوں عادت سیس نواون دی سانوں سیس کٹونا آوندا اے

❀

قائدِ اعظم دی یاد!

اوہ جس نے قوم مسلم نوں وکھایا راہ وحدت دا
غلاماں نوں سبق دتا امامت دا قیادت دا

جوانی عزتِ اسلام توں جس نے وکا دتی
ضعیفی ملتِ اسلام توں جس نے لٹا دتی

اوہ جس نے اپنی دانش نال قوم اک جان کر دتی
اوہ جس دی عقل نے مخلوق سب حیران کر دتی

اوہ جس نے پھر غلاماں نوں شہنشاہی دوا دتی
کئی سو سال دی مردہ حقیقت پھر جوا دتی

سیاستدان ڈردے سن جیہدے زورِ سیاست توں
لرزدا ویکھیا اے کفر نوں جس دی فراست توں

اوہ جس ہستی نے اعظم سانوں پاکستان لے دتا
اساڈا امدتاں دا کھتیا ایمان لے دتا

اوہ بھاویں ٹر گیا اے پر اوہدی عظمت تے باقی اے
اوہدی روحانیت زندہ اوہدی جرأت تے باقی اے

میرا ایمان ہے جد تک ساڈا اسلام زندہ اے
اساڈے قائدِ اعظم دا پیارا نام زندہ اے

اوہ قائدِ اعظمؒ زندہ اے

اوہ قائدِ اعظم زندہ اے،
اوہ قائدِ اعظم زندہ اے

جنھے سانوں وطن دوایا اے   ساڈا دین اسلام بچایا اے

اوہ قائدِ اعظم زندہ اے
اوہ قائدِ اعظم زندہ اے

جنھے قوم دے دور آزار کیتے   جنھے قوم دے بیڑے پار کیتے۔ اوہ قائدِ اعظم....
جیہڑا سچا قول قراراں دا   جیہڑا یار یاراں اغیاراں دا۔ اوہ قائدِ اعظم....
جہدے مرن تے پتھر روئے نے   جہدے گھر گھر ماتم ہوئے نے۔ اوہ قائدِ اعظم....
جہدی پاکستان نشانی اے   جیہڑا پاکستان دا بانی اے۔ اوہ قائدِ اعظم....
جنھے نسلی رشتے توڑ دتے   سر مسلماناں دے جوڑ دتے۔ اوہ قائدِ اعظم....
جنھے اعظم سانوں جگا دتا   جیہنے دا ول سکھا دتا۔ اوہ قائدِ اعظم....

رنگ و بو

نذرِ عقیدت

مَیں نہایت ادب اور خلوص کے ساتھ اپنے اس مجموعۂ کلام کو معدن الحسنات ۔ واقفِ اسرارِ نہانی ۔ جگر گوشہ لاثانی جناب صاحبزادہ سیّد علی حسین شاہ صاحب نقشبندی مدظلہ العالی (مسند آرائے علی پور شریف) کے نذر کرتا ہوں ۔

گر قبول افتد زہے عزّو شرف

محمّد اعظم چشتی

حمد

اے برتر از خیال و قیاس و گمان و وہم
وز ہرچہ گفتہ ایم شنیدیم و خواندہ ایم
دفتر تمام گشت و بپایاں رسید عمر
ماہم چناں در اوّلِ وصفِ تو ماندہ ایم

✻

پیار ان کا اگر حاصلِ ایماں نہ بنے گا
مومن تو بڑی بات ہے انساں نہ بنے گا

تعظیمِ محمد ہی تو ہے جانِ عبادت
کتنا کوئی عابد ہے مسلماں نہ بنے گا

افلاک نہ پہنچے تری خاکِ کفِ پا کو
ذرّہ کبھی خورشیدِ درخشاں نہ بنے گا

حق مدحِ پیمبر کا ادا ہو گا نہ تجھ سے
جب تک تو گدائے درِ حسّاں نہ بنے گا

اعظم جو نہ سمجھے سخنِ صاحبِ قرآں
وہ لاکھ سخنور ہو سخنداں نہ بنے گا

✻

٭

میرا آقا بھی ہے وہ رہبرِ غمخوار بھی ہے
میری ہر چیز کا مالک بھی ہے مختار بھی ہے
شاہِ افلاک بھی ہے سیّدِ ابرار بھی ہے
حق کا محبوب بھی ہے حق کا پرستار بھی ہے
حق کا بندہ بھی ہے اور محرمِ اسرار بھی ہے
دونوں عالم کی حقیقت سے خبردار بھی ہے
تشنگیٔ روحِ دو عالم کی بجھانے والا
جوئے رحمت بھی ہے اور ابرِ گہربار بھی ہے
اعظم اس پیکرِ رحمت سے ہے نسبت مجھ کو
دردمندوں کا جو مونس بھی ہے غمخوار بھی ہے

٭

حُسنِ حبیب دو جہاں یوں ہے تصوّرات میں
جیسے ظہورِ ماہتاب غم کی اندھیری رات میں

مِل نہ سکی کہیں تری طبعِ سلیم کی مِثال
خُلقِ عظیم کا ترے شور ہے شش جہات میں

کِس کی تجلّیات سے خیرہ ہے چشمِ آفتاب
کھوئی گئی ہے کائنات کِس کے تصوّرات میں

کِتنے نشے پلا گیا مژدہ ترے ظہور کا
اَب بھی خمار ہے وہی دیدۂ کائنات میں

تیرے قدم میں بھی نہاں عظمتِ ہفت آسماں
ورنہ یہ عرش و لامکاں گُم ہیں تمہاری ذات میں

مِٹ گئے اِک نگاہ سے تیری جہاں کے وسوسے
ڈوبا ہُوا ہے فلسفی اب بھی توہّمات میں

اعظمؔ بے خبر اُٹھا آنکھ سے پردۂ دُوئی!
جلوہ فگن ہے عینِ ذات آئینۂ صفات میں

ولادتِ باسعادت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

لیکے پہلو میں غمِ اُمّتِ نادار آئے
اُمّتی اُمّتی کہتے ہوئے سرکار آئے

کھُل گئے محفلِ کونین پہ کونین کے راز
محرمِ رازِ نہاں واقفِ اسرار آئے

سُن کے سرکارِ مدینہ کی ولادت کی خبر
ہر گنہگار پکارا مرے غمخوار آئے

فرش والوں کے مقدّر کا ستارا چمکا
شور اُٹھا کہ غریبوں کے مددگار آئے

فرش پر عرشِ معلّیٰ کا گماں ہوتا ہے!
لے کے دامن میں کچھ اس طرح کے انوار آئے

پھر کسے مانگنے کا ہوش رہے اے اعظم
بانٹنے والا اگر خود سرِ بازار آئے

✻

تمہارے آنے سے پہلے کیا تھی ہمارے صُبح و مَسا کی صُورت
نہ کوئی مونس نہ کوئی ساتھی پڑے تھے ہم نقشِ پا کی صُورت
ہزار ہا سال اہلِ دِل نے سِتم اٹھائے سِتم گروں کے
نہ کوئی آیا بہ جز محمدؐ جہاں میں مُشکل کُشا کی صُورت
تمہاری غم خواریوں کے قرباں وہ آنکھ ہی کب مِلی کسی کو
ہماری بربادیوں پہ روتی جو اَبر بن کر گھٹا کی صُورت
خِرد نے جانا خُدا کا بَندہ جنوں پکارا خدا کا نقشہ
زبانِ فطرت پکار اُٹھی یہ ہے مِرے مُدّعا کی صُورت
ہماری مجبُوریوں نے اعظمؔ یہ دن دکھائے ہیں بیکسی کے
پڑے ہیں دُور اُن کے آستانے سے نالۂ نارسا کی صُورت

✻

✿

رحمتِ عالم نورِ مجسم شمعِ ہدایت کیا کہنے!
دستِ مروت چشمِ بصیرت نطقِ حقیقت کیا کہنے

سب سے نیا اندازِ تبسّم سب سے جُدا اعلانِ کرم
کس کو ملے گی کس کو ملی یہ صورت و سیرت کیا کہنے

جود و سخا بیگانوں پر بھی دشمن پر بھی لطف و عطا
سرتاپا تصویرِ وفا عنوانِ محبت کیا کہنے

باعثِ خلقِ ارض و سما اے زینتِ بزمِ کون و مکاں
ارض و سما پر کون و مکاں پر تیری عنایت کیا کہنے

قدرت کا ہر جلوہ اعظم انکی صورت سے ہے عیاں
آپ کی ذاتِ گرامی ہے آئینہ قدرت کیا کہنے

✿

✿

کیا پوچھتے ہو عزّت و عظمت رسُولؐ کی
دونوں جہان پر ہے حکومت رسُولؐ کی

سچ ہے عمل ہی قبر کا سرمایہ ہیں مگر
افضل ہے ہر عمل سے محبت رسُولؐ کی

ظاہر ہے صاف صاف اطیعوا الرّسول سے
محبوب ہے خدا کو اطاعت رسولؐ کی

یکساں کرم ہے اُن کا فقیر و امیر پر
اپنے پرائے سب پہ ہے شفقت رسولؐ کی

اعظم ہم عاصیوں کی شفاعت کے واسطے
کس درجہ بیقرار ہے رحمت رسولؐ کی

✿

❁

کونین میں وُہ شمع جلائی حضورؐ نے
پُر نُور کردی ساری خدائی حضورؐ نے

پیغمبروں کے دِل میں رہی جس کی آرزو
دولت وہ ہم کو حق سے دلائی حضورؐ نے

اہلِ حسد کی آنکھ بڑی دُور تک گئی
سُوئے قمر جو اُنگلی اٹھائی حضورؐ نے

اُس پر نثار ہوگئیں خالق کی رحمتیں
محشر میں جس سے آنکھ ملائی حضورؐ نے

آزردہ پھر رہے تھے ہم اس کائنات میں
ہم بیکسوں کی بات بنائی حضورؐ نے

اعظم وہ دو جہاں کی حقیقت کو پا گیا
جس کو بھی ایک گھونٹ پلائی حضورؐ نے

❁

تمہارے رُخسار کی تجلّیٰ نورِ سرمدی ہے!
یہ مہر و مہ کی ضیا نہیں ہے تمہارے چہرے کی روشنی ہے

وُہ جلوۂ ذات سب سے پہلے جو ذاتِ حق سے عیاں ہوا تھا
وہی بنا مشعلِ رسالت یہ چارسو جس کی روشنی ہے

جو وہ بشر ہیں تو ہم بشر کیوں جو ہم بشر ہیں تو وہ بشر کیوں
یہ راز ہے اِک اسے وہ سمجھے جسے حقیقت سے آگہی ہے

جہاں دو عالم امان پائیں جہاں ملائک بھی سر جھکائیں
وہ دو جہاں میں اک آستاں ہے اور آستانِ محمدی ہے

زمانہ حیراں کہ اِک بشر آسماں پہ پہنچا تو کیسے پہنچا
مَیں محوِ حیرت کہ عرش کی جان فرش پر کس طرح رہی ہے

مَیں بندگی کو نہیں سمجھتا مگر حقیقت یہی ہے اعظم
حضورؐ کے در کی خاک بوسی ہی اصل میں جانِ بندگی ہے

تمہارا حُسن اگر بے نقاب ہو جائے
نظامِ عالمِ امکاں خراب ہو جائے
جسے مِلے ترے کوچے میں بیٹھنے کی جگہ
وُہ ذرّہ کیوں نہ بھلا آفتاب ہو جائے
جو تو بُلائے کبھی اپنے آستانے پر
تو کائنات مرے ہم رکاب ہو جائے
ہزار عظمتیں اس دِل کی عظمتوں پہ نثار
جو دِل مقامِ رسالت مآب ہو جائے
جو چاہتا ہو دو عالم کی سروری اعظم
وُہ خاک بوسِ درِ بُوتراب ہو جائے

٭

بڑے اچھوں سے اچھا تجھ سے اچھا ہو نہیں سکتا
بڑے اُونچوں سے اُونچا تجھ سے اُونچا ہو نہیں سکتا

تو وُہ محبُوب ہے جس کو بنا کر خود خدا کہہ دے
کہ اب تجھ سا حسیں دنیا میں پیدا ہو نہیں سکتا

خدا نے ان کو مختار دو عالم کر کے بھیجا ہے
جو وہ چاہیں تو اے ہمدم بھلا کیا ہو نہیں سکتا

تمہارے جسم اطہر کی لطافت یہ ہی بتاتی ہے
کہ ایسی ذات لاثانی کا سایہ ہو نہیں سکتا

یہ ناممکن ہے اُن سا دُوسرا پیدا ہو اے اعظم
کہ ربّ دو جہاں کا قول جھوٹا ہو نہیں سکتا

٭

❁

بگڑے ہوؤں کو کس نے سنوارا ترے بغیر
ڈوبے ہوؤں کو کس نے ابھارا ترے بغیر

اک ایک کر کے دیکھ لئے چارہ گر مگر
کیا ہوگا میرے درد کا چارا ترے بغیر

آخر کہیں تو کس سے کہیں داستانِ غم
دُنیا میں ہے بھی کون ہمارا ترے بغیر

گر راحتوں میں یاد تری حرزِ جاں رہی
مشکل میں ہم نے کس کو پکارا ترے بغیر

ہر جُزوِ کائنات کو ہے تیری احتیاج!
ہوتا نہیں کسی کا گزارا ترے بغیر

انسانیت کو درس ملا تیری ذات سے
بے نُور تھا خرد کا ستارا ترے بغیر

اہلِ عمل تو دادِ عمل سے ہیں مطمئن
اعظم کو کون دے گا سہارا ترے بغیر

❁

❀

کہاں مَیں کہاں آرزوئے محمدؐ
مری آنکھ اور جستجوئے محمدؐ

بشر چیز کیا قدسیوں کے لیے بھی
ہے کحل البصر خاکِ کوئے محمدؐ

گلوں کی جبیں پر پسینہ سا آیا
زمانے میں پھیلی جو بوئے محمدؐ

مسلماں کا دینِ اُلفتِ مصطفےٰؐ ہے
کہ ہے کعبۂ دین روئے محمدؐ

دو عالم تلاشِ رضائے خدا میں
خدا کو ہے محبوب خوئے محمدؐ

مبارک ہے وہ دل کہ جس دل میں اعظم
رہے جاگزیں آرزوئے محمدؐ

صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

❀

سرداروں کے سردار ہیں آقائے دوعالم
کونین کے مختار ہیں آقائے دوعالم

اللہ کے بندے ہیں تو مخلوق کے مولا
مجموعۂ اسرار ہیں آقائے دوعالم

کیا تو یہ سمجھتا ہے کہ وہ سوتے پڑے ہیں
ہر حال میں بیدار ہیں آقائے دوعالم

نادار پہ احسان اسیروں سے محبت
ہر ایک کے غم خوار ہیں آقائے دوعالم

تثلیث کے قائل نہیں وہ روزِ ازل سے
وحدت کے پرستار ہیں آقائے دوعالم

خورشید و قمر آپ کے ضیا پاتے ہیں جن سے
وہ پیکرِ انوار ہیں آقائے دوعالم

واللہ غمِ اُمّتِ مظلوم میں اعظم
ہر لحظہ دلِ افگار ہیں آقائے دوعالم

✽

نہ جانے عرشِ بریں تک کہ لامکاں تک ہے
کِسے خبر کہ، ترا مرتبہ کہاں تک ہے

کریم اور بھی ہوں گے جہان میں لیکن!
ہماری دوڑ فقط تیرے آستاں تک ہے

ان اپنے چاہنے والوں سے پردہ داری کیا
یہ جانتے ہیں رسائی تری جہاں تک ہے

کِسی کے دَر پہ جُھکے یہ جبیں معاذاللہ
یہ ذوقِ سجدہ ترے سنگِ آستاں تک ہے

فقط زمین و زماں عرش و فرش پر ہی نہیں
حضورؐ آپ کا شہرہ تو لامکاں تک ہے

نکالئے گا نہ اعظم کو اپنے کُوچے سے
کہ عندلیب کی دنیا تو گلستاں تک ہے

✽

یادِ حسینؑ رضی اللہ عنہٗ

کوئی بتائے کوئی کہیں ہے حسین سا
لاکھوں میں ایک ماہ جبیں ہے حسین سا

کس شان سے چلے ہیں رہِ مستقیم پر
دنیا میں کون رہبرِ دیں ہے حسین سا

کس کی نظر میں رفعتِ ہفت آسماں ہے گم
ماتھے پہ کس کے نورِ جبیں ہے حسین سا

واللہ کیا مکان ہے وہ جس مکان میں
بیمثل و بے مثال مکیں ہے حسین سا

بے اختیار کہنے لگے ساکنانِ عرش
واں بھی نہیں یہاں بھی نہیں ہے حسین سا

اے خالقِ جہاں ترے سارے جہان میں
کوئی حسین تھا نہ حسیں ہے حسین سا

اعظم بٹھا کے دوش پہ فرمایا شاہ نے
کوئی سوار بھی تو نہیں ہے حسین سا

بحضورِ خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ

ہم اپنا حالِ غمِ دل سنانے آئے ہیں
درِ حضور پہ آنسو بہانے آئے ہیں

پُر اشک آنکھ دلِ بیقرار و داغ جبیں
حضور دیکھیے ہم کیا دکھانے آئے ہیں

وہ خاکِ در کہ سلاطین جسے ترستے ہیں
ہم اپنی آنکھ کا سُرمہ بنانے آئے ہیں

وہ جن کا سارے زمانے میں کوئی یار نہیں
وہ اب حضور کو اپنا بنانے آئے ہیں

سرِ نیاز کو رکھ کر تمہاری چوکھٹ پر
یہ لوگ اپنا مقدّر جگانے آئے ہیں

تڑپ رہے تھے جو سجدے جبینِ اعظم میں
ہم آستاں پہ تمہارے لٹانے آئے ہیں

منقبت

خواجہ علاؤالدین علی احمد صابر کلیری رحمۃ اللہ علیہ

جنابِ گنج شکر کی زباں علاؤالدین
جنابِ قطبِ دو عالم کی جاں علاؤالدین

دکھا ہی دیجئے انہیں جلوۂ رُخِ زیبا
تڑپ رہے ہیں ترے میہماں علاؤالدین

زمانے بھر کو ملیں عظمتیں اسی در سے
وہ آستاں ہے ترا آستاں علاؤالدین

ترے کرم نے اگر میرا ساتھ چھوڑ دیا
سُنے گا کون مری داستاں علاؤالدین

کبھی تو پہنچے گا اعظمؔ اس آستانے پر
جھکا ہوا ہے جہاں اک جہاں علاؤالدین

رحمۃ اللہ علیہ

منقبت

خواجہ علی احمد صابر کلیری رحمۃ اللہ علیہ

کھنچا جاتا ہے کیوں دِل سُوئے صابرؒ
نظر میں پھر رہا ہے رُوئے صابرؒ

فریدُالدّین کے لُطف و کرم سے
زمانے بھر میں پھیلی بُوئے صابر

نہالِ بوستانِ معرفت ہے
ذرا دیکھو قدِ دلجُوئے صابرؒ

بنا ہے دشتِ کلیر رشکِ جنّت
ہے ذرّے ذرّے میں خوشبُوئے صابر

شہِ اجمیر کے صدقے میں یارب
دکھا اعظم کو بھی پھر کُوئے صابرؒ

✻

✿

جہاں بھی پہنچے ترا آستاں نظر آیا
وہی زمین وہی آسماں نظر آیا!

سُنا تھا خُلد کا شُہرہ جو غور سے دیکھا
تری گلی ہی کا نقشہ وہاں نظر آیا

خیال تھا اسے کعبہ میں جا کے دیکھیں گے
جھکائی آنکھ تو دِل میں نہاں نظر آیا

اسی مقام کو کعبہ سمجھ لیا دِل نے
تمہارا نقشِ کفِ پا جہاں نظر آیا

یہ کیا سبب ہے کہ آنکھوں نے کچھ نہیں دیکھا
جو دِل سے پُوچھو تو کہتا ہے ہاں نظر آیا

ترے کرم نے نظر کو وُہ رفعتیں بخشیں
ہمیں ہر ایک مکاں لامکاں نظر آیا

یہی نشان ہے اُس بے نشاں کا اعظمؔ
جہاں بھی آیا نظر بے نشاں نظر آیا

✿

✻

یہ کون کہتا ہے ان کو کہیں نہیں دیکھا
مری نظر نے تو ہر وقت دلنشیں دیکھا

ہمارا ذوقِ نظر بھی ہے داد کے قابل
کہ اتنی دُور سے ان کو بہت قریں دیکھا

نگاہِ حُسن کی پیہم نوازشیں تو بہ
اُٹھے نہ پاؤں جہاں بھی کوئی حسیں دیکھا

بہشت لے کے جو بیچے نہ جنسِ عصیاں کو
گناہگاروں میں ایسا کوئی امیں دیکھا؟

نہ جانے دِل میں ہیں آنکھوں میں ہیں جگر میں ہیں
ابھی ابھی اُنہیں مَیں نے یہیں کہیں دیکھا

نگاہِ پیرِ مغاں کا یہ فیض ہے شاید
کہ بادہ خوار جو دیکھا وہ نازنیں دیکھا

بلا کا سوز ہے اعظمؔ ترے دِل و جاں میں
تری غزل کا ہر اک شعر آتشیں دیکھا

✻

٭

مَیں جس نِگاہ پہ دونوں جہان وار آیا
اسے نہ میری محبت پہ اعتبار آیا

تِرے بغیر مجھے ایک پل قرار نہیں
مِرے بغیر تجھے کِس طرح قرار آیا

کِسی کو آنکھ مِلانے کا حوصلہ نہ ہُوا
تمہاری بزم سے جو آیا شرمسار آیا

خُدا گواہ جہاں کوئی خوب رُو دیکھا
مِری زباں پہ تِرا نام بار بار آیا

تمہارا قرب مِرے درد کا علاج نہ تھا
تمہارے پاس بھی رہ کر کہاں قرار آیا

کہیں مِلی نہ مجھے میری بے خودی اعظمؔ
مَیں اس کو حدِّ خرابات تک پکار آیا

٭

٭

دل کی ہر ایک بات دِل پہ کوئی جفا نہ کر
دل ہے گذرگہ حبیب اس کو کبھی خفا نہ کر
عشق کی آبرو نہ کھو حُسن کی بے رُخی نہ دیکھ
اپنی وفا پہ رکھ نظر ان کا کبھی گِلا نہ کر
ساقی کی سمت کان رکھ زاہدِ خُشک کی نہ سُن
عشق کا احترام سیکھ عقل کی اقتدا نہ کر
ذوقِ نگاہ کو نہ کر مرہونِ جلوہ ہائے حُسن
حُسن کی جلوہ گاہ دیکھ جلووں پہ اکتفا نہ کر
جینے کی آرزو نہ کر مقصدِ زندگی سمجھ
عشرتِ خُلد کے لئے مرنے کی التجا نہ کر
اعظم خستہ خوگر رنج و الم ازل سے ہے
جس سے سکوں نصیب ہو ایسی کوئی دُعا نہ کر

٭

❋

نظر میں بادۂ گلفام لے کر
یہ کون آیا چراغِ شام لے کر

مری دیوانگی کی خیر یارب
وہ نِکلے ہیں خدا کا نام لے کر

ترے آنے میں جب تاخیر دیکھی
قضا آئی ترا پیغام لے کر

مرض کو پا لیا چارہ گروں نے
دوا دیتے ہیں تیرا نام لے کر

قضا کو ڈھونڈھنے آئے تھے اعظم
چلے ہیں زیست کا الزام لے کر

❋

٭

ہستیٔ لازوال ہیں ہم لوگ
مظہرِ ذوالجلال ہیں ہم لوگ

عمر گذری خیال میں اُن کے
کتنے نازک خیال ہیں ہم لوگ

حُسن میں آپ کا جواب نہیں
عشق میں بے مثال ہیں ہم لوگ

صُورتِ یار بس گئی دِل میں
اب سراپا وصال ہیں ہم لوگ

جن کو بخشش تلاش کرتی ہے
تیرے وہ باکمال ہیں ہم لوگ

ظاہری شکل پہ نہ جا واعظ
صاحبِ وجد و حال ہیں ہم لوگ

خود چلے آتے ہیں حسینِ اعظم
کس قدر خوش خصال ہیں ہم لوگ

٭

❋

دوشِ رحمت پہ بار ہیں ہم لوگ
کیسے عصیاں شعار ہیں ہم لوگ

دستِ قدرت سنبھالتا ہے جنہیں
وہ ترے بادہ خوار ہیں ہم لوگ

پھول کیوں ہم سے ہمکنار نہ ہوں
تیرے کوچے کے خار ہیں ہم لوگ

ہم کو سونپی گئی امانتِ عشق
قابلِ اعتبار ہیں ہم لوگ

قبر میں بھی جنہیں سکوں نہ ملا
تیرے وہ بیقرار ہیں ہم لوگ

تیری آنکھوں کی مستیوں کی قسم
میکدے کی بہار ہیں ہم لوگ

دولتِ دردِ دل گئی اعظمؔ
آج کل مالدار ہیں ہم لوگ

❋

کمی جو آنے نہ دے محبت میں ایسے دردِ جگر کے صدقے
جو رات دِن دید کو ترستی رہے میں اُس چشمِ تر کے صدقے

بنائے کافر کو جو مسلماں چُبھے جو دل میں مثالِ پیکاں
میں ایسی بانکی ادا کے قرباں میں ایسی ترچھی نظر کے صدقے

رُخِ مبارک ہے روزِ روشن تو زلف مشکیں شبِ محبت
میں ایسے دن رات کے تصدق میں ایسی شام و سحر کے صدقے

تری نگاہوں کو دیکھنے والے سارے میخوار بن گئے ہیں
میں ایسی میخواریوں کے قرباں میں ایسے فیضِ نظر کے صدقے

مری نظر میں وفا کی دُنیا تو کب کی ویران ہو چکی ہے
اسے ابھی تک خبر نہیں ہے میں اُس دلِ بے خبر کے صدقے

جو ہو میسّر غبارِ کوئے حبیب آنکھوں میں ڈالنے کو
تو چشمِ خورشید بھی خدا کی قسم ہو میری نظر کے صدقے

نہ اُٹھ سکے گی تمہاری چوکھٹ سے ساقیا یہ جبینِ اعظم
کہ در ہے قرباں اس جبیں پر جبیں ہے اس سنگِ در کے صدقے

✱

بات وہ پیرِ مغاں نے مجھے سمجھائی ہے
جس کے اظہار سے انکار ہی دانائی ہے

اِک تری یاد ہے اور عالمِ تنہائی ہے،
کِس قدر محوِ عبادت ترا شیدائی ہے

اس کی نظروں میں بھلا تختِ سلیماں کیا ہے
جس کی قسمت میں ترے در کی جبیں سائی ہے

کون کہتا ہے سوا تیرے کوئی اور بھی ہے
ہو اگر آنکھ تو ہر ذرّے میں یکتائی ہے

کیسے جائیں ترے میکش ترے میخانے سے
تشنہ لب لوٹ کے جانا بھی تو رسوائی ہے

ایک دو گھونٹ سہی آج دگر نہ ساقی
بے پیئے اٹھنے کی رندوں نے قسم کھائی ہے

ان کی محفل میں مرا ذکر نہ کرنا اعظم
ورنہ کہہ دیں گے وہ دیوانہ ہے سودائی ہے

✱

❀

ہمیں کوچہ تمہارا مل گیا ہے
غریبوں کو سہارا مل گیا ہے

کئی دن سے بھنور میں تھا سفینہ
بحمداللہ کنارا مل گیا ہے

مبارک کیوں نہیں دیتے ستارو
مری آنکھوں کا تارا مل گیا ہے

تو اپنی چاندنی اے چاند لے جا
ہمیں دلبر ہمارا مل گیا ہے

فلک پر ڈھونڈتے تھے جکو اعظمؔ
زمیں پر وہ ستارا مل گیا ہے

❀

✻

مری ہستی مٹائی جا رہی ہے!
مری بگڑی بنائی جا رہی ہے

تعجب ہے مجھے ہر آئینے میں!
تری صورت دکھائی جا رہی ہے

جو میخواروں نے کوثر میں نہ دیکھی
وہ آنکھوں سے پلائی جا رہی ہے

جو بجلی طورِ سینا پر گری تھی!
وہ مجھ پر کیوں گرائی جا رہی ہے

بگڑنے کا سبب پوچھا تو بولے
محبت آزمائی جا رہی ہے

دکھا کر شانِ رحمت مجھ کو اعظمؔ
گنہگاری سکھائی جا رہی ہے

✻

❋

گلوں کا حسن کلی کا نکھار لوٹ لیا
ترے شباب نے رنگِ بہار لوٹ لیا

ترے ستم کا تو شکوہ ہی خیر کیا ہو گا
ترے کرم نے ہمیں بار بار لوٹ لیا

تمہارے حسن کی توبہ شکن اداؤں نے
کسی کا ہوش کسی کا قرار لوٹ لیا

تری جفاؤں نے کب ہم سے بے وفائی کی
تری وفاؤں نے بیگانہ وار لوٹ لیا

یہ ذکر کیا اسی مہوش کا تو نہیں اعظم
وہ جس نے ہم کو سرِ رہگذار لوٹ لیا

❋

٭

فقیہِ شہر مرے دل کو رام کر نہ سکا!
میں خود جنوں کو خرد کا غلام کر نہ سکا

خطا معاف کہ تعظیمِ میکدہ کے بغیر
میں خلد کا بھی کوئی احترام کر نہ سکا

مرا ہی وہ دلِ بے خانماں ہے جو اب تک
ترے جہاں میں کہیں بھی قیام کر نہ سکا

اُدھر یہ فکر کہ آئے ہیں خود عیادت کو
اِدھر یہ ضُعفِ نظر سے سلام کر نہ سکا

بتاؤں کیا کہ بڑی مختصر تھی وصل کی رات
میں قصۂ شبِ فرقت تمام کر نہ سکا

سرور بخشا وہ مجھ کو تری نگاہوں نے
میں خواہشِ مے و مینا و جام کر نہ سکا

کسی حسین سے جب بھی نظر ملی اعظمؔ
میں ضبطِ آہ کا کچھ اہتمام کر نہ سکا

٭

✿

صحرا میں آ گئے تو گلستاں بنا دیا
گلشن سے چل دئے تو بیاباں بنا دیا

اے حُسنِ بے نیاز تیری اِک نگاہ نے
ایماں کو کفر، کفر کو ایماں بنا دیا

کہتے ہیں لوگ حسن پرستی گناہ ہے
ہم کو تو اس گناہ نے انساں بنا دیا

غم سے نجات چاہی تو میرے مسیح نے
غم ہی کو میری زیست کا ساماں بنا دیا

سب کچھ گنوا کے ہم نے محبت کی راہ میں
دشواریٔ حیات کو آساں بنا دیا

اعظم ہماری بادہ کشی کام آگئی
اس معصیت نے ہم کو مسلماں بنا دیا

٭

دردِ دل بھی کہیں محتاجِ بیاں ہوتا ہے
درد ہو دل میں تو چہرے سے عیاں ہوتا ہے

میری ہستی ترے جلووں میں فنا ہو کے رہی
اپنی صورت پہ بھی اب تیرا گماں ہوتا ہے

اب مرے دردِ محبت کا ٹھکانا مت پوچھ
اب یہ احساس نہیں درد کہاں ہوتا ہے

عرصۂ حشر میں اک بار چلو ہم بھی چلیں
سنتے ہیں یار کا دیدار وہاں ہوتا ہے

ان کی محفل میں کسے تابِ سخن ہے اعظمؔ
دل کا افسانہ نگاہوں سے بیاں ہوتا ہے

٭

٭

جلوہ نظر آیا جو کسی ماہتاب کا
آنکھوں میں پھر گیا وہ زمانہ شباب کا

اب میکدے میں جانے کی زحمت فضول ہے
وہ کام لے رہے ہیں نظر سے شراب کا

بے جوڑ سی یہ بات ہے مسجد میں ذکرِ مے
اور میکدے میں ذکرِ عذاب و ثواب کا

گرچہ مئے طہور ہے پھر بھی شراب ہے
واعظ خدا کے گھر میں بھی قصہ شراب کا؟

شاید یونہی ہو مجھ کو میسر سکونِ قلب
اِک گھونٹ دیجیئے گا مجھے بھی شراب کا

کج فہمیٔ زمانہ کا اعظمؔ گِلا ہی کیا
عنوان ہی غلط ہے محبت کے باب کا

٭

❋

مے پرستی شعار ہے اپنا
ہر نفس میگسار ہے اپنا

ان کے فیضانِ چشم کے صدقے
مے کشوں میں شمار ہے اپنا

دیر و کعبہ میں گر نہیں نہ سہی
مے کدے میں وقار ہے اپنا

میکدے کے قریب تر بی کہیں
ٹوٹا پھوٹا مزار ہے اپنا

وہ اُدھر بے قرار ہیں اعظم
دِل اِدھر بے قرار ہے اپنا

❋

*

تِری نظر کے تعاون نے کچھ سنبھال لیا
وگرنہ دِل کا رویّہ تو اور ہی کچھ تھا!

میں ہر مقام سے ہنستا ہوا گزر نکلا
اگرچہ زیست کا منشا تو اور ہی کچھ تھا

یہ شکر کیجیے موجوں سے اتفاق رہا
کہ ناخدا کا ارادہ تو اور ہی کچھ تھا

حضور پرسشِ پیہم کا شکریہ لیکن
ہمارے غم کا مداوا تو اور ہی کچھ تھا

وہ بدنصیب ہوں توبہ کے بعد یاد آیا
کہ رحمتوں کا تقاضا تو اور ہی کچھ تھا

یہ احترامِ سبو تھا جو پی گیا اعظم
وگرنہ ان کا ارادہ تو اور ہی کچھ تھا

*

✿

ساغر ہے مَے ہے ابر ہے عہدِ بہار ہے
اے دوست اب تو صرف ترا انتظار ہے

افسوس آج تک یہ سمجھ میں نہ آسکا !
دِل ان کے پاس رہ کے بھی کیوں بیقرار ہے

کھوئی گئی نگاہ، قدم ڈگمگا گئے !
محسوس ہو رہا ہے یہی کوئے یار ہے !

اے عشق تو نے مجھ کو وہ حسنِ نظر دِیا
اب تو خزاں بھی میری نظر میں بہار ہے

حیراں ہوں میں وہ کونسی منزل ہے عشق کی
وہ سامنے ہیں اور نظر بے قرار ہے

اعظم میں ان کی نذر کروں بھی تو کیا کروں
دِل تو ہے میرے پاس مگر داغدار ہے

✿

✿

وہ بھی چلے گئے ہیں بہاروں کے ساتھ ساتھ
رخصت ہوا ہے چاند ستاروں کے ساتھ ساتھ

کیا جانیے وہ کونسے رستے گزر گئے
لپٹا رہا میں راہگذاروں کے ساتھ ساتھ

محسوس ہو رہا ہے کہ پھرتی ہے کائنات
اے جاں! تری نظر کے اشاروں کے ساتھ ساتھ

کیا تو بھی ساتھ چھوڑ گیا اے غمِ حیات!
مَیں چل رہا تھا تیرے سہاروں کے ساتھ ساتھ

بیٹھو کبھی تو خاک نشینوں کے پاس بھی
کب تک رہو گے چاند ستاروں کے ساتھ ساتھ

کیا ڈھونڈتی ہے اب مرے سینے میں اک خلش
دل تو گیا حسین نظاروں کے ساتھ ساتھ

اعظمؔ ابھی کچھ اور بھی گہرائیوں میں چل
نادان ڈوبتے ہیں کناروں کے ساتھ ساتھ

✿

✽

اقرار ناپسند نہ انکار ناپسند
ہر بات ہے کسی کی روا نا روا پسند

وہ کیسے بے نقاب چلے آئیں بزم میں
ہم سے زیادہ ان کو ہے اپنی حیا پسند

ہوتی گناہ گاروں کے لائق اگر بہشت
کرتے نہ میکدے کی یہ آب و ہوا پسند

یہ آنکھ جب لڑی کسی شہباز سے لڑی
یہ برق ابتدا سے رہی انتہا پسند

اعظمؔ میں اپنا دِل جو گیا لیکے ان کے پاس
بولے کہ لاؤ دیکھیں اگر آگیا پسند

✽

❋

مآلِ زہد و ریاضت اگر تکبر ہے
تو عزمِ ترکِ عبادت کوئی گناہ نہیں

طریقِ اہلِ ہوس نے اسے کیا بدنام
بذاتِ خود تو محبت کوئی گناہ نہیں

وفا نہیں تو جفا سے بھی اپنا ہاتھ نہ کھینچ
یہ اک نباہ کی صورت کوئی گناہ نہیں

تمہارے وعدۂ فردا نے کر دیا ثابت
کہ انتظارِ قیامت کوئی گناہ نہیں

ازل سے میری طبیعت میں کچھ بغاوت ہے
نہ ہو رِیا تو یہ جرأت کوئی گناہ نہیں

گناہگار سے نفرت گناہ ہے اعظم
مگر گناہ سے نفرت کوئی گناہ نہیں

❋

خلد کے نشے میں غلطاں نظر آتے ہیں
کتنے دلچسپ مسلماں نظر آتے ہیں

کس جہاں میں مجھے لے آیا ہے یارب کہ جہاں
سب کے سب چاک گریباں نظر آتے ہیں

ہائے یہ ضعفِ عقیدت ترے بندے یارب!
مسجدوں میں بھی پریشان نظر آتے ہیں!

طعن و تشنیع نہ کر بادہ کشوں پر واعظ
لوگ یہ صاحبِ عرفاں نظر آتے ہیں

ان کی اس سادہ نگاہی پہ نہ جانا اعظم
دیکھنے میں بہت انجان نظر آتے ہیں

٭

کسی کو دل میں بسا رہا ہوں کسی کو اپنا بنا رہا ہوں !

میں اپنے اوراقِ زندگی سے حروفِ عشرت مٹا رہا ہوں

تمہاری خاموشیوں نے میری نظر کو شکوے سکھا دئیے ہیں

تمہاری تصویر کو گلے سے لگا کے آنسو بہا رہا ہوں

کسی کی فرقت کا داغ سینے میں چاند بن کر چمک رہا ہے

میں اپنی تاریک زندگی میں چراغِ حسرت جلا رہا ہوں

نگاہ تصویرِ یار پر ہے زباں پہ ہے داستانِ فرقت

سنا سنا کر تڑپ رہا ہوں تڑپ تڑپ کر سنا رہا ہوں

سنا ہے وہ آج بن سنور کر مری عیادت کو آ رہے ہیں

میں سوچتا ہوں کہ کیا بنے گا وہ آ رہے ہیں میں جا رہا ہوں

اسی سہارے اسی بعروسے پہ ان دنوں جی رہے ہیں اعظمؔ !

وہ کہہ گئے تھے کہ غم نہ کرنا میں آ رہا ہوں میں آ رہا ہوں

٭

❀

لپک کے آیا جو وہ گلعذار پہلو میں
بھڑک کے رہ گئے برق و شرار پہلو میں

نہ آئے لوٹ کے صبر و قرار پہلو میں
بسا ہے جب سے کوئی پردہ دار پہلو میں

تمہارے حسن کا پردہ نہ فاش ہو جاتے
چھپائے پھرتے ہیں ہم تم کو یار پہلو میں

غمِ فراق تمنائے دید حسرت و یاس
کھٹکے ہے ہیں یہ دو چار خار پہلو میں

یہ کیا کہ اب تری صورت کو ہم ترستے ہیں
کبھی گزرتے تھے لیل و نہار پہلو میں

ہزار بار محبّت نے کروٹیں بدلیں
نہ ایک بار بھی آیا وہ یار پہلو میں

کسی کے گیسو و رُخ کی زکوٰۃ ہے اعظم
دبائے پھرتی ہے جس کو بہار پہلو میں

❀

❁

جس دن بھی اہتمام کیا ضبطِ آہ کا ! !
بے ساختہ بدل گیا رنگ اس نِگاہ کا

میں حشر میں بھی حشر پہ ایماں نہ لاسکا
کِس درجہ معتقد ہوں میں تیری نگاہ کا

یارب اِس انعقادِ قیامت سے فائدہ؟
ہم کو خود اعتراف ہے اپنے گناہ کا

اے حسنِ دلفریب ذرا اِس پہ غور کر
تو بھی ہے ایک حُسن مری ہی نگاہ کا

جنت میں خاک سیکھے گا آدابِ میکشی
واقف نہیں جو میکدے کی رسم و راہ کا

آج اِس طریق سے وہ مِلی رہگذار میں
مفہوم میں سمجھ نہ سکا اُس نِگاہ کا

اعظمؔ مَیں جانتا ہوں رہ و رسمِ عاشقی
تعلیم یافتہ ہوں کِسی کی نگاہ کا

❁

٭

جا بجا اِک حسیں ٹھکانا بنا

ہر قدم پر شراب خانہ بنا

ہم سفر بن کے لوٹ لیتے ہیں

ہر مسافر کو آشنا نہ بنا

بندگی میں خلوص پیدا کر

صرف سجدوں کو آسرا نہ بنا

ہر حسیں چیز ایک دھوکہ ہے

ہر حسیں چیز کو خدا نہ بنا

ہے بڑی چیز آرزو لیکن

آرزو کو بھی مدعا نہ بنا

گر زمانہ ترا نہیں اعظم

نئی دنیا نیا زمانہ بنا

٭

❁

وہ درد کیا کہ جو رسوائے دو جہاں ہی نہ ہو
وہ بزم کیا کہ جہاں میری داستاں ہی نہ ہو

نکالئے نہ مجھے اپنی بزمِ عشرت سے
وہ شمعِ بزم ہوں جس کا کوئی دھواں ہی نہ ہو

فضا اُداس ۔ کلی مضمحل ۔ گل آرزدہ ! !
چمن میں بکھری ہوئی میری داستاں ہی نہ ہو

وہ انجمن ہے جہاں جانِ انجمن وہ ہو
وہ انجمن نہیں جس میں وہ جانِ جاں ہی نہ ہو

قدم قدم پہ نشانِ مزار ہے یارب!
یہ سرزمین کہیں ان کا آستاں ہی نہ ہو

چمن کی ایک طرف سے دُھواں سا اٹھتا ہے
الٰہی خیر کہیں میرا آشیاں ہی نہ ہو

سُنا ہے خلد میں رونق تو ہے مگر اعظم
بہار کیا جسے اندیشۂ خزاں ہی نہ ہو

❁

✿

ہر آہ تبسم بن جائے ہر اشک ستارا ہو جائے
دنیا ہی بدل جائے اپنی گر ان کا اشارا ہو جائے

اس غم کا مداوا کیا سوچیں اس درد کا درماں کیا ڈھونڈیں
جو درد کہ خود تسکیں بن کر ہر درد کا چارا ہو جائے

طوفانوں سے ٹکرانے کی عادت ہے محبت کو ورنہ
ہر تنکا کشتی بن جائے ہر موج کنارا ہو جائے

افسوس اسی امید پہ ہم شکووں سے بھی جی بہلا نہ سکے
شاید وہ ہمیں پہچان ہی لے شاید وہ ہمارا ہو جائے

مانا کہ محبت کی رہ میں ہر گام پہ سو سو خطرے ہیں
لیکن یہ سفر آسان بھی ہے گر ساتھ تمہارا ہو جائے

تکمیلِ محبت کی خاطر کیا کیا نہ کیا ہم نے اعظم
ممکن ہے اب ان کے کہنے پر مرنا بھی گوارا ہو جائے

✿

٭

یہ نہ سمجھو کہ ٹل گئی ہو گی! موت صورت بدل گئی ہو گی
ایک شعلہ اٹھا ہے پہلو سے کوئی امید جل گئی ہو گی
ایک حسرت جو لب تک آ نہ سکی آہ بن کر نکل گئی ہو گی
تم نہ آئے تو صبح تک ہم سے زیست آنکھیں بدل گئی ہو گی
اب نہ آواز دو بہاروں کو چھاؤں تھی ایک ڈھل گئی ہو گی
غم تو یہ ہے کہ دل کے جلنے سے ان کی تصویر جل گئی ہو گی

کیسی کروٹ سکوں نہیں اعظم
کوئی حسرت مچل گئی ہو گی

٭

❀

کسی کو دل میں بسایا بڑا گناہ کیا
کسی کو اپنا بنایا بڑا گناہ کیا

گذار دی غمِ عقبےٰ میں زندگی واعظ
نظر کا تیر نہ کھایا بڑا گناہ کیا

گناہگار کو ساقی تری مروّت نے
گناہگار بنایا بڑا گناہ کیا

اُلٹ کے رُخ سے ترے ہم نے خود نقابِ دوست
ترا بھرم بھی گنوایا بڑا گناہ کیا

وہ سر جو صرف ترے آستاں کے قابل تھا
کہاں کہاں نہ جھکایا بڑا گناہ کیا

مری خطا نے کبھی بھول کر بھی اے بخشش
ترا فریب نہ کھایا بڑا گناہ کیا

گناہ میں بھی بڑی دل کشی تھی اے اعظم
یہ لطف کیوں نہ اٹھایا بڑا گناہ کیا

❀

❀

اے چشمِ غمگسار مرا ساتھ چھوڑ دے

اے التفاتِ یار مرا ساتھ چھوڑ دے

اب مجھ میں ضبطِ آہ کی طاقت نہیں رہی

اے دردِ بے قرار مرا ساتھ چھوڑ دے

بدنام ہو رہا ہے زمانے میں اُن کا نام

اے چشمِ اشکبار مرا ساتھ چھوڑ دے

حاصل خزاں میں بھی مجھے لطفِ بہار ہے

کیا غم اگر بہار مرا ساتھ چھوڑ دے

وہ ساتھ چھوڑ جائیں تو جینے سے فائدہ!

جا تو بھی جانِ زار مرا ساتھ چھوڑ دے

اب کیا رہا ہے اعظمِ دل سوختہ کے پاس

اے عشقِ سوگوار مرا ساتھ چھوڑ دے

❀

❋

پاتا ہوں دل میں دردِ محبت کبھی کبھی
لیتی ہے سانس پھر مری وحشت کبھی کبھی

کی تھی شباب میں کسی زہرہ جبیں کے ساتھ
آتی ہے یاد پھر وہ محبت کبھی کبھی

زیرِ مزار بھی ہیں وہی دل کی دھڑکنیں
ہلتی ہے اس لئے مری تُربت کبھی کبھی

اے دوست اس نگاہ کا رکنا محال ہے
آتی رہے گی اب یہ قیامت کبھی کبھی

گرتا ہے پی کے جب کوئی مے خوار فرش پر
آتی ہے خود اٹھانے کو رحمت کبھی کبھی

اعظم ہمیں تو ایسی محبت نہیں پسند
پیغام روز روز زیارت کبھی کبھی

❋

✻

اُداس رنگِ بہاراں ہے کوئی بات تو ہے
وہ زُلف آج پریشاں ہے کوئی بات تو ہے

غرورِ عشق ہے پامال کوئی بات نہیں
نگاہِ حسن پشیماں ہے کوئی بات تو ہے

مری حیات کو تسکین بخشنے والے
تری نظر بھی گریزاں ہے کوئی بات تو ہے

بجھا دیئے غمِ ہستی نے حسرتوں کے چراغ
رہِ حیات فروزاں ہے کوئی بات تو ہے

درِ حبیب سے اعظمؔ شراب خانے تک
قدم قدم پہ چراغاں ہے کوئی بات تو ہے

✻

✿

مدّت کے بعد پھر دل وجاں مل گئے مجھے
تم کیا ملے کہ دونوں جہاں مل گئے مجھے

بزمِ جہاں میں اپنا کوئی مہرباں نہ تھا
مَیں جی اٹھا جو آپ یہاں مِل گئے مجھے

خوش ہوں کہ آپ مل تو گئے ہیں مجھے مگر
خاموش ہوں کہ آپ کہاں مل گئے مجھے

حسرت تو تھی کہیں وہ سرِ رہگذر ملیں
لیکن برنگِ دردِ نہاں مِل گئے مجھے

چمکائیں آدرِل کے یہ مٹتے ہوئے نقوش
کعبے میں بتکدوں کے نشاں مل گئے مجھے

اعظمؔ میں ایک عمر جنہیں ڈھونڈتا رہا!
وہ آج میرے دِل میں نہاں مل گئے مجھے

✿

✽

چرچے ہیں چمن میں کسی شیریں دہنی کے
نغمے ہیں لبِ گل پہ تری گلبدنی کے

کافر بھی رضامند ہے دیندار بھی خوش ہے
انداز ہی ایسے ہیں تری عشوہ گری کے

اِک آپ نے مجھ کو کہا دیوانہ تو کیا غم
چرچے ہیں جہاں میں مری آشفتہ سری کے

خودداریٔ فطرت کہیں جھکنے نہیں دیتی
نعرے ہیں زبانوں پہ مری خودنگری کے

اس کوچے کے باشندوں کا کیا ذکر ہے اعظم
مخمور ہیں ذرّات بھی ساقی کی گلی کے

✽

✵

دمِ وصل کام آئی یہ زبانِ بے زبانی
مِرے آنسوؤں نے کہہ دی غمِ ہجر کی کہانی

تری یاد میں جو گذری جو گذر کے پھر نہ لوٹی
وہی رات تھی فروزاں وہی شام تھی سہانی

غمِ دو جہاں سے کہہ دو غمِ یار سے نہ الجھے
وہ خمارِ چند روزہ یہ بہارِ غیر فانی

غمِ یار اب تو شاید کبھی موت بھی نہ آئے
مجھے بخش دی ہے تو نے وہ حیاتِ جاودانی

نہ جلے تو انجمن میں نہ بجھے تو رہگذر میں
ہے عجب طلسمِ اعظم مِری شمعِ زندگانی

✵

✻

کیا رات سہانی تھی کل رات جہاں میں تھا
اک طرفہ کہانی تھی کل رات جہاں میں تھا

اشعار کے ساغر تھے نغموں کی شرابیں تھیں
کیا سحر بیانی تھی کل رات جہاں میں تھا

جلتے ہوئے سینے تھے ہنستے ہوئے چہرے تھے
آنکھوں میں گرانی تھی کل رات جہاں میں تھا

اڑتے ہوئے آنچل تھے بکھرے ہوئے گیسو تھے
شعلوں کی روانی تھی کل رات جہاں میں تھا

جچتے نہ قدم جن کے آپس میں لپٹ جاتے
اک وصل کہانی تھی کل رات جہاں میں تھا

اعظم وہ گھڑی کیا تھی اک کیف کا عالم تھا
ہر شے پہ جوانی تھی کل رات جہاں میں تھا

✻

✻

افسردگیٔ زیست کی تردید کیجئے
ہاں مسکرایئے مری تائید کیجئے

دہرایئے گذشتہ محبت کے واقعات
پھر سے کتابِ درد کی تجدید کیجئے

پھر سے سمایئے مرے قلب و نگاہ میں
پھر کائناتِ عشق کی تمہید کیجئے

کبتک مری نگاہ سے یہ پردہ داریاں
ناحق نہ خونِ حسرتِ دامید کیجئے

پامال کرکے میرے جنوں کی لطافتیں
اپنے غرورِ حسن کی تائید کیجئے

اعظمؔ کمالِ شعروسخن کی تلاش میں
گر ہو سکے تو میرؔ کی تقلید کیجئے

✻

✽

بے باکیوں کا یا مری شکوہ نہ کیجیے
یا مجھ گناہ گار سے پروا نہ کیجیے

جو لطف یاد میں ہے ملاقات میں نہیں
میرے تصورات میں آیا نہ کیجیے

دھونے پڑیں گے ہاتھ ہمارے خلوص سے
اس بے رخی سے خون تمنا نہ کیجیے

اس تیرگی میں کوئی مسافر بھٹک نہ جائے
للہ رخ پہ زلف کا سایہ نہ کیجیے

اعظم وہ بات بات پہ تڑپا گئے ہیں آج
کہتا نہ تھا کہ ضبط کا دعوے نہ کیجیے

✽

خرد کے پنجہ سے میں نے اپنے جنوں کا دامن چھڑا لیا ہے

تری امانت کو ہر تکلف سے میں نے یارب بچا لیا ہے

نہ راس آئی انہیں فضائے حرم نہ آب و ہوائے جنت

ترے اسیروں نے تیرے کوچے کو اپنا مسکن بنا لیا ہے

تمہاری تابندگی ستارو مرے نہ کچھ کام آسکے گی

تمہیں اجازت ہے جاؤ میں نے چراغ بادہ جلا لیا ہے

ہماری مردانگی کی بھی داد دیجئے اے کلیم ہم نے

جہاں ٹھکانا تھا بجلیوں کا وہیں نشیمن بنا لیا ہے

تمہاری موجودگی سے دونوں جہاں کی سمت تھی میرے گھر میں

تمہارے جانے کے بعد اعظم غم و مصائب نے آ لیا ہے

اب زندگی کی پہلی وہ صورت نہیں رہی
وہ دل نہیں رہا وہ طبیعت نہیں رہی

یا میرے عشق میں وہ حرارت نہیں رہی
یا ان کو مجھ سے اب کوئی نسبت نہیں رہی

اس درجہ التفات بھی زیبا نہیں حضور
کیا آپ کو ہماری ضرورت نہیں رہی

ملنے کی آرزو تھی تو ملتے نہ تھے کہیں
جب مل گئے تو ملنے کی حسرت نہیں رہی

اعظم کو آج دیکھا ہے پھر میکشوں کے ساتھ
کل کہہ رہا تھا پینے کی عادت نہیں رہی

❀

ترے در پر جو مٹ جائے وہ سر دے
تری جو یار ہے ایسی نظر دے

تری حسرت رہے جس میں وہ دل دے
ترا سودا رہے جس میں وہ سر دے

زمانے کو جو تو چاہے عطا کر
مگر عشاق کو دردِ جگر دے

خداوندا مجھے جنت کے بدلے
جنوں دے سوز دے آہِ سحر دے

زمانہ اس سے آکر بھیک مانگے
تو جس کا دامنِ امید بھر دے

ڈرائے گا اسے زاہد بھلا کیا
جسے تیرا کرم بے باک کر دے

یہی انکار کی غایت تھی اعظم
کہ شاید وہ کبھی اپنی خبر دے

❀

پھول برساؤں کیا اجازت ہے
آج کچھ گاؤں کیا اجازت ہے؟

ساقیا آج تیری محفل میں
مَیں بھی آ جاؤں کیا اجازت ہے؟

دِل لگی کے گذشتہ افسانے
پھر سے دہراؤں کیا اجازت ہے؟

میرے دامن میں چند خار بھی ہیں
ساتھ لے آؤں کیا اجازت ہے؟

کِس کا اب انتظار ہے ساقی
جام چھلکاؤں کیا اجازت ہے؟

اعظم اِک مہ جبیں کی نظروں میں
غرق ہو جاؤں کیا اجازت ہے؟

✻

زندگی وقفِ خرابات ہوئی جاتی ہے
بادہ و جام کی خیرات ہوئی جاتی ہے

جب سے اے دوست تری یاد بسی ہے دل میں
بزمِ دل بزمِ خیالات ہوئی جاتی ہے

اے غمِ یار غنیمت ہے کہ تیرے دم سے
اہلِ دل کی بسر اوقات ہوئی جاتی ہے

ان کے کوچے سے نکلنے کی سزا ہے شاید
زیست مجموعۂ صدمات ہوئی جاتی ہے

جانے کیا بات ہے اب یاد بھی ان کی اعظمؔ
شاملِ تلخیِ حالات ہوئی جاتی ہے

✻

✿

حشر کا انتظار کرتے ہیں　　پھر ترا اعتبار کرتے ہیں

تیری صورت کو دیکھنے والے　　اپنی آنکھوں سے پیار کرتے ہیں

انجمن سے نکال کر مجھ کو　　اب مرا انتظار کرتے ہیں

ہم نے کانٹوں سے دوستی کرلی　　لوگ پھولوں سے پیار کرتے ہیں

دل ہے آخر پلٹ ہی آئیگا　　کچھ دن اور انتظار کرتے ہیں

وہ ہمارے اگر نہیں اعظم!
یاد کیوں بار بار کرتے ہیں

✿

✽

اے ابر تو نے دنیا بسائی — میرے چمن پر رونق نہ آئی
کیا پوچھتے ہو کیا ہم بتائیں — کیا چیز کھوئی کیا چیز پائی
تیرے جہاں میں مَیں بے ٹھکانا — میرے جہاں میں تیری خدائی
کیا موت کو بھی موت آگئی ہے — وہ بھی نہ لوٹے یہ بھی نہ آئی

اللہ کو ہم کیا یاد کرتے
غم ہی سے اعظم فرصت نہ پائی

✽

✻

دل کو رہینِ لذتِ درماں نہ کر سکے
ہم اُن سے بھی شکایتِ ہجراں نہ کر سکے

اس طرح پھونک میرا گلستانِ آرزو
پھر کوئی تیرے بعد اسے ویراں نہ کر سکے

مہنگی تھی اس قدر ترے جلووں کی روشنی
ہم اپنی ایک شام فروزاں نہ کر سکے

بچھڑے رہے تو اور بھی رسوا کریں گے لوگ
تم بھی علاجِ گردشِ دوراں نہ کر سکے

اعظمؔ چراغِ بزم سرِ راہ کیوں جلے
ہم بے خودی میں چاکِ گریباں نہ کر سکے

✻

٭

کم نظر آرزوئے وصل کیا کرتے ہیں
صاحبِ حال بہر حال جیا کرتے ہیں

فصلِ گُل شرط نہیں پینے پلانے کے لئے
پینے والے مری جاں روز پیا کرتے ہیں

دِل کے آئینے میں ہر چیز نظر آتی ہے
ہم دو عالم کو یہیں دیکھ لیا کرتے ہیں

جب کبھی جلووں کی کثرت سے بہک جاتا ہوں
اپنے دامن کی ہَوا مجھ کو دیا کرتے ہیں

زخمِ دل کا کوئی مَرہم نہیں ہوتا اعظمؔ
ایسے زخموں کو نگاہوں سے سِیا کرتے ہیں

٭

٭

سنور گئے ترے انداز سے چمن کتنے
مہک اُٹھے تری خوشبو سے پیرہن کتنے

یہ سادگی یہ خموشی یہ سُرمگیں آنکھیں
جلو میں حُسن کے آئے ہیں بانکپن کتنے

ادا شناس محبت کو بزم سے نہ اٹھا
ہیں انجمن میں تری تیرے ہم سخن کتنے

قریب رہ کے بھی جو بدنصیب دُور رہے
تری گلی میں ہیں ایسے بھی بے وطن کتنے

تری نظر کی کم آمیزیاں درُست مگر
ابھی جبینِ محبت پہ ہیں شکن کتنے

وُہ خار ہوں کہ بہاروں سے بات بھی نہ کرُوں
مری تلاش میں ہیں اب بھی گُلبدن کتنے

کہاں ملیں گے ہم ایسے بھی لوگ اے اعظم
سُخن شناس ہیں لیکن ہیں کم سُخن کتنے

٭

٭

بخوبی چوں تو دلدارے ندیدم
بدلداری چوں تو یارے ندیدم

بعالم ناتواں اُفتادگاں را
بجز ذاتِ تو غمخوارے ندیدم

نیازِ من بجز یادِ کسے نیست
بہ از یادِ کسے کارے ندیدم

ندیدم در جہاں جز تو طبیبے
مثالِ خویش بیمارے ندیدم

مَن از قیدِ من و تو گشتم آزاد
چوں غیرِ ذات نوارے ندیدم

ظہورِ تست ہر رنگے کہ بینم
نہ دیدم غیرِ تو آرے ندیدم

بسے دیدم اسیرانِ محبت
چوں اعظم خستہ وُ زارے ندیدم

٭

✲

رُخ ماہ من رشکِ صد آفتابے
دو گیسوئے مشکیں سراپا سحابے

ز دو عارضِ تو پریشاں گلابے
زِ پیشانیٔ تو خجل آفتابے

نقاب بر فروبردہ خوبانِ عالم
چوں آمد کسے بارُخ بے نقابے

نجویم بجز ایں دو انعام ساقی
شبے ماہتابے مئے بیحسابے

تبسم کناں بے نیازانہ گذری
زِ پردۂ خود نباشد حجابے

سر بندگی بر درِ تو نہادم
کہ عاشق نداند عذاب و ثوابے

زمے خانہ نوشیدہ مے آیم اعظم
نہ بینی بمن دو جہاں ہم رکابے؟

✲

✿

دِل و جاں فدائے تو اے کج کلا ہے

نگا ہے سوئے سرفروشاں نگا ہے

چرا سجدہ اے جاں کنم سوئے کعبہ

کہ عشاق سا روئے تو قبلہ گا ہے

منوّر دو عالم ز رُوئے مُنیش؛

پریشاں دو عالم ز زلفِ سیا ہے

اے سُلطانِ خوبانِ عالم خُدارا

نظر جانبِ خاک بوسانِ را ہے

گہے خار افشاں گہے گُل بداماں

سِتم گا ہے گا ہے کرم گا ہے گا ہے

چرا بے نیازِ دو عالم نباشد

گدائے شہنشاہِ عالم پنا ہے

چہ گویم کہ ایں بندۂ تست اعظم

مجسّم خطائے سراپا گنا ہے

✿

✲

کتنی ناسازگار ہے دنیا
کتنا بدلا ہوا زمانہ ہے
اپنی ہر بات ہے محبت خیز
اُن کی ہر بات تاجرانہ ہے

کون آیا شراب خانے میں
خود بخود مے چھلک گئی خُم سے
کون زُلفیں سنوارتا آیا
ماہ و انجم بھی ہو گئے گم سے

رنگتیں دیکھ کر گُلِ تر کی
کون تعریفِ خار کرتا ہے
راحتیں چھوڑ کر محبت کی!!
درد سے کون پیار کرتا ہے!

٭

میرے دل کے سیاہ خانے میں
روشنی بن کے کون آتا ہے؟

اِس خرابات کے اندھیرے میں
کون شمعِ حرم جلاتا ہے!

تیری آنکھوں کو دیکھ کر ساقی
پھر شرابِ طہور کیا معنیٰ!
ہم نے دیکھی ہے جلوہ گاہ تری
جلوۂ کوہِ طور کیا معنیٰ!

بادہ کش کیا فقیہہ و زاہد بھی
متفق ہیں مرے تکلم سے

آپ کیا ہیں کہ سنگ و آہن بھی
وجد میں ہیں مرے ترنم سے

*

موت کیا چیز ہے پیامِ حیات
زندگی موت کا بہانہ ہے
اب رہا یہ جہانِ آہ و بکا!
یہ حقیقت نہیں فسانہ ہے

دین و عرفان کی طرف اے دوست
آج کل کون دھیان دیتا ہے
اس ترقی پسند دنیا میں!
کون اللہ کا نام لیتا ہے

رہنمایانِ قوم کیا کہئے
تن کے اجلے ہیں من کے گندے ہیں
یہ غریبوں کا درد بانٹیں گے؟
جو نہیں اس کے جس کے بندے ہیں!

✿

جھوٹ سے مکر سے تشدّد سے
خوب جی بھر کے کام لو بھائی
اِس جہاں میں خلوص کی امید؟
ارے اللہ کا نام لو بھائی

یہ مانتا ہوں کہ اِک دِل نشیں فسانہ ہے
وگرنہ آج محبت میں خاک رکھا ہے
مرا وجود غنیمت ہے اس زمانے میں
کہ مَیں نے اپنی تمنّا کو پاک رکھا ہے

✿

قائدِ اعظم کی یاد!

ہر آنکھ تیری یاد میں آج اشکبار ہے
ہر فردِ قوم غم میں ترے دلفگار ہے

نالہ کناں ہے گلشنِ ہستی کا عندلیب
نوحہ کناں ہے گل تو کلی سوگوار ہے

جانے وہ کیا تھا تو نے جو سینوں میں بھر دیا
کیا چیز تھی کہ جس کا ابھی تک خمار ہے

جینے کا ہم کو تو نے طریقہ سکھا دیا
صد شکر آج قوم تری باوقار ہے

لوحِ جہاں پہ نقش کی صورت ہے تیرا نام
چشمِ جہاں سے چھپ کے بھی تو آشکار ہے

اِک مرتبہ زمانے کو پھر درسِ امن دے
اِک بار پھر جہاں کو ترا انتظار ہے

ترانۂ مجاہد

لڑیں گے کفر سے جب تک کہ جان باقی ہے
ابھی جہاں میں ہمارا نشان باقی ہے

یہ بھول جا کہ تجھے مل گیا ہے پاکستان
ابھی بہت بڑا اِک امتحان باقی ہے

زمیں کا چھوٹا سا ٹکڑا تجھے ملا ہے مگر
ابھی تو قسمتِ ہفت آسمان باقی ہے

تجھے خبر بھی ہے دنیا میں مُردہ قوموں کا
نشاں کہاں ہے فقط داستان باقی ہے

نہ جھک سکا درِ باطل پہ میرا سرِ اعظم
کہ میرے دل میں محمدؐ کی آن باقی ہے

❀

دوراہا

اُدھر الحاد بے دینی اِدھر ایمان کی دولت

اُدھر مادہ پرستی اور اِدھر قرآن کی دولت

اُدھر روٹی کے دو ٹکڑے فقط ناموس کی قیمت

اِدھر فکرِ شکم معیوب فاقوں کے عوض جنت

اُدھر مشق جہاں سوزی فسوں سازی فسوں کاری

اِدھر عشقِ خدا جوئی خدایابی نگو نساری

اُدھر تہذیبِ انسانی کی ہر سو چاک دامانی

اِدھر غیرت حمیّت پردہ داری پاک دامانی

اُدھر محسن کشی احساں فراموشی جفا کاری

اِدھر احسان مندی خود فراموشی روا داری

اُدھر ثروت نوازی بے رخی بے رحم سرداری

اِدھر بندہ نوازی عدلِ فاروقی وفاداری

اُدھر نفسانیت، بے صبر، زرکوشی، جہانگیری
اِدھر انسانیت، صبر و رضا، افکارِ شبیری

اُدھر تخلیقِ افکارِ پریشاں کی فراوانی
اِدھر دینِ خلیل اللہ کی تعلیمِ روحانی

اُدھر احکامِ شاہانِ جہاں آوارۂ عالم
اِدھر ارشادِ مختارِ دو عالم، ہادیٔ اعظم

اُدھر قلب و نظر محرومِ جلوہ ہائے خلّاقی
اِدھر ہر وقت چشمِ بندگی کی سیرِ آفاقی

خدا لگتی کہو اے ہم نشینو! کس طرف جاؤں؟

❋

غبارِ خاطر

مری فریاد میں تاثیر ہی شاید نہیں ورنہ
مَیں فرعونی قیادت کا نہ قائل تھا نہ قائل ہوں

غریبوں کے ہر اک دُکھ کا مداوا سوچنے والو
مَیں اس مجذوبی بشارت کا نہ قائل تھا نہ قائل ہوں

جو گھر کی چار دیواری میں بٹ کر ختم ہو جائے
میں اس اندھی سخاوت کا نہ قائل تھا نہ قائل ہوں

فقیہہِ شہر کی پرپیچ تفسیریں معاذ اللہ
میں اس طرفہ امامت کا نہ قائل تھا نہ قائل ہوں

کہاں جاؤں مرے کچھ ہم عناں پیدا نہیں ہوتے
خداوندانِ ملت کا نہ قائل تھا نہ قائل ہوں

ازل سے جو فقط اسے دوست نوآبوں کا حصہ ہے
میں اس مغرور فطرت کا نہ قائل تھا نہ قائل ہوں

مری تاریکیوں کو جو نہ روشن کر سکے اعظم
کسی ایسی کرامت کا نہ قائل تھا نہ قائل ہوں

✻

ابوبکر قریشی کے نام

(میرے چھوٹے بھائی ڈاکٹر محبوب چشتی کے ایک دوست)

میں سمجھتا تھا جہاں میں دوستی معدوم ہے
یہ فقط رنگین سا اک لفظِ بے مفہوم ہے
جو کبھی اپنی صداقت سے زبان دھر کو
اپنی مدحت کے لئے مجبور کر سکتا نہ ہو
یوں تو کر سکتا ہو رنگیں سینۂ قرطاس کو
تا ابد لیکن کبھی شرمندۂ معنٰے نہ ہو
میں سمجھتا تھا کہ یہ اک خوابِ بے تعبیر ہے
خوبصورت ہے مگر بے جان اک تصویر ہے
لیکن اے جانِ خلوصِ بے ریا تیری قسم
اے سراپا صورتِ مہر و وفا تیری قسم!
تو نے اس خاکے میں اک رنگِ حقیقت بھر دیا
اور لفظِ "دوستی" کو واقعیت کر دیا

لاج رکھ لی تو نے اس آوارۂ افلاک کی
بھیک دیدی اپنے کوچے کی تقدس خاک کی
تو نے اس پستی کو پھر سے ایک عظمت بخش دی
ایک بے معنیٰ فسانے کو حقیقت بخش دی
تو نے دکھلایا جہاں کو پھر محبت کا مقام
اِک زمانے کو دیا سچی عقیدت کا پیام
دوستی کا نام پھر مسرور کرتا ھے مجھے
دوستی پر پھر کہیں مجبور کرتا ھے مجھے
پھر تلاشِ دوست آخر دل کو تڑپانے لگی
پھر سے مرجھائے ہوئے پھولوں کو مہکانے لگی
شادباش اے زینتِ بزمِ شرافت شادباش
شادباش اے غازۂ روئے حقیقت شادباش

٭

دُنیا

بڑی حسین مگر بے ثبات ہے دنیا
کہ اِک کرشمہ موت وحیات ہے دنیا

وہ جن سے پھول بھی شرمائیں وہ حسین نہ رہے
وہ جن پہ چاند ہو قربان وہ مہ جبین نہ رہے

وہ بلبلیں وہ گلستاں وہ باغباں نہ رہے
وہ کارواں نہ رہے میرِ کارواں نہ رہے

ہر اک زبان پہ تھی جن کی داستاں نہ رہے
وہ حکمراں وہ فلک بوس آستاں نہ رہے

کبھی نہ بھول کہ دنیا مقامِ عبرت ہے
نہ دِل لگی کی جگہ ہے نہ جائے عشرت ہے

کسی کی بن نہ سکی اس جہانِ فانی میں
کہ ایک دنیا ہے مصروف نوحہ خوانی میں

عید کا چاند

(دیکھنے سے پہلے)

شام کے وقت جانبِ مغرب — جب اٹھے گی کئی ہزار نگاہ
آسماں کو بھی پھونک ڈالے گی — کسی غربت زدہ غریب کی آہ

عید کا چاند دیکھنے والے — اس جہاں پر نگاہ ڈالی ہے؟
جس جہاں میں غریب انساں کی — آنکھ پُر اشک جیب خالی ہے

گھاس پر رات کاٹنے والے — سن لیا عید آنے والی ہے؟
یعنی کل صبح تیری کٹیا پر — حسرت و یاس چھانے والی ہے

فاقہ کش غم نہ کر تری فریاد — آسماں پر ضرور جائے گی
تیری تربت پہ نوحہ خوانی کو — رحمتِ ایزدی بھی آئے گی

اپنا دیس

(اپنی بولی)

✽

اج خالق دا دلدار آیا اج نبیاں دا سردار آیا

اج امت دا غمخوار آیا اج دو جگ دا مختار آیا

بھلیاں نوں رستے پون لئی ستیاں ہویاں نوں جگون لئی

مینہہ رحمت دا برسون لئی اوہ بن کے ابر بہار آیا

ہر پاسے نور و نور ہویا ہر ذرہ ذرہ طور ہویا

صدیاں دا ہنیرا دور ہویا اک ایسا نور انوار آیا

جنہیں غیر دلوں سانوں موڑنا ایں ساڈا رشتہ رب نال جوڑنا ایں

دل کفر تے شرک دا توڑنا ایں ، اج اوہو رب دا پیارا آیا

امت دے دردوں وندوں والا غاراں وچ بہہ بہہ رون والا

اساں عاصیاں نوں بخشون والا ساڈے دل دا دھون غبار آیا

اج جھک گئے بت بتخانیاں دے بلے بند ہوئے میخانیاں دے

پڑھ نغمہ ، اعظم شکرانیاں دے اج رحمتاں والا وار آیا

✽

✻

جے چمکے میری قسمت دا ستارا — کراں میں تیرے روضے دا نظارا

میں کیوں سجدے کراں غیراں دے دَر تے — مینوں کافی ترے در دا سہارا

سُنے جاندے نہیں لوکاں دے طعنے — کرو حضرت مرے درداں دا چارا

جے اِک واری کرم دی جھات پاویں — مری کشتی نوں مِل جاوے کنارا

خطاواں میریاں نوں کون ویکھے — جے ہووے تیری رحمت دا اشارا

مری تربت اتے پاویں جے پھیرا — میں کیوں زندہ نہ ہو جاواں دوبارا

میں اعظم کیوں نہ اوسے در تے جاواں
جتھے ہووے دو عالم دا گذارا

✻

✻

اوہ حبیبِ خدا سرورِ انبیاءؐ جس دا صدیاں توں سی انتظار آگیا
سُکے ہوئے چمن وِچ بہار آگئی روندے ہوئے دلاں نوں قرار آگیا
جس دی خاطر بچھایا گیا فرش نوں جس دی خاطر سجایا گیا عرش نوں
جس دی خاطر بنائے گئے دو جہاں بن کے لولاک دا تاجدار آگیا
درد دِل دے مرے چین پاون نہ کیوں غم مرے دل دے خوشیاں مناون نہ کیوں
زخم دِل دے مرے مُسکراون نہ کیوں میرا دردی مرا غمگسار آگیا
ایس دُنیا دی توقیر نوں کیہہ کراں ایس دُنیا دی جاگیر نوں کیہہ کراں
میرے اُتے خدا دا کرم ہو گیا میرے حِصے محمدؐ دا پیار آگیا
میرے جگراتیاں دا صِلا مِل گیا روناا اعظم مرا میرے کم آگیا
ناز کیوں نہ کراں اپنی تقدیر تے وِچ غلاماں دے میرا شمار آگیا

✻

جتھوں تک کبریائی کبریا دی
اوتھوں تک مصطفائی مصطفےٰ دی

جہدے اُتے کرم مشکل کشا دا
اودھے اُتے نظر خیر الوریٰ دی

غلامی دے سوا کجھ وی نہ منگیں
بڑی شان اے محمدؐ دے گدا دی

نئیں کہہ جاناں مرا معبود کون اے
کراں پوجا محمدؐ دے خدا دی

او جس دا حال پچھن آپ آکے
کیہہ اُس بیمار نوں حاجت شفا دی

رسول اللہ دی رحمت دے ہُندیاں
ضرورت کیہہ کسے حاجت روا دی

نہ بھلاں میں کدی حفظِ مراتب
مرے اُتے نظر احمد رضا دی

جے ہُندا اعظم آج دُنیا تے جامیؒ
میں چمدا خاک اودھے نقشِ پا دی

✿

میرے نبیؐ دے نال جیہدا پیار ہوگیا
سمجھو خدا وی اوہدا طرفدار ہوگیا
جس نوں خدا نے بخشی گدائی حضورؐ دی
اوہ ایس کائنات دا سردار ہوگیا
عاشق نہ خلد دا نہ شرابِ طہور دا
جیہڑا تری نگاہ دا مے خوار ہوگیا
حبشی تے پے گئی جدوں سرکارؐ دی نظر
سارا زمانہ اوہدا خریدار ہوگیا
آئے حضورؐ لے کے شفاعت دا اختیار
بیڑا گناہگاراں دا بس پار ہوگیا
اعظمؔ کروڑ جان نثار اوس اکھ توں
جس نوں رسولِ پاکؐ دا دیدار ہوگیا

✿

❁

اے موت ٹھہر جائیں مدینے تے جاؤاں
سُتّا ہویا نصیب تے اپنا جگاؤاں

محبُوب دا اوہ گُنبدِ خضرا تے دیکھ لاں
سرکار دی گلی دے نظارے تے پاؤاں

لگّے نے مصطفٰیؐ دے قدم جس زمین تے
اِک وار اوس خاک نوں سینے تے لاواں

اِک وار جا کے اوس دلاں دے طبیب نوں
سینے دے سارے داغ تے اپنے دکھاواں

کہندے نے ہر غریب دی سُندا اے زاریاں
مَیں وی تے اپنے غم دی کہانی سُناواں

کِدھرے کوئی کریم نئیں اوہدے نال دا
مَیں وی تے وِچ گداواں دے ناواں لکھاواں

جی بھر کے رو لواں درِ اقدس دے سامنے
اکھاں نوں گُفتگُو دا قرینہ سکھاواں

مَیں وی تے چار موتی کراں اوس توں نثار
پلکاں تے ہنجواں دے ستارے سجاؤاں

آوے بے شک پھیر موت تے آوے ہزار وار
اعظمؔ جے زِندگی دی اے حسرت مِٹاؤاں

❁

کیہہ اُس توں ہور وڈی نیک نامی
مِلی میںنوں محمد دی غلامی
پئی رحمت گنہگاراں نوں بھیجے
جدوں آیا گنہگاراں دا حامی
ترے دَرتے زمانے دے شہنشہ
اَدب دے نال دیندے نے سلامی
تری شانِ امامت توں مَیں صدقے
بنے نیں مُقتدی مُرسل تمامی
مِلے اعظمؔ مقدر والیاں نوں
مُحمد دے غلاماں دی غلامی

❋

نُور قدیم دی شان مُحمّدؐ
اصل حدیث قرآن مُحمّدؐ
کلمہ، حج، زکواۃ خیراتاں ورد وظائف صوم صلواتاں
سب عملاں دی جان مُحمّدؐ
نُور قدیم دی شان مُحمّدؐ
اَنَا بَشَر دی جھلک دکھاوے ساتھوں اپنا آپ چھپاوے
فیر وی لیا پچھان مُحمّدؐ
نُور قدیم دی شان مُحمّدؐ
کُن فیکون توں پہلوں آیا اپنے ہتھیں مُلک وسایا
ویکھن نوں انسان مُحمّدؐ
نُور قدیم دی شان مُحمّدؐ
اعظم جیہڑا رب پچھانے کون آکھے او غیب نہ جانے
عیب الغیب دی جان مُحمّدؐ
نُور قدیم دی شان مُحمّدؐ

❋

✿

سُنو جے میرے دُکھڑے تے سناواں یارسُولؐ اللہ
جے آکھو تے مدینے مَیں وی آواں یارسُولؐ اللہ

مَیں اپنے شوق نوں ویکھاں کہ اپنے آپ نوں ویکھاں
مَیں کیہڑے مان تے گھر وِچ بُلاواں یارسُولؐ اللہ

بڑا چاء اے زیارت دا بڑی حسرت اے ویکھن دی
کدی آؤ تے اکھاں تے بٹھاواں یارسُولؐ اللہ

کدوں صُورت وکھاؤ گے کدوں حسرت مٹاؤ گے
کتے ویکھن توں پہلوں مَر نہ جاواں یارسُولؐ اللہ

تُساڈے ذِکر وِچ گُذری اے ساری زندگی میری
تُساڈے عِشق وِچ دُنیا توں جاواں یارسُولؐ اللہ

مَیں نظراں نیویاں کر کے پھِراں میدانِ محشر وِچ
خدا دے سامنے کیہہ مُنہ وکھاواں یارسُولؐ اللہ

بناں دیدار نئیں دارُو کوئی اعظمؔ دے درداں دا
مَیں کر کر ویکھیاں لکھاں دواواں یارسُولؐ اللہ

✿

ذِکرِ حسین رضی اللہ عنہ

کی دساں کتھوں تیک اے سائی حسینؑ دی ۔ خالق حسین دا اے خدائی حسین دی

صورت ہی ایسی حق نے بنائی حسین دی ۔ دشمن وی کر سکے نہ برائی حسین دی

چماں نہ کیوں ولادرِ مشکل کشا دی خاک ۔ مَیں منگ کے ای لے گدائی حسین دی

نانا نبی تے بابا علی ماں اے فاطمہ ۔ ہور اس توں اتے کی اے بڑائی حسین دی

کہندی لیاؤ جا کے مرے ویر دی خبر ۔ زینب نوں کھا گئی جے جدائی حسین دی

کربل نوں جاندیاں نے زمانے نے ویکھیا ۔ مڑکے سواری گھر نوں نہ آئی حسین دی

اعظم ایہہ بندگی مرے حصّے وچ پہ آگئی
کردا رہواں گا مدح سرائی حسین دی

❋

منقبت

حضرت قبلہ پیرِ لاثانی علی پوری رحمۃ اللہ علیہ

جے توں چاہیں شفاعت نبی دی
رل وچ جماعت علی دی

پیراں دا اوہ پیر لاثانی
جانے سارے راز حقانی
ویکھو عظمت پیر جلی دی
رل وچ جماعت علی دی

جتھے چن چڑھدا اشر ماوے
رحمت رب دی واجاں مارے
لبھ خاک اس پاک گلی دی
رل وچ جماعت علی دی

میریاں عملاں ول نہ جاویں
اپنے کرم دی جھاتی پا دیں!
ایہو منگدی اے شان سخی دی
رل وچ جماعت علی دی

اعظمؔ نہ کوئی دولت منگاں
نہ دنیا نہ جنت منگاں!
خوش ہو جائے آل نبی دی
رل وچ جماعت علی دی

✻

کافی

بیادِ خواجہ غلام فرید رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ

مینوں چڑھیا رنگ توحید دا میں غلام خواجہ فرید دا
مکھڑا غلام فرید دا چہرا غلام فرید دا
نُسخہ کلام مجید دا میں غلام خواجہ فرید دا
میرے ہتھ چہ جام فرید دا میرے لب تے نام فرید دا
مرا دل مقام فرید دا میں غلام خواجہ فرید دا
مرا ذوق شوق مری لگن مرا درد سوز تڑپ جلن
صدقہ غلام فرید دا میں غلام خواجہ فرید دا
نہ خبر قیام قعود دی نہ سلام دی نہ سجود دی
مینوں نشہ یار دی دید دا میں غلام خواجہ فرید دا
جویں فرق غیب حضور وچہ جویں فرق عرش تے طور وچہ
ایہوہیں فرق دید شنید دا میں غلام خواجہ فرید دا
اعظم نہ وصل دی آرزو نہ کسے دا ہجر نہ جستجو!
گیا غم قریب بعید دا میں غلام خواجہ فرید دا

کافی

مینوں سمجھ نہ یارا ریرے
مرے لامکانی ڈیرے

نہ مَیں عالم نہ مَیں عاقل
نہ مَیں صوفی نہ مَیں کامل !
مرے فقر دی شان اتیرے
مرے لامکانی ڈیرے

مسجد تے میخانیوں آگے
کعبے تے بت خانیوں آگے
میری منزل ہور اگیرے
میرے لامکانی ڈیرے

کیہڑا اپنا کون بیگانہ
میرا سب دے نال یارانہ
میتھوں کوئی نہ رہے پریرے
میرے لامکانی ڈیرے

اعظم جد دا یار پچھاتا
مشرق مغرب اک کر جاتا
دسے کعبہ چار چوفیرے
میرے لامکانی ڈیرے

٭

کافی

ماہی جان توں نیڑے دسدا

سانوں دور ٹھکانا دسدا

دنیا لبھ لبھ ہوئی دیوانی ‌ ‌ ‌ کدھرے یار دی ملے نشانی

جیہڑا ہر صورت وچ وسدا ‌ ‌ ‌ سانوں دور ٹھکانا دسدا

جے لبھ جاوے کول بٹھاواں ‌ ‌ ‌ اپنی بیتی آپ سناواں

پر ایہہ روگ نہ میرے وسدا ‌ ‌ ‌ سانوں دور ٹھکانا دسدا

اعظم من وچ جھات نہ پائی ‌ ‌ ‌ در در دیندے پھرے دہائی

تے اوہ گھر وچ وسدا رسدا ‌ ‌ ‌ سانوں دور ٹھکانا دسدا

✲

میتوں کیہے جان محال اے
میرا رانجھن میرے نال اے

لوکاں بھانیں ہیر اکلی
بیلیاں دیوچہ پھرے دی جھلی

ایہہ لوکاں دا وہم خیال اے
میرا رانجھن میرے نال اے

گذریاں تاہنگ طلب دیاں راتاں
مکیاں سوز ہجر دیاں باتاں!

میتوں دم دم نال وصال اے
میرا رانجھن میرے نال اے

گھر دا لاحبد گھر وچہ آیا
غیراں مڑکے قدم نہ پایا

گیا قال تے رہ گیا حال اے
میرا رانجھن میرے نال اے

اعظم صوم صلوٰۃ وی بھل گئی
نام وی بھل گیا ذات وی بھل گئی

اکھ لڑ گئی رانجھن نال اے
میرا رانجھن میرے نال اے

✲

کافی

اساں دکھیاں تے ایہہ احسان نہ کر
ساڈے درداں دا درمان نہ کر

جس دن توں سانوں پیار ہویا ساڈا رودن نال وہار ہویا !
ساڈی خوشیاں دا اسامان نہ کر ساڈے درداں دا درمان نہ کر

لکھ زہد عبادت اِک پاسے تیرے درد دی دولت اِک پاسے
اِس دولت دا نقصان نہ کر ساڈے درداں دا درمان نہ کر

سانوں موڑ نہ اعظمؔ یار دتوں متاں کافر مریئے پیار وتوں !
سانوں عشق دا نافرمان نہ کر ساڈے درداں دا درمان نہ کر

کافی

اوہو نیڑے اوہو دور دِ ستے
سانوں ہر تھاں یار دا نور دِ ستے

اساں عابد وچہ معبود ڈِٹھا   اساں ساجد وچہ مسجود ڈِٹھا
سانوں شاکر وچہ مشکور دِ سے
سانوں ہر تھاں یار دا نور دِ ستے

جدوں رمز حقیقی کھل جاوے   سب مسجد مندر بھل جاوے
ہر پاسے نور و نور دِ ستے
سانوں ہر تھاں یار دا نور دِ ستے

سانوں اِک دسدا تینوں لکھ دِسدا   سانوں کول تے تینوں وکھ دِسدا
تیری اکھیاں وچہ فتور دِ ستے
سانوں ہر تھاں یار دا نور دِ ستے

تاہیں اعظم روشن سینہ اے   ساڈے دل وچہ شہر مدینہ اے
سانوں گھر دے وچہ کوہ طور دِ ستے
سانوں ہر تھاں یار دا نور دِ ستے

❁

کافی

حُسن دے ہتھ شمشیر
عشق دی کی تقصیر

سسی رو رو حال ونجاوے گزریا ویلا ہتھ نہ آوے
کون موڑے تقدیر
عِشق دی کی تقصیر

دل دا روگ گواوے کوئی رانجھا بن کے آوے کوئی
مفت وکیندی ہیر
عِشق دی کی تقصیر

کِسے نوں آرے بیٹھ چرا کے کسے دی الٹی کھل لہا کے
ہسدی پئی تقدیر!
عِشق دی کی تقصیر!

پچھ نہ اعظم حالت میری بن گئی اے بن صورت میری
درداں دی تصویر! !
عِشق دی کی تقصیر!

کافی

کر کر ہار سنگار اوسانول مویاں نوں نہ مار

ترس پوے کدی جے من تیرے　　　آجادیں کدی وہڑے میرے

دلیواں تن من وارا اوسانول موئیاں نوں نہ مار

نین تیراں تے تیر چلاون　　　زلفاں کالیاں ترس نہ کھاون

ڈنگدیاں وارو وارا اوسانول موئیاں نوں نہ مار

جیون نہ دیوے مرن نہ دیوے　　　پیار ترا کجھ کرن نہ دیوے

کیتے جتن ہزار اوسانول موئیاں نوں نہ مار

اعظم یار کرن لئی راضی ! !　　　کئی واری اساں عشق دی بازی

دتی جان کے ہار اوسانول موئیاں نوں نہ مار

✻

گھر آیا ڈھولن ماہی اے
ساڈی اللہ آس پُجائی اے

تساں سوہنے توں نبھائے نے — ساری عمر دے روگ گوائے نے
سُتی قسمت آن جگائی اے — ساڈی اللہ آس پجائی اے

اینویں دلبر یار نہ کر اڑیاں ! — ساڈے کول نہ بہہ جا دو گھڑیاں
اساں دل دی سیج سجائی اے — ساڈی اللہ آس پجائی اے

مرا چین دی توں مری جان دی توں — مری آن دی توں ایمان دی توں
مینوں لوکی کہن سودائی اے — ساڈی اللہ آس پجائی اے

جدوں اعظم یار دی دید ہووے — ایہناں کِدیاں نیناں دی عید ہووے
ایہو دولت رب توں پائی اے — ساڈی اللہ آس پجائی اے

✻

✿

اکٹھے ہو گئے تیرے شرابی — پلا ساقی ذرا نظراں شتابی!

کویں محبوب دے وچہ عیب ستے — نہ ہووے جے محبت وچہ خرابی

تری صورت ہے بے صورت دی صورت — تے بے صورت نہ آپی اسے نہ خاکی

کوئی تیرا پتہ دیوے تے جاناں — جنہوں پچھاں کرے گلاں کتابی

کدوں ملدی ایہہ دولت ہر کسے نوں — محبت بے قراری اضطرابی!

نظر آون نے میں مڑ مڑ کے ویکھاں — اوہ زلفاں کالیاں چہرا گلابی!

میں اعظم نام لیوا پنج تن دا!
مینوں کہندے نے "چشتی بوترابی"

✿

✻

ماری جا تیر نیناں دے ابرُو دنوں تان کے
او سوہنیا پرا اپنا بیگانہ پچھان کے
مَیں فیر جی پواں تینوں ویکھن دے واسطے
پاویں جے پھیرا قبر تے اِک واری آن کے
کیوں غصّے نال ویکھنائیں جانثار نوُں۔
مویاں ہویاں نوں مارنائیں کیوں جان جان کے
صدمے تری جدائی دے کد تک اُٹھاواں میں
آ ویکھ میرا حال مرے کول آن کے
اعظم اوہ ساقی ہے تے بڑا مہربان پر
دیندا اے پین والے دی نیت پچھان کے

✻

نی سی جے درد بن کے آجاندوں   میرے لوں لوں وچ سما جاندوں

حسن دی سلطنت دیا شاہا   ساڈی بستی وی پھیرا پا جاندوں

نیویاں نظراں کر کے لنگھ چلئیں   گل نہ کردوں نظر تے پا جاندوں

کی کراں کالی رات نہیں مکدی   توں جے آوندوں تے دن چڑھا جاندوں

کی خبر سی میں خبرے نہ مردا   جیوندیاں جیوندیاں جے آجاندوں

جیویں ہستی مٹائی اعظم دی
حسرتاں وی کدی مٹا جاندوں

❋

جے توں وِکیا عشق بازار وی نئیں جے توں چڑھیا اُتے دار وی نئیں
ایڈا سستا سودا پیار وی نئیں ایڈا سوکھا لبھدا یار وی نئیں

کئی جنگل گاہنے پیتے نے کئی دوزخ لنگھنے پیندے نے
جیہڑا بن کے عاشق سُکھ ڈھونڈے اوہدی قسمت وِچ دیدار وی نئیں

دِل دِتیاں باہجھ نہ پیار مِلے سر دِتیاں باہجھ نہ یار مِلے
جے اوہ ایس مُلّوں وی مِل جاوے ایڈوں سستا ہور بپار وی نئیں

ایہہ ایسی کھیڈ پیاراں دی ایہہ ایسا بحر محبت دا
کِسے کِیتا ایہنوں پار وی نئیں کوئی منّیا اپنی ہار وی نئیں

بُجھ سمجھ نہ آوے لوکاں نوں اوہ کاہدے نال شہید کرے
ڈِٹھی یار دے ہتھ تلوار وی نئیں پر خالی جاندا وار وی نئیں

جیہڑا ہو کے کھڑا کناریاں تے چھلاں دے نظارے لیندا اے
زندگی دے ایس سمندر دے اوہ موتیاں دا حقدار وی نئیں

❋

*

مرے گل وِچ دو زنجیراں نے اِک جراندی اِک قدراں دی
مرے سارے کم اُدھورے نے مجبُور وی نیئں مُختار وی نیئں

جدوں ماہی پُچھیا حال مرا وگ پیتے پرنالے ہنجواں دے
مَیں رہ سکیا خاموش وی نیئں کجھُ کر سکیا اظہار وی نیئں

ماہی ساڈا حال کیہہ پُچھناں ایں ایس اُس بستی دے واسی آں
جِتھّے کوئی کِسے دا غیر وی نیئں جِتھّے کوئی کِسے دا یار وی نیئں

سجناں اِس جھُوٹی دُنیا نے کیہہ دینا اے کیہہ دے دینا ایں
چل یار نوں راضی کرلیئے اِس ساہ دا کجھُ اِتبار وی نیئں

مُدتاں توں چرچا سُندے ساں اَج اکھیّں ڈِٹھا اے اعظمؔ نوں
سالک وی نیئں مجذوب وی نیئں کوئی مست وی نیئں ہُشیار وی نیئں

*

٭

بڑے بے تاب نیں مہمان ساقی
کریں جب پین دا اعلان ساقی
کسے کم ظرف نوں ساغر نہ دیویں
تری پہچان توں قربان ساقی
ایہہ واعظ میکدے توں دُور رکے
بچاوے گا کویں ایمان ساقی
ہو تیا کیہہ ہو گئی لغزش جے میتھوں
نہ آخر ہاں تے ہیں انسان ساقی
ہیں پیپاں بیٹھے منبر دے اُتے
ہر اکھاں تے تیرا فرمان ساقی
میں آجاناں جدوں محفل دے اندر
بڑا رکھدا اے میرا دھیان ساقی
پھڑا دِتی اے میخانے دی کنجی
ایہہ اعظم تے ترا اِحسان ساقی

٭

✿

رہندا اُٹھیاں ولاں وچ یار ایہہ دنیا کی جانے

نہ کجھ بیٹھے وچ پہاڑاں　　نہ کجھ بل وادچ اجاڑاں
میرے اندر سب اسرار ایہہ دنیا کی جانے

کون کِسے دا درد ونڈاوے　　کھیڑا دکھیاں دے کم آوے
ایتھے کون کسے دا یار ایہہ دنیا کی جانے

جو ملیا پنج تن دے درتوں　　جو پایا پنج تن دے گھرتوں
سانوں ایسے گھر نال پیار ایہہ دنیا کی جانے

اعظم ہر دم وچ حضوری　　نہ کوئی ہجر تے نہ کوئی دوری
ساڈے اندر وسدا یار ایہہ دنیا کی جانے

✿

✲

ملے گا کی چن ماں تینوں دل میرا توڑ کے
لگیاں نہ توڑیں تے نہ جاویں مکھ موڑ کے

میینوں نہ توں پچھیاں جو میرے تے بیتیاں
من لیاں سوہنیاں میں جگ نے جو کیتیاں
لوکاں نے سنائیاں تینوں کولوں جوڑ جوڑ کے
لگیاں نہ توڑیں تے نہ جاویں مکھ موڑ کے

کہنے مینوں موڑیا تے کہنے تینوں موہ لیا
کہڑیاں خیالاں تینوں میرے کولوں کھو لیا
کہدے نال جوڑنی آں میرے نالوں توڑ کے
لگیاں نہ توڑیں تے نہ جاویں مکھ موڑ کے

نکی نکی گل اتوں رُس رُس جانا ایں
لگیاں پریتاں پیا چنگیاں نبھانا ایں
تیرے نال لائی سی میں جگ نالوں توڑ کے
لگیاں نبھاویں تے نہ جاویں مکھ موڑ کے

دکھ نہیں سی ونڈ نے تے یاری کاہنوں لگی لئی
ہنجواں دی مالا ساڈے گل کاہنوں پائی سائی
غماں والی ندی وچہ چلیا ایں روہڑ کے
لگیاں نہ توڑیں تے نہ جاویں مکھ موڑ کے

✽

تیریاں اڈیکاں وچہ جیا اساں جالیا — اِک واری آجا ماہی کِتھے دل لالیا
دنیا ہنیر ہوئی سوہنا میتھوں دور ہویا — رب جانے دل کولوں کیہڑا اے قصور ہویا
ایہو سوچاں سوچدیاں چین وی گوالیا — اک واری آجا ماہی کتھے دِل لالیا
کہنوں میں وکھاواں جا کے دل والے داغ نوں — بالاں تیے بجھاواں آپے آساں دے چراغ نوں
جگ سارا ویری ہویا تُوں وی منہ چھُپالیا — اِک واری آجا ماہی کتھے دل لالیا
گلی گلی لبھیا میں رُستے ہوئے یار نوں — ہنجواں چہ ٹولیا گواچے ہوئے پیار نوں
سکھ تے نصیب نہیں سی دکھ جھولی پالیا
اِک واری آجا ماہی کتھے دِل لالیا

✽

دوہے

ادھ ٹٹیاں دلاں وچہ رہندا — جنھوں توں مسیتے لبھنائیں

جن توڑ کے جوڑن والے — ٹٹا ہویا دِل جوڑ دے

میرے یار دی مثل نہ کوئی — سارا جگ پھول ماریا

اکھاں والیاں پچھانیاں تینوں — تیرے وچوں رب دِسدا

بیبا چھڈ دے کتابی گلاں — یار نوں منونا سِکھ لے

رہنیے یار دی رضا وچہ راضی — جگ بھانویں سارا رس جاوے

لبھے یار دا مکھڑا نا مر کے — عِشق والے رَہ نہ تڑپیں

کھڑا جائے گا بہشتاں دے تے — یار دا دوارہ چھڈ کے

نِت ویکھنے خدا دا جلوہ — یار دا نِشانہ رکھ کے

دل یار دی حویلی سجناں — میلیاں نہ کریں دل نوں

دلا دِل نہ کسے دا توڑیں — رب نوں جے راضی رکھنائیں

کدی مکھ توں اٹھا دے پردہ — لوکاں نوں نماز بھل جاوے

ایہناں سوچاں دے وِچ ڈُبیاں — کئی راتاں لنگھ گیاں
کِسے بنایاں نے ایہہ شکلاں — یا آپے بَن پئیاں

مِٹی اگ ہوا تے پانی — کِتھے کر کے چارے
جدوں بنایا بُت آدم دا — کِتھے سَن ایہہ سارے

کِتھوں آئیا کِتھے پکیا — ایہہ خمیر اساڈا
کِنیاں چکراں وچوں بنیا — ایہہ سریر اساڈا

پنجویں شے کیہڑی جس آکے — مِٹی آن بُلائی
جس دے نال اضافے ہر شے — حرکت دے وِچ آئی

پہلی صُبح ہوئی کس ویلے — ہوئے لوئیں سویرے
کیہڑی شے نے وکھریاں ہوکے — کیتے دُور ہنیرے

مِٹی وِچ ایہہ چانن کِتھے — جھڑی چمکاراں مارے
کیہڑے نور دیاں ایہہ چھٹاں — اُڈ کے بنے ستارے

جد تک موجودات دا پردہ — نہ اُتوں ہٹ جاوے
اصل حقیقت اِس عالم دی — نظراں وِچ نہ آوے

✻

اَلہڑ کُڑی اِک شہر دی
سوہنی وی توبہ قہر دی

حاجت نہ اوہنوں تیر دی
تلوار دی زنجیر دی

تیزی نہ اوہ تلوار وِچ
جہڑی نظر دے وار وِچ

زُلفاں نوں مُڑ مُڑ کھولدی
اُڈن لئی پَر تولدی

بجلی جِیہے اسمان دی
پُتر جِیہے طوفان دی

کیہہ نُور اُس مٹیار دی
وانوں کلا دے ماردی

ہسدی پھرے نسدی پھرے
راہیاں دے دِل کھسدی پھرے

اُتوں فقیر اک آگیا
اوہ ہس کے آکھن لگا

خاوند دے جے مَن بھاگیوں
سمجھاں گا جگ اُتے آگیوں

✻

✻

ہار شنگار کران نوں بھیوں ۔۔۔ دھی نوں ڈولی پان توں پہلوں
سوچاں وچ ڈُبّی ہوئی ماں نے ۔۔۔ وَہناں وِچ کھُبّی ہوئی ماں نے
متّھا چمیا گل نال لایا ۔۔۔ اتھرو پونجھے چُپ کرایا
ٹھوڈیوں پھڑ کے ذرا ہلا کے ۔۔۔ آکھیا مُنہ اوہدے مُنہ نال لاکے
نی لاڈو میں صدقے جاواں ۔۔۔ مَیں تینوں اِک گل سمجھاواں
جے ڈھا کعبہ ڈھیندا اے ڈھ جائے ۔۔۔ جے سجدہ رہندا اے رہ جائے

خصم دا آکھا کدی نہ موڑیں
ہور کسے دی سانجھ نہ لوڑیں

✻

❋

کیہہ اودہے نال پیار کراں میں
کِنج اودہا دیدار کراں میں

جس دی نہ کوئی شکل نہ صُورت
جس دا نہ سایہ نہ قامت

جس دیاں نہ چشماں نہ پلکاں
نہ ابرُو نہ زُلف نہ چمکاں

نہ پیشانی تے نہ طلعت
نہ رُخسار نہ رنگ نہ رنگت

کِنج اودھا دیدار کراں میں
کیہہ اودہے نال پیار کراں میں

❋

نیر اعظم

حرفِ آغاز

تو مپندار کہ ایں قصہ ز خود می گویم
گوش نزدیکِ لبم آر کہ آوازے ہست — نظیری

"قندیلِ روح" اور "رنگ و بو" کے بعد یہ تیسرا مجموعۂ کلام پیشِ خدمت ہے
مجھے اس سے انکار نہیں کہ صنفِ نعت اپنی لطافت و شیرینی اور ادب و احترام کے
اعتبار سے ایک لالہ زار بھی ہے اور خارزار بھی۔ اور یہی وہ درگاہ ہے جہاں
بڑے بڑے سخنوروں اور نغز شناسوں کو اپنی ہیچمدانی اور کوتاہ قلمی کا
احساس ہوتا ہے۔ مگر ذوقِ حرف اور جذبِ دروں ایک ایسا نَے ہے جس کے
دھیمے دھیمے سُروں کا تسلسل اہلِ دل کو نغمہ سرائی پر مجبور کرتا ہے۔ میرا یہ
مختصر سا مرقع بھی اسی آشفتگی کا آئینہ دار ہے جس میں پہلے مجموعوں کی
طرح نہ کوئی فکر کی گہرائی ہے اور نہ فن کی چمک۔ مگر یہ فخر کیا کم ہے
کہ خدائے ذوالجلال نے مجھے اپنے محبوبِ بے مثال صلی اللہ علیہ وسلم کی
تحمید و توصیف کے لیے چن لیا اور میری جلوت و خلوت کو ان کے
ذکر و فکر سے منور کر رکھا ہے اور یہی میری نجات کا سامان بھی ہے۔

اس کتاب کی اصلاح و ترتیب میں جناب صوفی غلام مصطفےٰ تبسم
اور کتابت میں جناب صوفی خورشید عالم خورسند رقم نے جس دلچسپی
کا ثبوت دیا ہے وہ محتاجِ بیان نہیں۔ میں اُن کے اس خلوص کو شکریہ
کے رسمی الفاظ ادا کر کے مجروح نہیں کرنا چاہتا میری دُعا ہے کہ
خداتعالیٰ انھیں اپنی رضا و لقا کی مستی عطا کرے، آمین

ملک کے دو مشہور خطاط جناب سید انور حسین نفیس رقم اور جناب
حافظ محمد یوسف صاحب سدیدی بھی میری دلی دعاؤں کے مستحق ہیں
جنھوں نے اپنی خطاطی کا نمونہ شامل کر کے کتاب کے حُسن میں
ایک دلکش اضافہ کیا ہے۔

میں اپنے محبوب رفیق جناب شیخ صدیق ظفر کو بھی فراموش
نہیں کر سکتا جن کی بھرپور توجہ نے کتاب کو منزلِ تکمیل تک پہنچایا
اور طباعت کی گوناگوں رنگینیوں سے آراستہ کر دیا ہے۔

بہ جگر
نیاز کیش
محمد اعظم چشتی

۱۹ جون سنہ ۱۹۷۰ء

تعارف

بچپن میں نعت، اعظم کے لبوں سے ابھری تھی۔ اس کی میٹھی آواز سننے والوں کو مسحور کرتی تھی۔ لیکن اس وقت بہت کم لوگوں کو یہ معلوم تھا کہ اس آواز میں اس کے لبوں کی حرکت ہی نہیں اُس کے قلب کا ارتعاش بھی شامل ہے اعظم کی نعت خوانی، محض خوش بیانی اور خوش الحانی نہیں تھی، محبت کا جوش اور عقیدت کی فراوانی تھی۔

اعظم کو خوش نصیبی سے ایک خوشگوار گھریلو ماحول میسّر آیا۔ اس کے والد مرحوم ایک عالم اور نیک نفس بزرگ تھے۔ انھوں نے بڑی شفقت سے بچے کی تربیت کی۔ مطالعہ کا شوق دلایا اور اس طرح سے اعظم کی طبعی استعدادیں بروئے کار آئیں۔ بزرگوں کی صحبت نے اس فطری جوہر کو اور بھی چمکایا اور اعظم ایک نعت نگار شاعر بن کر لوگوں کے سامنے آیا۔

شعر کے فنی پہلو کچھ بھی ہوں اس کی بنیاد جذبے پر ہوتی ہے۔ شعر محبت کی بات ہے اور جب اس محبت کی بات میں فکر کی رسائی بھی شامل ہو جائے تو ایک خوبصورت شعر جنم لیتا ہے۔ اعظم نے ایک حساس دل کے ساتھ، ذہن رسا بھی پایا ہے۔ شعور کی پختگی نے ان دونوں

صلاحیتوں کو جِلا دی ہے اور اس کے کلام میں اثر انگیزی پیدا کی ہے۔

اِنسان بوڑھا ہو جاتا ہے لیکن محبت جوان رہتی ہے۔ پھر ایسی ذات والا صفات کی محبت جس کی یاد دِلوں کو تازگی بخشتی ہے! اعظم کو سرورِ کائنات کے ساتھ انتہائی عقیدت اور محبت ہے اور اسی جذبے سے اس کی نعت اُبھرتی ہے۔

رسولِ پاک کی یاد انسان کے دل میں پاکیزہ جذبات اور افکار پیدا کرتی ہے اور پاکیزہ افکار سے پاکیزہ اشعار ابھرتے ہیں اور یہ ایک نازک اور کٹھن مرحلہ ہے، یہاں پھونک پھونک کر قدم رکھنا پڑتا ہے۔ اس مقام پر پہنچ کر جذبات میں کھو جانا اور پھر احترام کے دامن کو تھامے رکھنا بہت مشکل ہوتا ہے! احترام کے ساتھ جذبات کی روک تھام ہی سے اچھی نعت وجود میں آتی ہے۔ اعظم کو قدرت نے یہی جوہر عطا کیا ہے۔

ان شعروں کو دیکھیے

سمجھا نہیں ہنوز مرا عشق بے ثبات	تو کائناتِ حُسن ہے یا حُسنِ کائنات
جو ذکر زندگی کے فسانے کی جان ہے	وہ تیرا ذکرِ پاک ہے اے زینتِ حیات
بزمِ حدوث میں ہے مقدم ترا وجود	خالق کے بعد کیوں نہ مکرم ہو تیری ذات
اب تک سجی ہوئی ہے ستاروں کی انجمن	اِس انتظار میں کہ پھر آئیں وہ ایک رات
ارشادِ مارمیت سے ظاہر ہوا یہ راز!	ہے کبریا کا ہاتھ رسولِ خدا کا ہات

اعظم میں ذکرِ شاہِ زمن کیسے چھوڑ دوں
میرے لیے تو ہے یہی سرمایۂ حیات

ہمارے بہت سے غزل گو شاعر، نعت کے اس پہلو کو فراموش کر دیتے ہیں، اور ان کی نعتیں کبھی کبھی محض عشقیہ غزلوں کی صورت اختیار کر لیتی ہیں! اعظم غزل بھی کہتا ہے

اور خوب کہتا ہے لیکن ہر ایک کے مقام کو ملحوظ رکھتا ہے دونوں میں خلط ملط پیدا نہیں ہونے دیتا اس کی نعت، نعت، اور غزل غزل ہی رہتی ہے۔

یہ غزل دیکھیے:

گھبرا گیا تھا کعبہ و بتخانہ دیکھ کر! جی خوش ہوا ہے رونق میخانہ دیکھ کر

ساقی نے بزم خاص میں مجھ کو بلا لیا صرف ایک میری لغزشِ مستانہ دیکھ کر

مڑ مڑ کے دیکھتے تھے مرے ہم سفر مجھے میں رک گیا تھا راہ میں میخانہ دیکھ کر

اب میں تری نگاہ کا مطلب سمجھ گیا اب ہاتھ کانپتا نہیں پیمانہ دیکھ کر

ناصح ترا خیال بجا مشورہ درست کچھ سوجھتا نہیں درِ جانانہ دیکھ کر

کچھ لوگ مسکرا دیتے کچھ لوگ رو دیتے مجھ کو شریکِ محفلِ رندانہ دیکھ کر

اعظم ہمارے ہاتھ سے پیمانہ گر گیا
ہر بوالہوس کے ہاتھ میں پیمانہ دیکھ کر

اعظم فارسی میں بھی شعر کہتا ہے۔ یہ فارسی کلام نعتیہ کلام تک محدود ہے اس میں اس نے زیادہ تر ان فارسی اساتذہ کا تتبع کیا ہے جن کا نعتیہ کلام فارسی ادب میں خاص مقام رکھتا ہے۔ مثلاً خواجہ فرید الدین عطار، خسرو اور جامی۔

فارسی زبان اتنی قریب ہونے کے باوجود ہمارے لیے ایک غیر زبان ہے۔ اس میں شعر کہنے کے لیے بڑی محنت اور دقتِ نظر درکار ہے۔ اعظم کے کلام میں صحتِ زبان اور حسنِ بیان دونوں پہلو پائے جاتے ہیں جو بڑی بات ہے۔

علاوہ بریں اعظم پنجابی میں بھی شعر کہتا ہے اس لیے نہیں کہ پنجابی اس کی اپنی زبان ہے بلکہ اس لیے کہ وہ پنجابی کے جلیل القدر شعرا کے کلام سے بے حد متاثر ہے۔ اب جس طرح فارسی

اشعار میں اعظم کے کلام میں فارسیت کا رنگ اُبھر آتا ہے اسی طرح پنجابی شعر کہتے وقت اس کا پنجابی مزاج نکھر آتا ہے، جب شاعر کا مزاج اور زبان کا مزاج دونوں ہم آہنگ ہوتے ہیں تو نتیجہ حسین شعر میں نمودار ہوتا ہے پنجابی کا بیشتر حصہ نعت پر مشتمل ہے لیکن اعظم نے پنجابی گیت اور دوہے بھی کہے ہیں اور بڑے رکھ رکھاؤ سے کہے ہیں۔ یہ رکھ رکھاؤ صرف زبان و بیان ہی کا نہیں بلکہ سبھاؤ کا بھی ہے جو ہمیں نعت، گیت اور دوہے کے الگ الگ روپ میں بھی یکساں نظر آتا ہے

اعظم کا کلام قارئین کرام کے سامنے ہے وہ خود اس بات کا اندازہ کریں گے کہ وہ کلام کیسا ہے۔ میں نے یہ چند الفاظ تنقید یا تحسین کی غرض سے نہیں لکھے۔ مجھے اس کے کلام کے ساتھ ساتھ اس کی ذات اور اس کی دوستی بھی عزیز ہے، مجھے اس سے پیار ہے اور شفقانہ لگاؤ ہے۔ اسی پیار اور شفقت کا اثر ہے کہ میں نے اعظم کے لیے صیغہ واحد استعمال کیا ہے۔ یہ میری محبت کا تقاضا ہے امید ہے کہ شاعر کے عقیدت مند اور خود اعظم بھی مجھے اس بے تکلفی کے لیے معاف فرمائیں گے۔

آخر میں میری یہ دعا ہے کہ اللہ اسے عمر دراز عطا فرمائے کہ اس کا رِ صواب و ثواب کو جاری رکھے۔ اور عشقِ رسول کا جذبہ عام کرتا رہے۔

غلام مصطفےٰ تبسم

۲۴ مارچ ۱۹۷۰ء

پیش گفت

نعت خوانِ اعظم، نعت خوانِ اعظم ہے، اتنا تو مجھے معلوم تھا مگر یہ خبر نہ تھی کہ اس کی شخصیت بیک وقت ایک نغز گو شاعر، ادبیات اور دینیات کے ایک ممتاز عالم، ایک سچے مسلمان اور ایک اچھے انسان کے کمالات اور محاسن کی بھی جامع ہے غالباً ۱۹۶۱ء کی بات ہے رنگ محل میں ایک جلسۂ میلاد کا اہتمام تھا میری تقریر تھی اور اعظم چشتی کو نعت پڑھنی تھی یہ پہلا موقعہ تھا کہ جس آواز پر میں برسوں سے سَر دُھن رہا تھا وہ میرے سامنے ایک سوزِ مجسّم کے سینۂ بے تاب سے نکل کر اہلِ محفل کے دل گرما رہی تھی ایک خوش گلو، خوش نوا اور خوش رو انسان قیامت ڈھا گیا۔ میرے دل نے کہا کہ یہ شخص عام نعت خوانوں سے کتنا مختلف ہے، پیشہ ورانہ انداز تو اسے چھو تک نہیں گیا۔ جو بول اپنے منہ سے نکالتا ہے اس کے معنی و مطلب سے آگاہ ہے۔ یوں محسوس ہوتا ہے جیسے اشعار اس کے حلق سے نہیں دل سے ابل رہے ہیں۔ نعت پڑھتا ہے تو خود اس کا وجود اس کیف میں تحلیل ہو جاتا ہے۔ اعظم چشتی سے یہ میری پہلی اور مختصر سی ملاقات تھی مگر اس نے دل پر اَن مٹ نقوش ثبت کر دیئے۔ جی چاہا کاش اسے بار بار سننے اور دیکھنے کے مواقع ملتے رہیں، خدا کا شکر ہے کہ اس نے میری دعا سُن لی! اس کے بعد اعظم کو بیسیوں مرتبہ سُنا۔ سفر و حضر میں قریب سے دیکھا اور مجھے یہ کہتے ہوئے مسرت محسوس ہوتی ہے کہ اس کی عظمت کا احساس ہر بار پہلے سے گہرا ہوتا چلا گیا۔

اعظم چشتی کو مبدا فیاض سے نہایت اعلیٰ اور متنوع صلاحیتیں عطا ہوئی ہیں، السنۂ شرقیہ کا فاضل، مذہبیات کا عالم، موسیقی کا ماہر، وسیع مطالعہ رکھنے والا ادیب اور شاعر ہے، وہ چاہتا تو کسی بھی میدان میں اپنی عظمت کے پرچم گاڑ دیتا۔ لیکن "یہ رتبۂ بلند ملا جس کو مل گیا" کے مصداق یہ اس کی سعادت بھی ہے اور قربانی بھی کہ اس نے اس مادیت کے دور میں اپنے لیے نعت گوئی کا میدان منتخب

کیا اور اپنی تمام تر صلاحیتیں اسی مقصدِ عزیز کے لیے وقف کر دیں جس کا ثبوت اس کے ایک شعر سے یوں ملتا ہے

یوں تو ہر صنفِ سخن سے ہوں شناسا لیکن　　　نعتِ احمدؐ ہی مری زیست کا ساماں نکلا

دنیا والے تو ہر بات کو نفع و نقصان اور سود و زیاں کی ترازو میں تولنے کے عادی ہیں وہ تو اسے گھاٹے ہی کا سودا قرار دیں گے لیکن اعظم کو کبھی ایک لمحے کے لیے بھی اپنی خوش نصیبی پر شک نہیں ہوا اسے اپنے مقدر پر ناز ہے وہ پورے یقین اور اطمینان کے ساتھ اعلان کرتا ہے کہ

اے خوشا بختِ او کہ ہست اعظم　　　از غلامانِ کمترین حبیبؐ

اسے اُن تمام اہلِ قلم پر ترس آتا ہے جو علم کا ذوق اور اس کی طلب رکھتے ہوئے بھی اس علم مجسم صلی اللہ علیہ وسلم سے دُور ہیں۔ کہتا ہے:

اعظم مرے ہم عصر خدایانِ قلم میں　　　کوئی نہ محمدؐ کا شناسا نظر آیا

لوگ اسے دنیاداری کا فن سکھاتے، زراندوزی کے نسخے بتاتے، شہرت و قبولیت حاصل کرنے کے لیے روشِ عام پر چلنے کی نصیحت کرتے ہیں لیکن وہ پلٹ کر انھیں ایک ہی جواب دیتا ہے:

اعظم میں ذکرِ شاہِ زمن کیسے چھوڑ دوں　　　میرے لیے تو ہے یہی سرمایۂ حیات

اعظم چشتی کا یہ انتخاب بلاشبہ حسنِ انتخاب ہے اس نے جو راہ اختیار کی ہے وہ انبیا و اصفیا اور صلحا و اولیا کی راہ ہے۔ انسانیت کے اس بہترین قافلہ کی گرد بھی مل جائے تو دولتِ کونین سے بڑھ کر ہے لیکن اہلِ علم جانتے ہیں کہ یہ راہ جتنی حسین ہے اتنی ہی دشوار اور نازک بھی ہے دوچار نہیں اس میں کتنے ہی سخت مقام آتے ہیں پُل صراط کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے اس کا مشاہدہ تو آخرت میں جاکر ہوگا۔ نعت گوئی دنیا ہی میں اس کا نقشہ دکھا دیتی ہے یوں تو جتنی بھی اصنافِ سخن ہیں سب اپنی جگہ مشکل اور اہم ہیں مگر جو نزاکت نعت گوئی میں ہے وہ کسی اور صنفِ شعر میں نہیں پائی جاتی یہاں ایک طرف محبت کے تقاضے ہیں تو دوسری

طرف شریعت کی حدود۔ جذبہ ایک طرف کھینچتا ہے تو علم دوسری جانب عام محبوبوں کا معاملہ ہو تو قلم آزاد ہے جس طرح چاہے واردات قلب کا نقشہ کھینچ دے مگر یہاں جب محبوب کی بات ہوتی ہے، وہ محبوبِ خدا ہے۔ ایک ایک لفظ میزان میں تُل کے نکلنا چاہیے کہ کہیں سوءِ ادب نہ ہو جائے، ایسے کے ڈینے نہ پڑ جائیں، جو بات ہو افراط و تفریط سے بچ کر ہو، ایک طرف یہ پابندیاں ہیں اور دوسری طرف شعریت کا مزاج اتنا حساس ہے کہ وہ ان حدود و قیود سے فوراً آورد میں تبدیل ہو جاتا ہے اب محض علم کے بل بوتے پر نعت کہو تو جذبے کی روح سے خالی ہوگی اور محض جذبے کی بنا پر شعر کہو تو اس پر نعت کا اطلاق نہ ہوگا۔ گویا نعت کیا ہے کارگہِ شیشہ گری ہے ذرا سی ٹھیس لگی اور آبگینہ ٹوٹ گیا آبِ آتش کو یک جا کرنا پھر آسان ہے مگر جذبہ اور علم کی آمیزش سے تغزل کے کامل شعور کو برقرار رکھتے ہوئے نعت کہنا کارے دارد، یوں کہنے کو ہر دور میں بے شمار لوگ اس سلسلہ میں طبع آزمائی بلکہ قسمت آزمائی کرتے رہے ہیں اور کر رہے ہیں مگر ایسی ہستیاں انگلیوں پر گنی جا سکتی ہیں جنھیں شاید قدرت نے روزِ ازل ہی سے اس سعادت کے لیے نامزد کر رکھا تھا اور میں پورے وثوق اور شرح صدر کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اعظم چشتی کا نام بھی انھی خوش نصیبوں کی فہرست میں شامل ہے۔

اعظم چشتی کی نعتوں کا مطالعہ کیا جائے تو ان میں عشق بھی نظر آئے گا اور علم بھی، جذبے کی گہرائی بھی ہوگی اور فن کی گیرائی بھی۔ وہ اپنی نعتوں میں بے تکلف قرآنی آیات، دینی اصطلاحات اور تصوف کے اشارات و کنایات استعمال کر جاتا ہے اور اس کے باوجود شعریت کی روح برقرار رہتی ہے، وہ نعت کے لیے غزل کا پیرایہ استعمال کرتا ہے مگر شریعت کا مزاج برہم نہیں ہوتا، ایسے اشعار اس مجموعہ میں ورق ورق پر بکھرے ہوئے نظر آئیں گے، میں مثال کے طور پر یہاں صرف چند اشعار پیش کروں گا۔

انبیا جملہ عظیم اندو محمد اعظم　　　ہمیں دین و ہمیں سودا ہمیں ایمانِ دارم

جذبۂ حسرتِ دیدار جو تڑپاتا ہے　　اپنی کوتاہ نگاہی کا خیال آتا ہے

سمجھا نہیں ہنوز مرا عشق بے ثبات　　تو کائناتِ حُسن ہے یا حُسنِ کائنات

اعظم نے نعت کے علاوہ غزل بھی کہی ہے اور بڑی پیاری اور پاکیزہ غزل کہی ہے، مجاز میں بھی حقیقت کی کتنی منزلیں طے کر جاتا ہے تصوف اور معرفت کا شعور، درد کی آنچ، محبت کا سوز، مترنم بحریں، موزوں الفاظ یہ اس کی غزل کے اجزائے ترکیبی ہیں، غزل نے آج تک جو ارتقائی سفر کیا ہے اعظم اس کی جزئیات تک سے واقف ہے یہی وجہ ہے کہ اس کے اشعار روحِ عصر سے پوری طرح ہم آہنگ ہیں وہ وقت کے تقاضوں کو جلو میں لے کر چلتے ہیں ان میں گل و بلبل کی فرسودہ حکایات کی بجائے غمِ دوراں کے تذکرے ہیں انسانیت کی آہوں کا دھواں ہے اور کمال یہ ہے کہ یہ سب کچھ اس نے غمِ جاناں کے روپ میں پیش کیا ہے۔ طوالت کے خوف سے اشعار کا انتخاب تو نہ ہو سکے گا۔ لیکن میرے خیال میں اعظم کا یہی ایک شعر غزل گوئی میں اس کا مقام واضح کرنے کے لیے کافی ہے۔

اعظم ہمارے ہاتھ سے پیمانہ گر گیا　　ہر بوالہوس کے ہاتھ میں پیمانہ دیکھ کر

اس مجموعۂ کلام میں کچھ منقبتیں بھی ہیں کچھ مشہور فارسی نعتوں کا منظوم پنجابی ترجمہ بھی، حمد بھی ہے اور شاعر کا فارسی کلام بھی، اور یہ ساری چیزیں بجائے خود اس قابل ہیں کہ ان پر تفصیلی تبصرہ کیا جائے مگر میں یہ کام نقادانِ سخن پر چھوڑتا ہوں، نہ یہ میرا منصب ہے نہ مقام، مَیں تو صرف اس صاحبِ کمال کی پیش خوانی کا شرف حاصل کرنا چاہتا تھا جسے بارگاہِ مصطفوی (صلی اللہ علیہ وسلم) سے حسانِ پاکستان کا لقب ارزانی ہوا ہے۔

کوثر نیازی

یکم ربیع الاول ۱۳۹۸ھ

نیّرِ اعظم

نتیجۂ فکر جناب صُوفی غُلام مُصطفےٰ صاحِب تبسّم،

حبّذا شعرِ اعظمِ چشتی
وہ چہ اسلُوبِ شاعرانہ ہست

زُھد را آشنائی داد بعشق
چہ عجب ربطِ محرمانہ ہست

آتش و آب را بہم آمیخت
گوئیا کارِ مُعجزانہ ہست

غزل اندازِ معرفت دارد
نعت در رنگِ عاشقانہ ہست

گو کہ تاریخ ایں مُرقّعِ نظم
۱۳۹۰ھ
غزل و نعتِ عارفانہ ہست
۱۹۷۰ء

[illegible]

[illegible]

طلوعِ نیّرِ اعظم

بیاضِ اعظمِ چشتی صُراحیِ مئے ناب
سفینۂ غزل و صحنِ گلشنِ شاداب

چمک رہا ہے کہیں حمد کا دُرِ خوش آب
مہک رہا ہے کہیں نعت کا شگفتہ گُلاب

ہر اک خیال میں نیرنگِ چشتیائی ہے
ہر ایک بات ہے سازِ حیات کی مضراب

زہے تراوشِ رگہائے خامۂ مخمور
دل و نگاہ کو مستی سے کر دیا سیراب

ہر ایک نقطہ ہے شبنم کے موتیوں کی طرح
ہر ایک دائرہ ہم پیشانۂ گُلابِ ناب

دلِ نفیس پہ وارد ہوئی ہے یوں تاریخ
طلوعِ نیّرِ اعظم پہ دال ہے یہ کتاب

۲ + ۱ ۳ ۸ ۹

★

بپاسِ خاطرِ محبّ محترم محمد اعظم چشتی، سید انور حسین نفیس رقم تحریر نمود، ۱۳۹۰ھ

حمد

حدِّ کنہِ تو بادراک نشاید دانست
ویں سخن نیز باندازۂ ادراکِ من است

عرفی

✻

اے خدائے جمال و زیبائی
خوب ہے تیری عالم آرائی

تو کہاں ہے کہاں نہیں ہے تو
محوِ حیرت ہے تابِ گویائی

سب میں موجود اور سب سے جُدا
کون سمجھے یہ رازِ تنہائی!

پارہ پارہ قبائے استدلال
ریزہ ریزہ ہے دامِ جویائی

کیا نظر آئے ماسوا کا جہاں
دیکھ کر تیری شانِ یکتائی

یاس میں غم میں اور مشکل میں
تیری رحمت ہی سب کے کام آئی

اعظم اِس نام سے ہے گلشن میں
زندگی، تازگی و رعنائی

✻

٭

لائق حمد تری ذات کہ محمود ہے تو
لائق سجدہ تری ذات کہ مسجود ہے تو

انکساری مرا مقسوم کہ بندہ ہوں میں
خود نمائی ترا دستور کہ معبود ہے تو

بُعد اتنا کہ کبھی آنکھ نے دیکھا نہ تجھے
قُرب اتنا کہ مری جان میں موجود ہے تو

ہے ورائے حدِ تعیّن سے تری ذاتِ قدیم
کون کہتا ہے کسی سمت میں محدود ہے تو

حُسن پردے میں بھی بے پردہ نظر آتا ہے
اتنا چھپنے پہ بھی منظور ہے مشہود ہے تو

میری کیا بُود کہ معدوم تھا معدوم ہوں میں
تیری کیا شان کہ موجود تھا موجود ہے تو

ایک اعظمؔ ہی نہیں عاشقِ ناچیز ترا
سب کا مطلوب ہے محبوب ہے مقصود ہے تو

٭

❀

خرد کو شکوہ بجا اپنی نارسائی کا
کوئی کنارا ہے یارب تری خدائی کا

پڑی ہوئی ہے ابھی تک مقامِ حیرت میں
قلق نظر کو بھی ہے اپنی نارسائی کا

ہر ایک نے تجھے اپنی نظر سے پہچانا
جُدا جُدا ہے ہر انداز دلربائی کا

خیال و وہم و قیاس و گماں سے دُور ہے تو
کسی کو دعوٰے نہیں تیری آشنائی کا

یہ شرق و غرب یہ کون و مکاں یہ ارض و سما
یہ اک حقیر کرشمہ ہے کبریائی کا

وہ بے حجاب نہیں ہے تو بے نشاں بھی نہیں
مجھے بتایا ہے آئینہ خودنمائی کا!

تعینات کے پردے اُٹھا کے دیکھ اعظم
بہت دراز ہے یہ سلسلہ خدائی کا

❀

٭

میری نگاہ سے مرے وہم و گماں سے دُور
میری خرد سے دُور مری این و آں سے دُور
راحت سے پاک رنج سے پاک اِبتلا سے پاک
ہر بیش و کم سے ہر غمِ سُود و زیاں سے دُور
حسرت سے پاک سوز سے پاک آرزو سے پاک
حاجت سے پاک عجز سے پاک امتحاں سے دُور
کون و مکاں میں صرف وُہی ایک ذات ہے
جو ہے ہر اک بشر کی چنین و چناں سے دُور
اعظمؔ وہ ایک ایسی حقیقت ہے بے نشاں
ظاہر ہے ہر نشاں سے مگر ہر نشاں سے دُور

٭

✿

ہے ذِکر ترا گلشن گلشن سُبحان اللہ سُبحان اللہ
مصرُوفِ ثنا ہیں سرو و سمن سُبحان اللہ سُبحان اللہ

غنچوں کی چٹک شبنم کی ضیا، پھولوں کی مہک بلبل کی نوا
قائم ہے تجلّی سے حُسنِ چمن سُبحان اللہ سُبحان اللہ

کیا دیکھے کوئی وسعت تیری، ہو کیسے بیاں عظمت تیری
عاجز ہے نظر قاصر ہے دہن سُبحان اللہ سُبحان اللہ

مطلوب بھی تو مقصُود بھی تو، مسجُود بھی تو معبُود بھی تو
تو رُوحِ صبا تو جانِ چمن سُبحان اللہ سُبحان اللہ

ہر نقش تری قدرت کا نشاں، ہر نقش کے لب پہ تیرا بیاں
ہر بزم میں تو موضوعِ سخن سُبحان اللہ سُبحان اللہ

مَیں نے جو کہا مَیں نے جو سُنا، کچھ بھی نہ کہا کچھ بھی نہ سُنا
ہے اس سے وَرا تیرا مسکن سُبحان اللہ سُبحان اللہ

مٹی کو زباں دے کر اُس کو اعجازِ بیاں دینے والے
اَعظم کو بھی دے توفیقِ سخن سُبحان اللہ سُبحان اللہ

✿

تیری ہی ذات اے خدا اصلِ وجُودِ دوسرا
تیرے ہی نور کی جھلک غازۂ رُوئے ماسوا

تیرے ہی نُور سے ملی فکر و نظر کو روشنی
تیرے ہی نور کی تو ہے شمس و قمر میں بھی ضیا

خالقِ دو جہاں بھی تو رازقِ دو جہاں بھی تو
تیرے کرم سے مستفیض میر و فقیر و انبیا

دونوں جہاں کی نعمتیں ہیں ترے ہاتھ میں سبھی
تیرے ہی در سے جو ملا جتنا ملا جسے ملا

ارض و سما و بحر و بر سب میں ہے تو ہی جلوہ گر
تیرا ہی ذکر کُو بہ کُو خانہ بخانہ جا بہ جا

حمد تری کرے بیاں اعظمِ بے نوا تو کیا
جب کہ تو بے مثال ہے اور کیف و کم سے ہے ورا

نعت

روشن از پرتوِ رویت نظرے نیست کہ نیست
منتِ خاکِ درت بر بصرے نیست کہ نیست

خواجہ حافظ

✽

زیست وقفِ غمِ آلام تھی جن سے پہلے
آدمیت پہ جفا عام تھی جن سے پہلے

آشنا حسن سے کوئی نہ پرستارِ وفا
عاشقی جرم تھی اِلزام تھی جن سے پہلے

نہ کوئی درد سے آگاہ نہ غم سے واقف
بے خودی گوہرِ گم نام تھی جن سے پہلے

نشۂ بادۂ وحدت سے کوئی چور نہ تھا
بزم آرائے گلفام تھی جن سے پہلے

دولتِ امن سے محروم تھا دامانِ حیات
زندگی ایک تہی جام تھی جن سے پہلے

عشق بے چارہ تھا بے بہرۂ تسلیم و رضا
عقل آوارہ و بدنام تھی جن سے پہلے

للہ الحمد کہ رحمت کا سراپا بن کر
آگئے آپ ہر اک غم کا مداوا بن کر

اعظمؔ اب جھوم کے لو سیدِ کونین کا نام
خود خدا بھیجتا ہے جن پہ درود اور سلام

✽

✿

دِل کو آئینہ بنایا گیا جن کی خاطر | آنکھ کو ہوش میں لایا گیا جن کی خاطر
نغمۂ بلبل کو سکھایا گیا جن کی خاطر | گُل میں خوشبو کو بسایا گیا جن کی خاطر
جن کی خاطر ہوئی تخلیق بہارِ ابدی | باغِ توحید سجایا گیا جن کی خاطر
شاخ کو، غنچے کو، بلبل کو، چمن کو، گُل کو | عالمِ وجد میں لایا گیا جن کی خاطر
عرش کو مہر کو انجم کو فلک کو مہ کو | ہمہ تن چشم بنایا گیا جن کی خاطر
وہ جمالِ ازلی جلوۂ ذاتِ احدی | سارے نبیوں سے چھپایا گیا جن کی خاطر
آ گئے آج زمانے میں وہ رحمت بن کر | لائے تشریف وہ اک زندہ حقیقت بن کر

اعظمؔ اِس شان کا محبوب نہ دیکھا نہ سنا
مرحبا صلِّ علےٰ صلِّ علےٰ صلِّ علےٰ

✿

آ گئے آج زمانے میں زمانے والے
رُوحِ خوابیدہ ہستی کو جگانے والے

زیست کی راہ سے کانٹوں کو ہٹانے والے
تلخیاں عہدِ گذشتہ کی مٹانے والے

میکشوں کو مئے عرفان پلانے والے
سرکشوں کو درِ خالق پہ جھکانے والے

سینۂ دہر سے دھو کر حسد و غم کا غبار
بستیاں عشق و محبت کی بسانے والے

جس کا کوئی نہ ہو غم خوار زمانے بھر میں
ایسے نادار کو سینے سے لگانے والے

غم کے مارے ہوئے مایوس خطا کاروں کو
اپنے دامانِ شفاعت میں چھپانے والے

اعظم اک آن میں بدلا مری تقدیر کا رنگ
آئے فطرت کو جو آئینہ دکھانے والے

✿

اپنے اللہ کا سب سے بڑا اِحساں بن کر
آ گئے ختمِ رُسل رحمتِ یزداں بن کر

آ گئی سامنے آنکھوں کے خدا کی صورت
آئے سرکار جو اللہ کی بُرہاں بن کر

آدمیت کو نہ مِلتا کبھی منزل کا سُراغ
آپ آتے نہ اگر صورتِ اِنساں بن کر

دِل کے پژمردہ چمن میں کبھی آتی نہ بہار
وہ برستے نہ اگر ابرِ بہاراں بن کر

دلِ بیمار مُبارک ترے درماں کے لیے!
آ گیا کوئی دوائے غمِ عصیاں بن کر

توبہ توبہ کبھی کٹتی نہ شبِ تارِ الست!
آپ آتے نہ اگر صُبحِ درخشاں بن کر

حُسنِ تنزیہہ کا وہ جلوۂ اوّل اعظمؔ
سب کے بعد آیا مگر نُورِ دل و جاں بن کر

✿

✿

دیکھیے جذبِ محبت کا اثر آج کی رات
اپنے محبوب کو بلوا لیا گھر آج کی رات

آئی آواز ذرا اور قریب آ جاؤ
منتظر ہے کوئی آغوشِ نظر آج کی رات

چھپ کے بیٹھا ہے سرِ شام کسی گوشے میں
تابِ جلوہ کہاں رکھتا تھا قمر آج کی رات

خالقِ عرش سرِ عرش بہ صد رعنائی
جلوہ فرما ہے بہ اندازِ دگر آج کی رات

کوئی سمجھے بھی تو کیا کوئی نہ سمجھے بھی تو کیا
اللہ اللہ یہ توقیرِ بشر آج کی رات

جلد لوٹ آئیے سرکار کہ یہ رات کٹے
ورنہ مشکل نظر آتی ہے سحر آج کی رات

خود بخود اٹھتے گئے سارے حجاباتِ عظم
جس طرف سے بھی ہوا ان کا گذر آج کی رات

✿

❁

عرشِ اعظم پہ گئے شاہِ زمن آج کی رات
قابلِ دید ہے فطرت کی پھبن آج کی رات

لے کے جبریلِ امیں حسن کا پیغام آئے
دیکھ کر عشق کا بے ساختہ پن آج کی رات

آج برسے گا دو عالم پہ کرم کا بادل
دور ہو جائیں گے امت کے محن آج کی رات

اب وہ رستہ نہیں گردش نہیں رفتار نہیں
اک نئے دور میں ہے چرخِ کہن آج کی رات

کوئی دیوار تری راہ میں حائل نہ ہوئی
کوئی منزل نظر آئی نہ کٹھن آج کی رات

دوستو تذکرۂ زلفِ بہاراں نہ کرو
آج کی رات ہے موضوعِ سخن آج کی رات

سیر کیا کون سی معراج کہاں کی رفعت
ہے رواں سوئے وطن جانِ وطن آج کی رات

یہ بھی ہے صاحبِ معراج کی مدحت کا صلہ
مجھ کو حاصل ہوئی معراجِ سخن آج کی رات

چمنِ دہر کا پتہ نہ ہلے گا اعظمؔ!
جب تک آ جائے نہ وہ جانِ چمن آج کی رات

❁

کتنا بڑا ہے مجھ پہ یہ احسانِ مصطفیٰ
کہتے ہیں لوگ مجھ کو ثنا خوانِ مصطفیٰ

جبریل سے مجھے بھی ہے نسبت قریب کی
وہ بھی ہے اور میں بھی ہوں دربانِ مصطفیٰ

بخشش نثار ہونے کو آئی ہزار بار
دیکھا جو مجھ پہ سایۂ دامانِ مصطفیٰ

دوزخ میں جائے گا نہ کوئی اُمتی مرا
اللہ سے ہوا ہے یہ پیمانِ مصطفیٰ

اِک ایک کر کے بند ہوئے سارے میکدے
اس شان سے کھلا ہے خمستانِ مصطفیٰ

یارب مجھے بھی دیدۂ حسانؓ کر عطا
حاصل ہوا اِس گدا کو بھی عرفانِ مصطفیٰ

اعظم کبھی مجھے بھی تو بلوائیں گے حضورؐ
اک دن بنوں گا میں بھی تو مہمانِ مصطفیٰ

❀

سخا بن کر وفا بن کر کرم بن کر عطا بن کر
خدا کا نور اُترا لامکاں سے مصطفےٰ بن کر

حقیقت کی زباں بن کر نشانِ بے نشاں بن کر
رسولُ اللہ آئے حُسنِ مطلق کی ادا بن کر

وہ آئے ہم کو تخلیقِ جہاں کا راز سمجھانے
وہ آئے رہگذارِ زندگی میں رہنما بن کر

ترے جلووں کے قرباں دیدہ و دل کر دیے روشن
کبھی بدرالدجےٰ بن کر کبھی شمس الضحےٰ بن کر

اسے دیر و حرم سے کیا غرض جنت سے کیا مطلب
جو اُن کے در پہ بیٹھا ہو گدائے بے نوا بن کر

زہے قسمت کہ اعظم بھی درِ اقدس پہ حاضر ہو
مجسم آرزو بن کر، سراپا التجا بن کر

❀

✿

ایسا کوئی محبوب نہ ہوگا نہ کہیں ہے
بیٹھا ہے چٹائی پہ مگر عرش نشیں ہے

مِلتا نہیں کیا کیا دو جہاں کو ترے در سے
اک لفظ نہیں ہے کہ ترے لب پہ نہیں ہے

ہیں تیرے ہوا خواہوں میں مُرسل بھی نبی بھی
کونین ترے زیرِ اثر زیرِ نگیں ہے

تو چاہے تو ہر شب ہو مثالِ شبِ اسریٰ
تیرے لیے دو چار قدم عرشِ بریں ہے

ہر اک کو میسّر کہاں اُس دَر کی غلامی
اُس در کا تو دربان بھی جبریلِ امیں ہے

رُکتے ہیں یہیں آکے قدم اہلِ نظر کے
اِس کوچے سے آگے نہ زماں ہے نہ زمیں ہے

اے شاہِ زمن اب تو زیارت کا شرف دے
بے چین ہیں آنکھیں مری بیتاب جبیں ہے

دِل گریہ کُناں اور نظر سوئے مدینہ
اعظمؔ ترا اندازِ طلب کتنا حسیں ہے

✿

✿

کوئی عالم نہ کوئی صاحبِ عرفاں نکلا
ایک اُمّی ہی مگر صاحبِ قرآں نکلا

شاہِ افلاک ترے ذکرِ مقدس کے بغیر
نامکمّل مرا افسانۂ ایماں نکلا

ہر نبی محرمِ اسرارِ الٰہی تھا مگر
کوئی تجھ سا نہ خود آگاہ و خداداں نکلا

خُلد اور اِس قدر آسُودگی، اللہ اللہ
سایۂ خُلد ترا سایۂ داماں نکلا

رُک گیا تھا جو کبھی آنکھ سے گرتے گرتے
آج وہ اشک علاجِ غمِ عصیاں نکلا

یُوں تو ہر صنفِ سخن سے ہُوں شناسا لیکن
ذکرِ احمدؐ ہی مری زیست کا ساماں نکلا

یہ جہاں اَور ہے، وہ اَور جہاں ہے اعظم
جس جہاں سے وہ مرا مہرِ درخشاں نکلا

✿

مانا کہ بے عمل ہُوں نہایت بُرا ہُوں مَیں
لیکن رسُولِ پاک کے دَر کا گدا ہُوں مَیں

میں تو تمھارے غم کا سزاوار ہی نہ تھا
یہ اُس کی دین ہے کہ اُسے بھا گیا ہُوں مَیں

جس نے تری تلاش میں صدیاں گذار دیں
وہ چشمِ آرزُو ہوں وہ حرفِ دُعا ہُوں مَیں

تڑپا رہا ہے جذبۂ بے اختیارِ دید
محسوس ہو رہا ہے کہ یاد آ رہا ہُوں مَیں

دامن بھی تار تار گریباں بھی تار تار
شاید حدِ جنوں کے قریب آ گیا ہُوں مَیں

انسانیت کو بخشی وہ توقیر آپ نے
ہر آدمی سمجھنے لگا ہے خدا ہُوں مَیں

اعظمؔ مری زبان کہاں اور کہاں وُہ ذات
نام اپنا اُن کے ذکر سے چمکا رہا ہُوں مَیں

✿

عکسِ حق ہے رُخِ مبینِ حبیبؐ
لوحِ محفوظ ہے جبینِ حبیبؐ

ہر قدم پر تجلیوں کا ہجوم
لامکاں ہے کہ سرزمینِ حبیبؐ

سائے کا بوجھ بھی اُٹھا نہ سکی
دیکھیے طبعِ نازنینِ حبیبؐ

سایۂ خلد سے بھی ٹھنڈا ہے
سایۂ زُلفِ عنبرینِ حبیبؐ

یا الٰہی مرے لیے بھی کھلیں!
لبِ اعجاز آفرینِ حبیبؐ

اے خوشا بختِ اُو کہ ہست اعظم
از غلامانِ کمترینِ حبیبؐ

✿

✽

ہے مظہرِ انوارِ خدا رُوئے محمد
ہے سجدہ گہِ اہلِ وفا کُوئے محمد

ہے قبلۂ عُشاق جبینِ شہِ لولاک
ہے کعبۂ ایماں خمِ ابرُوئے محمد

ہر سر کے مقدر میں کہاں دولتِ سجدہ
ہر سجدے کی قسمت میں کہاں کُوئے محمد

ہر آنکھ نے دیکھا ہے کہاں وہ رُخِ زیبا
ہر دل کہاں وابستۂ گیسُوئے محمد

اے عشق یہاں کُفر ہے بیباک نگاہی
اے دل ذرا ہُشیار، ہے یہ کُوئے محمد

محشر میں پیمبر بھی شفاعت طلبی کو
دَوڑے ہُوئے آئیں گے سبھی سُوئے محمد

چل پڑتا ہوں عظمؔ دلِ مُشتاق کو لے کر
آتی ہے جدھر سے مجھے خوشبُوئے محمد، صلے اللہ علیہ وسلم

✽

✻

کہیں جس کو دوائے دردِ ہجراں یا رسُول اللہ
دکھا نا مجھ کو بھی وہ رُخِ تاباں یا رسُول اللہ

کرم یا رحمۃ للعالمیں یا شافعِ محشر
کہ ہے خالی عمل سے میرا داماں یا رسُول اللہ

سُنا ہے آپ ہر عاشق کے گھر تشریف لاتے ہیں
مرے گھر میں بھی ہو جائے چراغاں یا رسُول اللہ

کبھی تو رحم آجائے مری آشفتہ حالی پر
کبھی تو ہو گذر سوئے غریباں یا رسُول اللہ

دکھاتا پھر رہا ہُوں کب سے اِن سینے کے داغوں کو
سِلے گا کب مرا چاکِ گریباں یا رسُول اللہ

تمُہارا ذِکر کرتا جاؤں گا میدانِ محشر میں
یہی تو ہے مری بخشش کا ساماں یا رسُول اللہ

کِیا ہے نام لیواؤں میں شامِل اپنے اعظم کو
نہ بھُولوں گا قیامت تک یہ اِحساں یا رسُول اللہ

✻

اللہ اللہ مدینہ ترا بطحا تیرا
خلد کی سمت نہ دیکھے کبھی شیدا تیرا

جلوۂ حسنِ مشیت رخِ زیبا تیرا
سروِ بستانِ حقیقت قدِ بالا تیرا

لوگ سمجھے ہیں کہ ہے دیس مدینہ تیرا
درحقیقت ہے مِنَ اللہ ٹھکانا تیرا

تیرا ثانی تو کہاں دہر میں اے ختمِ رسل
ہم نے دیکھا نہیں اب تک کہیں سایا تیرا

تیری طاعت ہے حقیقت میں خدا کی طاعت
وہی بندہ ہے خدا کا جو ہے بندا تیرا

تو جدھر رخ کو گھما دے وہی کعبہ بن جائے
کتنا محبوب ہے اللہ کو منشا تیرا

میں گنہگار ہوں لیکن ترا کہلاتا ہوں
مجھ کو لے دے کے سہارا ہے تو شاہا تیرا

لوگ اعظم کو پکاریں ترا عاشق کہہ کر
اِس کرم کے ابھی لائق کہاں بندا تیرا

✻

بختِ خوابیدہ جگایا ہے ہمارا حق نے
کیا بنایا تجھے عالم کا سہارا حق نے

کون دیتا ہے کسی کو کوئی محبوب اپنا
جانے کس طرح کیا ہے یہ گوارا حق نے

کیوں نہ بے مثل ہو بے عیب ہو بے پایاں ہو
اپنے محبوب کو ہاتھوں سے سنوارا حق نے

روئے محبوب حقیقت میں وہ آئینہ ہے
اپنی ہستی کا کیا جس میں نظارا حق نے

مقتدا بعد میں آتا ہے امامت کے لیے
بعد میں رکھا ہے یوں نام تمہارا حق نے

کہیں شاہد کہیں طاہا کہیں یٰسین کہا
یا محمد کبھی کہہ کر نہ پکارا حق نے

بھیج کر رحمتِ عالم کا سراپا اعظمؔ
کر دیا زندہ دو عالم کو دوبارا حق نے

✻

بس جائے اگر دل میں دِلارائے مدینہ
واللہ یہ سینہ مرا بن جائے مدینہ

ہے یوں تو ہر اک دِل میں تمنائے مدینہ
آئی ہے کِدھر سے یہ صدا ہائے مدینہ

وہ دل نہیں جس میں نہ محمدؐ کی تڑپ ہو
وہ سر نہیں جس میں نہ ہو سودائے مدینہ

جنت کے نظارے کی ہوس ہو جسے آ دل
وہ شوق سے اک مرتبہ دیکھ آئے مدینہ

اُس گنبدِ خضرا کی طرف آنکھ اُٹھانا
ہے ترکِ ادب اے دِل شیدائے مدینہ

موت آئے اور اِس حال میں آئے تو مزا ہو
ہو لب پہ ثنائے شہِ والائے مدینہ

سر پر رکھوں عظمت سے اُسے آنکھوں پہ بٹھاؤں
ہاتھ آئے جو اک ذرۂ صحرائے مدینہ

✻

گُذرا وہ جدھر سے ہوئی وہ راہ گذر نور — اُس نورِ مجسّم کی ہے ہر شام و سحر نور

لب نور دہاں نور زباں نور بیاں نور — دِل نور جگر نور جبیں نور نظر نور

گیسو کی ضیا نور عمامہ کی چمک نور — اس آیۂ رحمت کی ہے ہر زیر و زبر نور

سر تا بہ قدم نور عیاں نور نہاں نور — ہر سمت تری نور اِدھر نور اُدھر نور

کیونکر نہ ہوں زہرا و حسین اور حسن نور — اس نخلِ رسالت کا ہے ہر برگ و ثمر نور

ممکن نہیں تا عرش ہر انساں کی رسائی — ہے خاک کا گھر خاک مگر نور کا گھر نور

نسبت ہوئی جس کو تری خاکِ کفِ پا سے — وہ شہر وہ کوچہ وہ در و بام وہ گھر نور

جس صبح اُتارا گیا وہ چاند زمیں پر — وہ ماہ وہ دن نور وہ ساعت وہ سحر نور

جس رُوئے منور پہ ہو والفجر کی طلعت — بے جا نہیں گر اُس کو کہیں اہلِ نظر نور

اعظم کہاں دیکھا ہے مجھے یاد نہیں ہے
رہتا ہے شب و روز وہی پیشِ نظر نور

✻

✿

تو فردوسِ نظر آرامِ جاں ہے
سرورِ خاطرِ آزردگاں ہے

ہے کس محبوب کی آمد جہاں میں
کہ سجدے میں جبینِ دو جہاں ہے

ہوائے لذتِ دیدار کیسی
ابھی ہستی کا پردہ درمیاں ہے

تری صورت سے پہچانا خدا کو
ترا جلوہ نشانِ بے نشاں ہے

مہ و خورشید سے تشبیہہ کیا دُوں
تمھاری ذات میں گم آسماں ہے

بنا جو غازۂ روئے حقیقت
غبارِ کوئے ختم المرسلاں ہے

چلو تم سر کے بل اعظم یہاں پر
یہ محبوبِ خدا کا آستاں ہے

✿

آتے رہے میخانے مری راہ گذر میں
ہے ساقیِ کوثر مری آغوشِ نظر میں

پہنچے تری رفعت کو کہاں دیدۂ حیراں
گم ہو گئے افلاک تری گردِ سفر میں

کیوں کر نہ ہو رنگیں مرا افسانۂ ہستی
شامل ہے ترا نام مرے شام و سحر میں

آباد ستاروں کا جہاں تیرے قدم سے
تیرے رخِ روشن کی ضیا شمس و قمر میں

اے نورِ ازل باعثِ تخلیقِ دو عالم
پہچان گئے ہم تجھے پہلی ہی نظر میں

حسرت ہے کہ وہ آئیں تو کچھ اشک بہا لوں
اک آگ کا طوفاں ہے مرے دیدۂ تر میں

اعظم مرے اشکوں میں جو رکھی ہے خدا نے
وہ آب جہاں تاب کہاں لعل و گہر میں

✿

کوئی بھی نہ محبوبِ خدا سا نظر آیا
جس آن میں دیکھا اُسے یکتا نظر آیا

اُس کو بھلا کیا آپ کا سایہ نظر آئے
جس آنکھ کو اللہ کا سایا نظر آیا

ظاہر تری صُورت سے ہو احُسنِ ازل بھی
دیکھا جو مدینے سے تو کعبہ نظر آیا

مطلوبِ دو عالم بھی ہیں محبوبِ خدا بھی
اک ذات میں اُن کی ہمیں کیا کیا نظر آیا

مَر جاتے اگر دل میں تری یاد نہ آتی
صد شُکر کہ جینے کا سہارا نظر آیا

ذرّے درِ اقدس کے ہیں مہر و مہ و انجم
گردُوں بھی گدائے شہِ والا نظر آیا

جا کر نہ اُٹھی آنکھ سُوئے گنبدِ خضرا
دیکھا ہے وہی دُور سے جتنا نظر آیا

اعظمؔ مرے ہم عصر خدایانِ قلم میں
کوئی نہ محمّد کا شناسا نظر آیا

✿

❋

اُس نے چھوڑا نہ کسی حال میں تنہا مجھ کو
ساتھ رکھتا ہے خیالِ شہِ بطحا مجھ کو

ایک بار آیا جو لب پر شہِ کونین کا نام
رحمتِ حق نے کئی بار پکارا مجھ کو

بزمِ توحید کا ہر گوشہ ہے روشن جس سے
تیری آنکھوں میں نظر آیا وہ جلوا مجھ کو

میں بھی گھر بیٹھے دو عالم کا نظارا کروں
یا الٰہی وہ عطا کر دلِ بینا مجھ کو!

قُربِ محبوب خدا دے یہ بڑی دولت ہے
پھر بھی رہتی ہے تڑپنے کی تمنّا مجھ کو

رِفعتِ عرش نگاہوں میں سمٹ آتی ہے
جب بھی یاد آتا ہے وہ گُنبدِ خضرا مجھ کو

کِتنا محبُوب ہے اعظمؔ اُنھیں رونا میرا
ساری دُنیا کو بُلایا، نہ بُلایا مجھ کو

❋

✲

جذبۂ حسرتِ دیدار جو تڑپاتا ہے
اپنی کوتاہ نگاہی کا خیال آتا ہے

جب بھی آجاتا ہے سہواً کبھی جنّت کا خیال
تیرا مسکن ترا در سامنے آجاتا ہے

حق نے جس شہر کے ذرّوں کی قسم کھائی ہو
واں اُبھرتے ہُوئے خورشید بھی شرماتا ہے

دیکھ کر وسعتِ دامانِ کرم حشر کے دن
میرا دامانِ طلب آپ ہی شرماتا ہے

کوئی روتا ہے تو بھر آتی ہیں آنکھیں میری
میں سمجھتا ہُوں مدینہ اِسے یاد آتا ہے

نعت کا رنگ جو بدلا تو میں سمجھا اعظم
پہلے میں کہتا تھا اب کوئی کہلواتا ہے

✲

✻

دل میں کیا رکھا ہے اب اُلفتِ حضرت کے سوا
اُڑ گئے رنگ سبھی رنگِ حقیقت کے سوا

حق کو دیکھا ہے خدائی نے جس آئینے میں
کوئی لائے گا کہاں سے تری صُورت کے سوا

آستانِ شہِ لولاک سے آگے جا کر
کچھ نہ پایا دلِ مُشتاق نے حیرت کے سوا

نُورِ توحید سے بھٹکے ہُوئے پروانوں کو
کوئی رہبر نہ ملا شمعِ رسالت کے سوا

تو سما جائے اِن آنکھوں میں تو آنکھوں کی قسم
کوئی صُورت بھی نہ دیکھوں تری صُورت کے سوا

ہیچ ہے دولتِ کونین نگاہوں میں مری
کوئی مقصُود نہیں تیری محبت کے سوا

اعظمؔ اُس بارگہِ شاہ میں کیا لے کے چلوں
میرے دامن میں ہے کیا اشکِ ندامت کے سوا

✻

✿

سمجھا نہیں ہنوز مرا عشقِ بے ثبات
تو کائناتِ حُسن ہے یا حُسنِ کائنات

جو ذِکر زندگی کے فسانے کی جان ہے
وہ تیرا ذکرِ پاک ہے اے زینتِ حیات

اک خالقِ جہاں ہے تو اک مالکِ جہاں
اک جانِ کائنات ہے اک وجہِ کائنات

بزمِ حدُوث میں ہے مُقدّم ترا وجُود
خالق کے بعد کیوں نہ مکرّم ہو تیری ذات

اب تک سجی ہُوئی ہے ستاروں کی انجمن
اِس انتظار میں کہ پھر آئیں وہ ایک رات

ارشادِ مَا رَمَیت سے ظاہر ہُوا یہ راز
ہے کبریا کا ہاتھ رسُولِ خدا کا ہات

اعظم میں ذکرِ شاہِ زَمَن کیسے چھوڑدوں
میرے لیے تو ہے یہی سرمایۂ حیات

✿

❋

مقدور میں دیارِ حرم کا سفر کہاں — میری جبیں کہاں وہ درِ مفتخر کہاں

اِس بزم میں کہاں گذرِ فکرِ نارسا — شائستہ حضور ابھی ذوقِ نظر کہاں

ہر اک کے سامنے وہ اُٹھاتے ہیں کب حجاب — ہر آشیاں نشانہ برق و شرر کہاں

کوئے بتاں سے کوئے حرم تک پہنچ گئی — دیکھو اُٹھی کہاں سے تو ٹھہری نظر کہاں

اُن کی نظر نہ ہو تو یہ عزمِ سفر ہے کیا — اُن کا کرم نہ ہو تو یہ ذوقِ سفر کہاں

ہیں کتنی اشکہائے عقیدت سے بہرہ ور — ہر آنکھ کو نصیب یہ لعل و گہر کہاں

بھیجے ہزار ہم نے دعاؤں کے قافلے — اُس بارگاہِ ناز میں لیکن گذر کہاں

کر دے جو چاک پردۂ تاریکی حیات — وہ آہِ نیم شب وہ فغانِ سحر کہاں

آنکھوں کے سامنے ہے درِ شاہِ دو جہاں — اپنی نظر میں خلد کے اب بام و در کہاں

دنیا گئی جہان گیا قافلے گئے — ہم بھی درِ حضور پہ جاتے مگر کہاں

اعظم اسی خیال نے روکا ہے آج تک
حضرت کا آستانہ کہاں اپنا سر کہاں

❋

❋

صادقُ الوعد ابرِ لُطفِ عمیم — مُشفق و مُحسن و رؤف و رحیم

مُنذِر و مُخبر و بشیر و نذیر — شاہد و ناظر و خبیر و علیم

سیّد و رہبر و امام و امیر — مالکُ وارث و وسیم و قسیم

اکمل و اکرم و جمیل و ملیح — افصح و ابلغ و عقیل و فہیم

دستِ قدرت کا شاہکارِ جمیل — ذہنِ قدرت کا ایک فکرِ عظیم

شہریارِ دیارِ فقر و غنا — بحرِ الطاف و مہرِ خُلقِ عظیم

سروِ آزادِ گلشنِ توحید — گُلِ خوشرنگِ باغِ حُسنِ قدیم

آئینہ دارِ اَیُّکُمْ مِثْلِیْ — مِثْلُکُمْ میں بھی بے مثال و عظیم

زیرِ فرمان آفتاب دستمر — ہاتھ میں اُس کے کوثر و تسنیم

جس کے سر پر ہے ابر سایہ فگن — جس کی پابوس ہے صبا و نسیم

لِیْ مَعَ اللّٰہ کا مقام نہ پوچھ — راہ میں ہے درِ مسیح و کلیمؑ!

عبد و معبود میں ہے نسبتِ تام — ہے محمّد بھی احمدِ بے میم

سُن کے لَا تَرْفَعُوْا کا حکمِ اعظم
ہوگئی فرض آپ کی تعظیم

✲

کتنی گستاخ ہے نگاہِ خیال — ڈھونڈنے جا رہی ہے اُن کی مثال
دیکھیے میری عجزِ طبع کا حال — اُن کے ابرُو کو کہہ رہا ہُوں ہلال
مَیں اور اندازۂ مقامِ حضوُر — مَیں نہ صاحب نظر نہ صاحبِ حال
یہ وُہ مَیدان ہے کہ جم نہ سکا — اچھے اچھوں کا پائے استدلال
میری نسبت تو آفتاب سے ہے — گرچہ ہُوں ایک ذرّۂ پامال
جو بھی ذرّہ اُڑا ستارہ بنا ! — اللہ اللہ گردِ رہ کا جلال
نہ تغافل نہ بے رُخی نہ جفا — کوئی لائے تو اُس حسیں کی مثال
دیکھنے والا دیکھتا ہی گیا ! — چشمِ بد دُور ایسا حُسن و جمال
اُن کی رحمت کو کیوں کرے ناراض — کوئی پھیلا کے اپنا دستِ سوال
ہم اکٹھے رہے جہاں بھی رہے — جہاں مَیں ہوں وُہیں ہے اُن کا خیال
لذتِ آرزو بھی کیا شے ہے — ہجر میں بھی رہا خیالِ وصال

اعظمؔ اُس در کو چُومنے کی ہوس
اپنی صُورت پہ اک نگاہ تو ڈال

✲

✿

جادہ شناسِ منزلِ وحدت صلی اللہ علیہ وسلم

آئینہ دارِ مہرِ مشیت صلی اللہ علیہ وسلم

دافعِ زحمت قاسمِ رحمت صلی اللہ علیہ وسلم

سرتاپا احسان و مروّت صلی اللہ علیہ وسلم

سیّدِ دوراں شاہِ رسولاں صاحبِ قرآں مشعلِ عرفاں

شمعِ ہدایت آیۂ رحمت صلی اللہ علیہ وسلم

رب سے جو چاہیں منوائیں جس کو جو چاہیں دلوائیں

اللہ اللہ شانِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم

ہادی آئے رہبر آئے لیکن کوئی نہ آیا بن کر

ضامنِ بخشش شافعِ اُمّت صلی اللہ علیہ وسلم

سمجھو تو ایمان یہی ہے، جانو تو عرفان یہی ہے

آپ کی اُلفت آپ کی چاہت صلی اللہ علیہ وسلم

ساقیٔ کوثر ہادیٔ اکبر محسنِ عالم مونسِ اعظم

جانِ شرافت رُوحِ صداقت صلی اللہ علیہ وسلم

✿

✿

اُمّیِ نکتہ داں کلیمِ سخن | جانِ علم و عمل حکیمِ زمن
رونقِ چہرۂ گل و گلزار | آبروئے رُخِ بہارِ چمن
وجہِ تخلیقِ بزمِ کون و مکاں | وجہِ تزئینِ گلستانِ زمن
صبحِ فطرت کا اوّلیں پرتو | آفتابِ قدم کی پہلی کرن
سازوسامانِ زندگی سے تہی | اور ماتھے پہ کوئی بَل نہ شکن
کوئی دیکھے تو شانِ استغنا | کوئی سیکھے تو سروری کا چلن
ظلمتیں دہر کی ہوئیں رخصت | اُٹھ گئی جب بھی رُخ سے بُردِ یمن
قدِ موزوں نے اور چمکا دی | تیرے دستار و پیرہن کی پھبن

اعظمؔ اعجازِ نعت ہے ورنہ
کہاں مَیں اور کہاں یہ بزمِ سخن

✿

مُصطفےٰ کہیے مجتبےٰ کہیے
مظہرِ نورِ کبریا کہیے

بادشاہ کہیے، پیشوا کہیے
رہنما کہیے، مقتدا کہیے

مبتدا کہیے منتہا کہیے!
وجہِ تخلیقِ دوسرا کہیے

دونوں عالم کا مدعا کہیے
بے سہاروں کا آسرا کہیے

پیکرِ حسن جاں فزا کہیے
با حیا کہیے با وفا کہیے

گلِ گلزارِ آمنہؓ کہیے
باغِ توحید کی فضا کہیے

مخزن الخلق والسخا کہیے
معدنُ الجودِ والعطا کہیے

جلوۂ روئے انبیا کہیے
طلعتِ مشعلِ ھُدیٰ کہیے

نازش و فخرِ انبیا کہیے
ظلِّ ذی المجدِ والعُلا کہیے

عقل کہتی ہے مرسلُنا کہیے
عشق بے تاب ہے خدا کہیے

نہ خدا کہیے نہ جدا کہیے
عبدہٗ کہیے حق نما کہیے

جس کو اعظم حضور آپ سُنیں
ایسی مدحت کو مرحبا کہیے

❋

شاہِ گردُوں مقام عرش خرام | مظہرِ ذُوالجلال والاکرام
خیرِ خلقِ خدا و رحمتِ کُل | سیّدُ الانبیا علیہ سلام
مخزنِ علم و پیکرِ حکمت | ہیں فصُوصِ حکم حرُوفِ کلام
کُنتُ کنزاً کی وادیوں کا نُور | آسمانِ قدم کا ماہِ تمام
وَ رَفعنَا کی رِفعتوں کا امیں | ابوالارواح کا بھی پیش امام
رازدارِ دنیٰ و اَوادَنیٰ | کتنا اَرفع ہے عبدُہٗ کا مقام

مطلعِ انبیا حضور کی ذات
مقطعِ انبیا حضُور کا نام!

نازشِ فقرِ جانِ محبُوبی | سروری زیرِ پا و حُسن بدام
اشرف الخلق جسمِ پاکِ حضور | احسن اللہ کرذکرِ شاہِ انام
زینتِ فرق افسرِ لولاک | سربرہنہ ہیں تاجدار تمام
ہر سرِ مُوئے گیسوئے دلیل | شبِ اسریٰ کی اک سہانی شام
مشعلِ والضحیٰ جبینِ مبیں | چشمِ مازاغ مستیوں کا پیام

گلِ عارض حدیقۂ عرفاں — لبِ شیریں حیات کا پیغام

دہنِ پاک میں زباں ایسی — جس زباں کا اک ایک لفظ الہام

وہ سخن ہے نہیں بیاں جس کا

وہ بیاں ہے نہیں ہے جس میں کلام

سینہ آئینۂ اَلَم نَشرَح — دل خدا کی امانتوں کا مقام

تھا یہی انشراحِ صدر کا راز — اس سے لینا تھا آئینے کا کام

ہاتھ مشکل کشائیوں کی کلید — جس سے کھل جائے ہر درِ انعام

ہیں یدُ اللہ فوقَ ایدِیھِم — انہی ہاتھوں میں دو جہاں کی زمام

خاکِ نعلینِ پاک وہ جس سے — عرش کے بھی چمک اٹھیں دروبام

خاکِ بطحا بھی کیا عجب شے ہے — جس کو حاصل ہے اُن کا قربِ مدام

تو بھی اطہر غبارِ رہ بن جا

چاہتا ہے اگر حضورِ دوام

گرچہ از روزِ ازل مشربِ رنداں دارم
نسبتِ خویش باآں صاحبِ قرآں دارم

ناسزاوارم و بدکار و پریشاں حالم
آتشِ عشقِ محمد بہ دل و جاں دارم

شبِ ہجرِ تو فروزاں ز خیالِ رُخِ تو
خوش نصیبم کہ چہ آزار چہ درماں دارم

ذکرِ تو فکرِ تو اندیشۂ تو حسرتِ تو
ہیں عجب دولتِ کونین بداماں دارم

دلِ غمگیں، جگرِ سوختہ، چشمِ پُرنم
للہ الحمد چہ سرمایہ چہ ساماں دارم

زندہ مانم تو اگر بہرِ عیادت آئی
اے مسیحائے دلم بس ہمیں ارماں دارم

انبیا جملہ عظیم اند و محمد اعظم
ہمیں دین و ہمیں سودا ہمیں ایماں دارم

محبوبِ خاص حضرتِ یزداں محمدؐ است
تسکینِ اضطرابِ دل و جاں محمدؐ است

پیغمبراں نہ کرد تماشا بجز حجاب
آں کس کہ ہر حجاب درید آں محمدؐ است

ہر گوشۂ خیال معطّر ز یادِ او!
بستاں محمدؐ است و بہاراں محمدؐ است

در بزمِ کائنات بایں شانِ دلبری
مقصودِ دو جہاں شہِ خوباں محمدؐ است

اے حق پرست صاحبِ ایماں شدی ولے
آگہ نئی کہ حاصلِ ایماں محمدؐ است

عکسِ جمالِ خویش کہ صورت گر ازل
در خلوتِ دراز کشید آں محمدؐ است

ہر خشک و تر کہ ملکِ الٰہی ست ملکِ اوست
اعظمؔ بحیرتم کہ چہ انساں محمدؐ است

✿

نہاں تا بُود در پردہ خدا بود
چو ظاہر شد محمّد مصطفیٰ بود

دو عالم بود نے ارض و سما بود
بہر سُو نورِ محبوبِ خدا بود

محمّد بُود احمد بود حق بود
نہ اِلّا بود و نے ایں حرفِ لا بود

محمّد اوّل و آخر محمّد
محمّدؐ انتہا ہست ابتدا بُو

زپیمانِ وفا برگشت جبریل
ز اسرارِ جنوں ناآشنا بود

خرامیدی در آنجائیکہ آنجا
جہت بُود و زماں بود و نہ جا بود

بہ لوحِ مشہدم یاراں رقم کرد
کہ اعظم بندۂ خیر الورا بود

✿

❁

سلام آئینہ حق نما سلام علیک
فروغِ انجمن دوسرا، سلام علیک

انیسِ خستہ دلاں شافعِ گنہگاراں
جہانِ رحمت و لطف وعطا سلام علیک

زفرق تا بقدم نور آفرید خدا
ترا کہ ہست رُخت والضحیٰ سلام علیک

خدائے پاک کہ واللیل گفتہ در قرآں
عبارت است ز زُلفِ دوتا سلام علیک

چوں دید تاجِ شفاعت نہادہ در محشر
بحیرت اند ہمہ انبیا سلام علیک

چوں حرف راز شنیدی زِ نعمتُ فرمودی
چہ رمز ہاست ترا با خدا سلام علیک

نگاہ کُن کہ ثنا خوانِ آلِ تو اعظم
بر آستانِ تو آمد شہا سلام علیک

❁

فارسی نعتوں کا
پنجابی ترجمہ

نعتِ جامیؒ

وصلّی اللہ علیٰ نورٍ کزو شد نورہا پیدا
زمیں از حُبِّ او ساکن فلک در عشقِ او شیدا

محمد احمد و محمود وے را خالقش بستود
ازو شُد بُود ہر موجُود ازو شد دیدہا بینا

اگر نامِ محمد را نیاوردے شفیعِ آدم
نہ آدم یافتے توبہ نہ نُوحؑ از غرق نجّینا

دو چشمِ نرگسینش را کہ مازاغ البصر خوانند
دو زُلفِ عنبرینش را کہ واللّیلِ اذا یغشٰی

ز سرِّ سینہ اش جامیؔ الم نشرح لک بخواں
ز معراجش چہ می پُرسی کہ سُبحان الّذی اسریٰ

ترجمہ

سلام اُس نور تے جس چوں ہوئے نے نور سب پیدا

زمیں مست اوہدی الفت وچ فلک دی اوس دا شیدا

محمّد احمّد و محمود کہ کے رب نے وڈیایا

اوسے چوں ہوئی سب خلقت اوسے چوں نور رکھیا ں دا

اگر سرکار دے ناں دا نہ آدم واسطا دیندا

نہ آدم دی سُنی جاندی نہ بچدا نُوح دا بیڑا

دو اکھاں نرگسی جنہاں نوں مازاغ البصر کہندے

دو زُلفاں عنبری نے مثل واللیل اِذا یغشےٰ

اَلَم نشرح لک جا آئی صفت ہے اُس دے سینے دی

اوہدے معراج دی تعریف سُبحان الذی اَسریٰ

نعتِ جامیؒ

کے بود یارب کہ رُو در یثرب بطحا کنم
گہ بہ مکہ منزل و گہ در مدینہ جا کنم

بر درِ باب السلام آیم بہ گریم زار زار
گہ بہ بابِ جبرئیل از شوق واویلا کنم

یا رسول اللہ بسوئے خود مرا راہے نما
تا ز فرقِ سر قدم سازم ز دیدہ پا کنم

آرزوئے جنت الماویٰ بروں کردم ز دل
جنتم ایں بس کہ بر خاکِ درت ماوا کنم

ہر دم از شوقِ تو معذورم اگر ہر لحظہ
جامیؔ آسا نامۂ شوقِ دگرانشا کنم

ترجمہ

اوہ کد آوے گا دن یارب جدوں بطحا نوں جاواں میں
کدی ٹھہراں میں مکے وچ مدینہ گھر بناواں میں
کدی باب السلام اگے میں ڈھائیں مار کے رُوواں
تے باب جبرئیل اگے کدی دکھڑے سناواں میں
مدینے والیا مینوں دکھا رستہ مدینے دا
بنا کے پیر اکھیاں نوں تے سر دے بھار آواں میں
نہ خواہش خلد دی دل وچ نہ حوراں دی طلب مینوں
ایہو کافی اے جنت تیرے کوچے نوں بناواں میں
تساڈے شوق وچ مجبور ہو کے وانگ جامی دے
ہر عالم ہر گھڑی ہر پل نویں چٹھی بناواں میں

نعت جامیؒ

زرحمت کن نظر بر حالِ زارم یا رسولؐ اللہ
غریبم بے نوائم خاکسارم یا رسولؐ اللہ

زداغِ ہجر تو کے دل فگارم یا رسولؐ اللہ
بہارِ صد چمن در سینہ دارم یا رسولؐ اللہ

توئی تسکینِ دل آرامِ جاں صبر و قرارِ من
زِرخ پر نور بنما بے قرارم یا رسولؐ اللہ

توئی مولائے من آقائے من و الیِ جانِ من
تومی دانی کہ جز تو کس ندارم یا رسولؐ اللہ

دمِ آخر نمائی جلوۂ دیدار جامیؒ را
زلطفِ تو ہمیں امید دارم یا رسولؐ اللہ

ترجمہ

کرم دے نال دیکھیں اک واری یا رسُول اللہ
مَیں بے کس بے نوا ہاں اک بھکاری یا رسُول اللہ

تری فُرقت دے زخماں نوں میں دل دے داغ کیوں آکھاں
ہے سینے وِچ مرے فصلِ بہاری یا رسُول اللہ

تُوہیں تسکین ہیں دل دی تُوہیں ہیں جان دی راحت
دکھا چہرا تے جا وے بے قراری یا رسُول اللہ

تُوہیں مولا تُوہیں آقا تُوہیں وارث ترے باہجوں
کرے گا کون میری غم گُساری یا رسُول اللہ

نزع دے وقت بھی مُکھڑا دکھا دیں اپنے جامی نوں
ایہو اُمید ہے مینوں مَیں واری یا رسُول اللہ

نعت جامیؒ

تنم فرسودہ جاں پارا ز ہجراں یا رسولؑ اللہ

دلم پُر درد و آوارہ زعصیاں یا رسوؑل اللہ

چوں سوئے من گذر آری مِن مسکیں زناداری

فدائے نقشِ نعلینت کنم جاں یا رسوؑل اللہ

زکردہ خویش حیرانم سیہ شد رُوز عصیانم

پشیمانم پشیمانم پشیماں یا رسوؑل اللہ

زجامِ حُبِّ تو مستم بہ زنجیرِ تو دل بستم

نمی گویم کہ من ہستم سخنداں یا رسوؑل اللہ

چُوں بازوئے شفاعت راکشائی بر گنہگاراں

مکن محرُوم جامی را دراں آں یا رسوؑل اللہ

ترجمہ

ہے میری جان تے تن پارا پارا یا رسولؐ اللہ
ہے دل دُکھیا گناہاں نال سارا یا رسولؐ اللہ
جے آجاویں کدی ویہڑے مرے تے تیریاں جُتیاں توں
کراں قربان تن من اپنا سارا یا رسولؐ اللہ
مرا مُنہ ہو گیا کالا گناہاں دی سیاہی توں
نہ کیوں کیتے تے پچھتاواں نکارا یا رسولؐ اللہ
مَیں مستانہ ہاں تیرا تیریاں زُلفاں دا قیدی ہاں
کدوں آکھاں مَیں ہاں شاعر بچارا یا رسولؐ اللہ
گنہگاراں تے کھولیں جس گھڑی بخشش دا دروازہ
نہ بھلّے اُس گھڑی جامی بچارا یا رسولؐ اللہ

نعت جامیؒ

نسیما جانبِ بطحا گذر کُن
ز احوالم محمدؐ را خبر کُن
بہ برایں جانِ مشتاقم بہ آنجا
فدائے روضۂ خیر البشر کُن
توئی سُلطانِ عالم یا محمدؐ
ز رُوئے لُطف سُوئے من نظر کُن
مشرف گرچہ شُد جامی ز لُطفش
خدایا ایں کرم بارِ دگر کن

ترجمہ

ہَوائے دیس محبُوباں دے جائیں
مرا احوال حضرت نُوں سُنائیں
ایہہ لے جا جان میری توں مدینے
کریں روضے توں صدقے اِس دے تائیں
کہیں اُس بادشاہ نوں یا محمدؐ
مرے وَل تے کرم دی جھات پائیں
اگے ڈِٹھا اے جامی نے اوہ جلوہ
خُدایا اوہ دوبارا وی دکھائیں

منقبت

غلامِ ہمتِ آں عارفانِ باکرمم
کہ یک ثواب بہ بینند و صد خطا بخشند

آذری

مشکل کُشا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ

اہلِ نظر کی آنکھ کا تارا علیؑ علی اہلِ وفا کے دِل کا سہارا علیؑ علی

رحمت نے لے لیا مجھے آغوشِ نور میں مَیں نے کبھی جو رو کے پکارا علیؑ علی

اک کیف اک سرور سا رہتا ہے رات دن جب سے ہُوا ہے وِرد ہمارا علیؑ علی

کعبے کے بُت گرائے نہیں اپنے ہاتھ سے حضرت نے مُسکرا کے پُکارا علیؑ علی

دُنیا میں سب سے عالی گھرانے کے نور ہو اِس واسطے ہے نام تمھارا علیؑ علی

اعظم یہ مغفرت کی سند ہے ہمارے پاس
ہم ہیں علیؑ کے اور ہمارا علیؑ علی

❋

کعبۂ اولیا شیرِ خدا علی المرتضیٰ کرّم اللہ وجہہٗ

مِلی نہ دولتِ عرفاں بجز نگاہِ علیؓ
امینِ رازِ نبوّت ہے بارگاہِ علیؓ

پڑی ہے روئے نبی پر کچھ اس عقیدت سے
کہ آج تک نہ کسی پر اُٹھی نگاہِ علیؓ

فدائے طُور ہو کیونکر گدائے کوئے نجف
ہزار طُور بداماں ہے جلوہ گاہِ علیؓ

گناہ گاروں کی بخشش کے دو وسیلے ہیں
نگاہِ مصطفوی لُطفِ بے پناہِ علیؓ

تھا نصیب کہ میرے لیے اُڑا لائی
ہوائے کوئے محمّد غبارِ راہِ علیؓ

اُنھی کے ذکر سے آرائشِ سخن ورنہ
مرے خیال سے برتر ہے عز و جاہِ علیؓ

اُٹھے گا عرصۂ محشر میں سُرخ رُو اعظم
گدائے کوچۂ شبیر و خیر خواہِ علیؓ

تاجدارِ ھل اتیٰ علی المرتضیٰ کرّم اللہ وجہہٗ

رسولِ پاک کا میری طرف سلام آیا
مری زبان پہ جس دم علی کا نام آیا

امیرِ بزمِ ولایت خطاب ہے تیرا
حدیثِ جسمک جسمی ترا مقام آیا

وہ دو جہان کی دولت سے مالا مال ہوا
ترے حضور جو بن کر ترا غلام آیا

سیاہ کار ہوں آقا، مگر یہ کیا کم ہے
کہ تیرے چاہنے والوں میں میرا نام آیا

علی کا نام ہی اعظم وہ اسمِ اعظم ہے
کہ جس کسی نے پکارا اسی کے کام آیا

❋

سیّد الشہدا، امام حسین علیہ السلام

فخرِ عالم شہِ زمین و زماں
نورِ جاں نورِ دیدۂ ایماں

راکبِ دوشِ قاسمِ کوثر
شہریارِ دیارِ تشنہ لباں

دشتِ غربت کا رہروِ تنہا
سوختہ جان و سوختہ ساماں

دل فگار و جگر فگار و حزیں
دوختہ لب ملول و خشک زباں

آشنائے جفا، شہیدِ وفا
بے نیازِ جہانِ سُود و زیاں

پیکرِ عزم و ہمّت و ایثار
سر سے پا تک مروّت و احساں

آج پانی کی بُوند کو ترسے
بحر و بر جس کے تابعِ فرماں

اک معمّہ ہے اُس کی تشنہ لبی
جس کی ٹھوکر میں چشمۂ حیواں

اعظمؔ اُس شاہ پر کروڑوں سلام
جس کا غم ہے نجات کا ساماں

آستانِ حُسینؓ

جہانِ عشق و محبت ہے آستانِ حسین
نشانِ حق و صداقت ہے آستانِ حسین

حدیثِ صدق و صفا داستانِ صبر و رضا
بنائے شوقِ شہادت ہے آستانِ حسین

جہاں میں مسکن و ماوا ہے اہلِ ایماں کا
دیارِ حسنِ عقیدت ہے آستانِ حُسین

زمانہ کہتا ہے جس کو جمالِ لم یزلی
اُسی جمال کی حجّت ہے آستانِ حسین

نظر گئی مگر اب تک نہ لوٹ کر آئی
وہ بُرجِ اَوجِ امامت ہے آستانِ حسین

جو دیکھنا ہو تو میری نگاہ سے دیکھو
گناہ گاروں کی جنّت ہے آستانِ حسین

یہیں سے جلتے ہیں عظمِ حقیقتوں کے چراغ
ضیائے شمعِ نبوّت ہے آستانِ حسین

کیا بتائے گا کوئی رفعتِ بامِ حسنین — چرخِ لاہوت پہ ہے ماہِ تمامِ حسنین

کوئی دیوانہ خبر لائے تو لائے ورنہ — حدِ ادراک سے آگے ہے مقامِ حسنین

کتنے خوش ہیں غمِ حسنین میں جلنے والے — کتنے وارستہ ہیں پابستۂ دامِ حسنین

غمِ حسنین پہ کونین کی خوشیاں قرباں — رشکِ صبحِ ازل ہے سرِ شامِ حسنین

کسی نا اہل پہ کھلتا نہیں کونین کا راز — کسی کم ظرف کو ملتا نہیں جامِ حسنین

ہائے وہ سر جو نہ ہو خاکِ درِ آلِ رسول — ہائے وہ دل کہ نہ ہو جس میں مقامِ حسنین

کون ایسا ہے جو اِس گھر کا نمک خوار نہیں — وا نہیں کس پہ درِ بخششِ عامِ حسنین

نارِ دوزخ سے ہے محفوظ گدائے شبیر — بے نیازِ غمِ عقبیٰ ہے غلامِ حسنین

ہے اسی حسنِ عمل پر مری بخشش کا مدار — میرے افسانے کا عنواں ہے بنامِ حسنین

ناز کرتی نہ صبا اپنے چلن پر اعظم
دیکھ لیتی اگر اندازِ خرامِ حسنین

❋

سُلطان الہند خواجہ غریب نواز اجمیری رحمۃ اللہ علیہ

عزیزِ بارگہِ کبریا غریب نواز
رفیقِ حلقۂ خیراُلوریٰ غریب نواز

اسیرِ گیسوئے مشکل کُشا غریب نواز
شہیدِ حُسنِ شہِ کربلا غریب نواز

نثارِ زہرا ہوا دارِ عترتِ زہرا
فدائے ہر گُلِ اہلِ عبا غریب نواز

بہارِ گلشنِ عرفاں ضیائے رُوئے عمل
فروغِ دیدہ اہلِ صفا غریب نواز

وُہی زمین تو ہے سجدہ گاہِ اہلِ صفا
ہے جس زمیں پہ ترا نقشِ پا غریب نواز

جِدھر اُٹھی کوئی میخانہ کرگئی آباد
خدا رکھے تری چشمِ عطا غریب نواز

کوئی ہوا ہے نہ ہوگا جہان میں اعظم
ہمارے خواجۂ اجمیر سا غریب نواز

✿

مخدوم علی ہجویری داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ

مرے ادراک سے بالا ہے عظمت فیضِ عالم کی
کوئی اہلِ نظر جانے حقیقت فیضِ عالم کی

اسے سمجھو خزانہ مِل گیا عرفان و مستی کا
خدا نے بخش دی جس کو محبت فیضِ عالم کی

مجھے محروم لوٹائیں گے ایسا ہو نہیں سکتا
کہ مَیں بھی لے کے آیا ہوں عقیدت فیضِ عالم کی

خدا کی رحمتیں میرے لیے بے تاب ہو جائیں
اگر حاصل ہو محشر میں رفاقت فیضِ عالم کی

نہ کیوں اِس مہ کی تابانی سے عالم جگمگا اٹھے
خدا کے نور کی مظہر ہے صورت فیضِ عالم کی

شہادت خواجۂ اجمیرؒ نے دی جس کی عظمت کی
وہ لافانی حقیقت ہے ولایت فیضِ عالم کی

زمانے بھر کے ناہنجار کو اعظم بنا ڈالا
مجھے دیکھو میں ہوں زندہ کرامت فیضِ عالم کی

سُلطان الاولیاء مخدوم علی ہجویری داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ

حبذا شانِ مقامِ گنج بخشؒ ہر شہنشہ شُد غلامِ گنج بخشؒ

گفتۂ خود را کہ حق قرآن گفت ہست تفسیرش کلامِ گنج بخشؒ

ہر کجا دریائے عرفاں شُد رواں قطرۂ بودہ ز جامِ گنج بخشؒ

آگہم از تشنگیٔ دامانِ خویش دیدہ ام فیضانِ عامِ گنج بخشؒ۔

پُر شود از نورِ عرفاں جانِ من بر زباں آید چو نامِ گنج بخشؒ

عرشیاں را ہر زماں اُفتد نظر بر در و دیوار و بامِ گنج بخشؒ

از عُلوِّ مرتبش اعظمؔ مگو!
خواجہ می داند مقامِ گنج بخشؒ

محبوبِ سبحانی حضرت غوث الاعظم جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

یہی نسبت مری اک نسبتِ لافانی ہے
دلِ آوارہ گدائے شہِ جیلانی ہے

خاکِ بغداد میں جلووں کی وہ ارزانی ہے
رشکِ مہتاب ہر اک ذرّے کی پیشانی ہے

تازگیٔ گلشنِ عرفاں میں اسی نام سے ہے
گرم اسی ذکر سے ہر محفلِ رُوحانی ہے

اک ہمیں ہیں کہ نہ پہنچے ترے در پر اب تک
وائے تقدیر یہ کیا بے سر و سامانی ہے

شاہِ بغداد نے بخشی وہ گدائی اعظم
جس پہ سو جاں سے فدا عظمتِ سلطانی ہے

سرچشمۂ عرفان بابا فریدالدّین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ

مشعلِ راہِ دیں فریدالدّینؒ
شمعِ بزمِ یقیں فریدالدینؒ

آئنہ دارِ خوئے قطب الدینؒ
آبروئے معیں فریدالدینؒ

جس سے روشن ہے روئے علم و عمل
ہے وہ ماہِ مبیں فریدالدّینؒ

عابد و زاہد و فقیہ و فقیہہ
نورِ دینِ متیں فریدالدینؒ

تا قیامت جھکے گی در پہ ترے
عاشقوں کی جبیں فریدالدینؒ

رہے آباد تیرا پاک پتن
سرزمینِ حسیں فریدالدّینؒ

میں نے اعظمؔ جہاں پکارا ہے
مل گئے ہیں وہیں فریدالدینؒ

جانِ اولیا اعلیٰحضرت پیر مہر علی شاہ گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ

خوشا دلے کہ شود مبتلائے مہر علی ۔۔۔ خوشا سرے کہ شود خاکِ پائے مہر علی

کلاہِ فقر پسندم نہ افسرِ شاہی ۔۔۔ ہمیں بس است کہ ہستم گدائے مہر علی

چرا کنم نہ دل و جاں فدائے نعلینش ۔۔۔ کہ جان و دل ہمہ دارم برائے مہر علی

مپرس از دل و دینم زجان و ایمانم ۔۔۔ فروختم ہمہ بریک ادائے مہر علی

دلم امید نہ دارد کہ نا امید آید ۔۔۔ ز بارگاہِ نبی آشنائے مہر علی

زحبِ دولتِ دنیا چہ فارغم اللہ ۔۔۔ کہ ہست در دل و جانم ہوائے مہر علی

ز گوشِ جاں بشنو کز حدیقۂ عرفاں ۔۔۔ ز شاخ شاخ برآید نوائے مہر علی

بہ فیضِ سیدِ جیلان و خواجۂ اجمیر ۔۔۔ بر آسماں نظر آید لوائے مہر علی

دو گونہ ہست محال از بنانِ علم و ہنر ۔۔۔ کشودنِ گرہِ رمز ہائے مہر علی

فقیرِ میکدہ ام با خرد چہ کار مرا ۔۔۔ کہ خوردہ ام ز شرابِ ولائے مہر علی

بہ دو جہاں نہ دہم لذتِ اسیری را ۔۔۔ بہ کشورے نہ فروشم سرائے مہر علی

ز روئے تو نظر آید کہ محی دین توئی ۔۔۔ کہ بر جبین تو بینم ضیائے مہر علی

نہ صوفیم نہ فقیہم نہ شاعرم اعظم
شدہ است بر من مسکیں عطائے مہر علی

سیدی و مرشدی خواجہ غلام سرور شاہ عباسی چکوڑوی رحمۃ اللہ علیہ

سرورِ من شیخِ من آقائے من
درگہش ملجائے من ماوائے من

سرورِ من حُبِّ من محبوبِ من

سرورِ من جانِ من جانانِ من
سرورِ من دردِ من درمانِ من

سرورِ من سروِ من گلزارِ من
سرورِ من جنّتِ بے خارِ من

اے کہ از ہجرِ تو سوزاں سینہ ہا
اے کہ در یادِ تو گریاں دیدہ ہا

آتشِ عشقِ تو سامانم بسوخت
گاہ دل را سوخت گہ جانم بسوخت

اے بہارِ گلشنِ مقصودِ من
اے قرارِ قلبِ غم آلودِ من

دیدہ ام روشن زخاکِ پائے تست
مستیم از جام وازصہبائے تست

نورِ چشمِ سیدِ بطحاستی
رونقِ بزمِ شہِ والاستی

از پئے آلِ محمد مصطفیٰ
از پئے مشکل کشا شیرِ خدا

از پئے محبوبِ ربّ العالمیں
یک زماں حالِ خرابم را بہ بیں

رحم کن بر ما کہ ما ناکارہ ایم
چارۂ ما کن کہ ما بے چارہ ایم

آخر اعظم بندۂ کوئے تو ہست
بستۂ زنجیرِ گیسوئے تو ہست

مجذوبِ جیلانی حضرت قاضی محمّد عبدالحق قریشی قادریؒ

جلال پور جٹاں

سرِ عبدالقادر است ایں عبدِ حق — گو بعالم نادرست ایں عبدِ حق

در صفِ صاحب دلاں لاثانی است — فیض یابِ حضرتِ جیلانی است

در دِلش عشقِ حبیبِ کبریا — بر لبش نعتِ محمّد مصطفےٰ

از مئے حُبِّ نبی مستانۂ — در تولّاے علی دیوانۂ

مہرِ تابانِ جہانِ حُسن و عشق — عندلیبِ گلستانِ حُسن و عشق

بر جبینِ او نشانِ سجدہ ہا — آشکار از چشمِ اُو صد گریہ ہا

سینۂ اُو مصدرِ اسرارِ حق — مرقدِ اُو مہبطِ انوارِ حق

روشن از نورِ جبینش بزم ہا — گرم از ذکرِ حسینش بزم ہا

گوہرِ کانِ سخا رخشندہ باد

شمعِ ایوانِ وفا تابندہ باد

اعلیحضرت مولانا محمد احمد رضا خان بریلوی

رحمۃ اللہ علیہ

پرتوِ نورِ ازل ہے رُوئے تابانِ رضا
سایۂ جنّت ہے زلفِ عنبر افشانِ رضا

رُو کشِ مشکِ ختن ہے بُوئے بستانِ رضا
رشکِ طوبیٰ ہے ہر اک نخلِ گلستانِ رضا

علم و حکمت کو کیا جس نے شناسائے جنوں
ہے وہ فیضانِ رضا واللہ فیضانِ رضا

راہ پاتے ہیں یہیں سے رہروانِ کوئے دوست
جا کے ملتی ہے حرم سے کوئے ایوانِ رضا

دشت بھی سیراب کر ڈالے ترے فیضان نے
میرے دل پر بھی برس اے ابرِ بارانِ رضا

میں اُٹھوں گا حشر میں بھی اُن کے مدحوں کے ساتھ
مر کے بھی ہاتھوں سے چھوٹے گا نہ دامانِ رضا

اک جہاں ہے اُن کے لطاف و کرم سے مستفیض
ایک اعظم ہی نہیں ممنونِ احسانِ رضا

ماہِ رمضان

مژدہ اے دل کہ ترے درد کا درماں آیا
رحمتیں بانٹنے اللہ کا مہماں آیا

جس سے روشن ہوا ہر گوشۂ ایوانِ خیال
حق کی جانب سے وہ خورشیدِ درخشاں آیا

آپ آئی ہے اجابت مرے گھر پر چل کر
آپ چل کر مرے گھر چشمۂ حیواں آیا

سب کی بخشش کا وسیلا، غمِ عصیاں کا علاج
ہر مسلمان کی تسکین کا ساماں آیا

رحمتِ خالقِ کونین کا بحرِ مواج
پئے سیرابیِ گلزارِ دل و جاں آیا

حق کی رحمت کا نشاں، میری دعاؤں کا اثر
صورتِ ابر سوئے سوختہ جاناں آیا

بھول جاؤں نہ کہیں تشنہ لبوں کی فریاد
زندہ کرنے کو مرا جذبۂ ایماں آیا

یہ شرف اور کسی ماہ کو حاصل نہ ہوا
لے کے انعامِ الٰہی تہِ داماں آیا

اِس کی عزت میں ذرا فرق نہ آنے پائے
سال کے بعد ترے گھر میں یہ مہماں آیا

کر گیا میرے دل و جاں کو روشن اعظمؔ
ایک نظارہ جو صد حسن بہ داماں آیا

غزل

عاشق ہم از اسلام خرابست و ہم از کفر
پروانہ چراغ حرم و دیر نہ داند

عرفیؒ

❁

جس کی آغوش میں دریا ہے وہ قطرا ہوں میں
جس میں صحرا نظر آتا ہے وہ ذرّا ہوں میں

جانِ گلشن ہوں کبھی رونقِ صحرا ہوں مَیں
آج تک کوئی نہ سمجھا وہ معمّا ہوں مَیں

مَیں جھلکتا ہوں ہر اک رنگ کے آئینے میں
نورِ ہر چشم کا ہر قلب کا کھٹکا ہوں مَیں

جس کی دہلیز پہ جھکتی ہے تقدّس کی جبیں
وہ تبسّم وہ جمالِ رُخِ زیبا ہوں میں

وسعتِ کون و مکاں گم مری پہنائی میں
جس میں بستا ہے زمانہ وہ زمانہ ہوں میں

لوگ کہتے ہیں کہ اللہ کی صورت ہی نہیں
یہ اگر سچ ہے تو کس حسن کا نقشا ہوں مَیں

مَیں کسے یاد کروں کس کو پکاروں اعظم
اس بھری بزم میں بیگانہ ہوں تنہا ہوں میں

✿

واقفِ راہِ شریعت ہوں وہ فرزانہ ہوں
محرمِ رازِ حقیقت ہوں وہ دیوانہ ہوں

کعبۂ اہلِ طریقت ہوں وہ کاشانہ ہوں
مستیاں کرتا ہوں تقسیم وہ میخانہ ہوں

جس سے پیمانے کریں پیار وہ میخوار ہوں میں
جس سے میخوار لپٹ جائیں وہ پیمانہ ہوں

عشق و مستی کے چمن میں ہوں بہاروں کی طرح
علم و حکمت کا چھلکتا ہوا پیمانہ ہوں

اہلِ ایماں کی نگاہوں میں بیتِ ہدا کا چراغ
بت پرستوں کے لیے زینتِ بتخانہ ہوں

کبھی مسجودِ ملائک ہوں کبھی سر بسجود
ہوں کبھی شمع کبھی صورتِ پروانہ ہوں

کبھی مندر کبھی مسجد ہے ٹھکانا میرا
کبھی کافر ہوں کبھی مومنِ فرزانہ ہوں

پوجتے ہیں مجھے اربابِ بصیرت واللہ
وہ رخِ یار ہوں وہ جلوۂ جانانہ ہوں

کسی صورت سے بھی ملتی نہیں تصویر میری
سب میں بے مثل ہوں یکتا ہوں جداگانہ ہوں

میں وہ پردہ ہوں کہ اٹھ جائے تو کچھ بھی نہ رہے
دونوں عالم کا بھرم ہوں وہ پری خانہ ہوں

موت کیا مجھ کو مٹائے گی جہاں سے اعظم
ذرّے ذرّے کی زباں پر ہوں وہ افسانہ ہوں

٭

وہ گُل ہوں نہیں جس کو بہاراں کی ضرورت
وہ درد ہوں جس کو نہیں درماں کی ضرورت

ہے عِلم کتابوں میں مگر عشق نظر میں
اِنساں کو ابھی ہے کسی انساں کی ضرورت

کچھ ایسے بھی ہیں اشک مرے دیدۂ تر میں
جن کو ہے فقط دامنِ یزداں کی ضرورت

ایسی بھی ہے اک برق نہاں خانۂ دل میں
جس کو ہے کسی خرمنِ ایماں کی ضرورت

جو چھین لے مجھ سے مری آہوں کا بھرم بھی
مجھ کو نہیں ایسے کسی درماں کی ضرورت

اے دل جو نہ ہو اپنی حقیقت سے شناسا
مجھ کو نہیں اُس عاقلِ ناداں کی ضرورت

اعظمؔ مری محفل میں نہ جنّت ہے نہ کوثر
آئے وہ جسے ہو غمِ جاناں کی ضرورت

✻

مانا کہ خلد کی سی بھی رونق کہیں نہیں / لیکن جہاں کے ہم ہیں یہ وہ سرزمیں نہیں

لاہُوت سے پرے ہے مری سجدہ گاہِ شوق / جُھک جائے جو زمیں پہ وہ میری جبیں نہیں

ہے بے نیازِ جلوہ مری چشمِ آگہی / اب کوئی دل نواز نہیں دل نشیں نہیں

اب جُستجو نہیں کسی ناقہ سوار کی / لیلےٰ بھی اب مرے لیے محمل نشیں نہیں

اک میں ہوں اور ایک مری بیخودی ہے آج / دنیا میں اَور کوئی مرا ہم نشیں نہیں

ہر نکتہ عمیق ہے ابجد مرے لیے / اب سخت میرے واسطے کوئی زمیں نہیں

تجھ کو سکوں ملے گا مری انجمن میں کیا / میرے جہاں میں کشمکشِ کفر و دیں نہیں

اعظم یہ ایک رمز و کنایہ کی بات ہے
حق کی زباں کھُلے سرِ منبر، نہیں نہیں

❋

کبھی بہشت کبھی لامکاں سے گُذرا ہُوں
ہر آستانۂ وہم و گماں سے گذرا ہُوں

ہزار وادئ سُود و زیاں سے گُذرا ہوں
مگر خبر نہیں ہوتی کہاں سے گذرا ہوں

تجھے تو علم ہے اے دوست تیری چاہت نے
جہاں جہاں سے گذارا وہاں سے گذرا ہُوں

اب اُس چمن میں ہوں جس میں بہار ہے نہ خزاں
اب امتیازِ بہار و خزاں سے گذرا ہُوں

خدا کا شُکر ہے اب کوئی آرزو ہی نہیں
بھلا ہوا کہ غمِ دو جہاں سے گذرا ہُوں

اسی کا نام تجلّی اسی کا نام حجاب
مجھے یہی نظر آیا جہاں سے گذرا ہوں

جہاں کسی کا تخیل نہ جا سکے اعظم
مَیں لاکھ مرتبہ اس لامکاں سے گذرا ہوں

٭

اپنی ہستی میں نظر آیا نہ کیا کیا مجھ کو
کر دیا میری حقیقت سے شناسا مجھ کو

کون سا راز ہے جو مجھ سے چھپا کر رکھا
کون سا غم ہے جو ساقی نے نہ بخشا مجھ کو

وہ تو موجود تھا ہر آن رگِ جاں کے قریب
دیکھنے دیتا نہ تھا ہوش کا پردا مجھ کو

تا قیامت ترا میخانہ سلامت ساقی
اب تماشا نظر آتی ہے یہ دُنیا مجھ کو

دیکھ کر اپنی ہی صورت مرے آئینے میں
کوئی کہتا ہے بُرا اور کوئی اچھا مجھ کو

کون سا دل ہے جسے سوز نہ بخشا مَیں نے
کون کہتا ہے بھلا دے گا زمانا مجھ کو

حُسن کو روزِ ازل سے ہے نمائش کی طلب
کاش ہوتا کوئی پہچاننے والا مجھ کو

ہائے بے مائگیٔ اہلِ خرد اے اعظم
کوئی سمجھا بھی تو اتنا کہ نہ سمجھا مجھ کو

✼

ہو جس میں بےخودی کا مزا وہ خودی ہے اَور
جس میں خودی کا ہوش ہو وہ بیخودی ہے اَور

اس زندگی کی موت سے گھبرا رہا ہے کیوں
اس زندگی کے بعد بھی اک زندگی ہے اَور

تو زندگی سمجھتا ہے جس کو وہی ہے موت
میں جس کو موت کہتا ہوں وہ زندگی ہے اَور

یہ بندگی ہے صرف قعود و قیام کی
جس میں قیام کُفر ہے وہ بندگی ہے اَور

یارب بہشت میں بھی وہ آسُودگی نہیں
مجھ کو طلب ہے جس کی وہ آسُودگی ہے اَور

ساقی ترا کرم مرے قلب و نگاہ میں
پہلے کچھ اَور تھی مگر اب روشنی ہے اَور

اک مرثیہ ہے جس کو غزل کہ رہے ہیں لوگ
زندہ کرے جو رُوح کو وہ شاعری ہے اَور

اَعظم خودی کے بعد جو حاصل ہو بےخودی
وہ بےخودی ہے اَور وہ وارفتگی ہے اَور

❋

نظر کو رقصِ پروانہ بڑی مشکل سے ملتا ہے!

دِلوں کو ذوقِ رندانہ بڑی مشکل سے ملتا ہے

جسے دیکھو وہ دیوانہ جسے پُوچھو وہ دیوانہ!

جسے کہتے ہیں دیوانہ بڑی مشکل سے ملتا ہے

سمجھ میں آگیا اے شیخ راز اس پارسائی کا

کہ اُن ہاتھوں سے پیمانہ بڑی مشکل سے ملتا ہے

مبادا یہ متاعِ ذوقِ سجدہ رہ میں لُٹ جائے

سنا ہے اُن کا کاشانہ بڑی مشکل سے ملتا ہے

اٹھا دو بزم سے اپنی مجھے لیکن یہ سمجھا دُوں

کہ اب ایسا بھی دیوانہ بڑی مشکل سے ملتا ہے

جہاں سرمستیاں تقسیم ہوتی ہیں نگاہوں میں

وُہ اہلِ دل کا میخانہ بڑی مشکل سے ملتا ہے

گدائے میکدہ ہے بے نیازِ جامِ جمِ اعظم

مگر یہ فقرِ شاہانہ بڑی مشکل سے ملتا ہے

٭

نظر آجاتی ہے راحت بھی پریشانی بھی
دل کا آئینہ ہے انسان کی پیشانی بھی

راحتِ غم بھی ہے اور لطفِ پریشانی بھی
اِک معمّا ہے مری چاکِ گریبانی بھی

ان کے اُٹھ جانے سے محفل پہ وہ رنگت نہ رہی
چھُپ گیا چاند تو جاتی رہی تابانی بھی

دُشمنِ جاں بھی یہی دشمنِ ایماں بھی یہی
دلِ صد پارہ جو شُعلہ بھی ہے طُغیانی بھی

تجھ کو کیوں ہو مری بے باک نگاہی کا گِلا
اس میں شامِل ہے ترے حُسن کی عریانی بھی

مَیں نے یہ کہہ کے چھُپایا تری بے مہری کو
آگ بن جاتی ہے خوشبو کی فراوانی بھی

دل کے ہوتے کہیں جانے کی ضرورت کیا ہے
اس میں وسعت بھی ہے وحشت بھی ہے ویرانی بھی

کیوں مرے جاتے ہو اعظم غمِ تنہائی میں
حاصلِ عشق ہے یہ بے سروسامانی بھی

❁

جو دل کسی کی یاد سے غافل ہو پھُونک دو
بے نُور بے چراغ جو محفل ہو پھُونک دو

ہنگامہ ہائے ہوس سے ہو جس کی فضا تہی
کتنی بھی دلفریب وہ منزل ہو پھُونک دو

میرا گلہ فضول ہے اے کاتبِ عمل
مجھ میں مری طرف سے جو شامل ہو پھونک دو

پردے سے لاکھ درجہ حسیں تر وہ دار ہے
کتنا حسیں بھی پردۂ محمل ہو پھُونک دو

سرکار آپ، اور مقابل ہو آئینہ
حق تو یہ ہے کہ جو بھی مقابل ہو پھونک دو

اَعظم بلا سے اپنی وہ ہستی ہی کیوں نہ ہو
جو چیز اس کی راہ میں حائل ہو پھُونک دو

٭

آشنا اپنی حقیقت سے گر انساں ہو جائے
واقفِ جلوہ گہِ حضرتِ یزداں ہو جائے

زیست کی راہ کا ہر مرحلہ آساں ہو جائے
آشنا خار سے گر ذوقِ بہاراں ہو جائے

لیے بیٹھا ہے یہاں ذوقِ اسیری مجھ کو
ورنہ چاہوں تو ابھی وادیِ زنداں ہو جائے

ہو جو فرصت تو کبھی جانبِ میخانہ بھی آ
یہ وہ محفل ہے کہ زندہ ترا ایماں ہو جائے

لے چل اے عشق مجھے ایسے جہاں میں کہ جہاں
موت بھی آئے تو آئینۂ حیراں ہو جائے

کبھی اللہ کی رحمت سے نہ محروم رہے
آدمی اپنے کیے پر جو پشیماں ہو جائے

جسم کی موت سے مرتا نہیں انساں عظیم
جاں اگر نورِ حقیقت سے فروزاں ہو جائے

٭

وہ ہے شریکِ رگِ جاں تو آرزو کیسی
چمن میں رہ کے تمنائے رنگ و بُو کیسی

کہاں دکھاؤں اسے کس طرف اشارہ کروں
نہ ہو جو قیدِ تعین تو سمت و سُو کیسی

نہ کچھ کہوں تو ہے سب کچھ کہوں تو کچھ بھی نہیں
ہے نطق سر بہ گریباں کہ گفتگو کیسی

وہ مجھ سے دور ہو اے دل تو جستجو بھی کروں
نگاہ میں جو بسے اس کی جستجو کیسی

نیا نیا ہے ابھی تیرا ذوقِ نظارہ
وگرنہ یار ہو گھر میں تو ہاؤ ہُو کیسی

ہوائے سود نہ اندیشۂ زیاں اعظم
اٹھی ہے دل سے یہ تفریقِ ما و تُو کیسی

❋

آپ آجاتے تو کچھ ناز اُٹھاتے ہم بھی
کبھی دل میں کبھی آنکھوں پہ بٹھاتے ہم بھی

بزمِ ہستی میں ہمیں لائی ہے چاہت تیری
تو نہ اس بزم میں ہوتا تو نہ آتے ہم بھی

دیکھا جاتا نہ یہ ویرانی کا عالم اُن سے
ورنہ سو بار انھیں گھر میں بُلاتے ہم بھی

اِتنی مشکل ہے کسی رنگ میں ڈھلتی ہی نہیں
ورنہ تیری کوئی تصویر بناتے ہم بھی

جانے کس بات پہ محشر میں ہمیں روک دیا
ورنہ ہر بات پہ اک بات بناتے ہم بھی

ہر قدم پر کوئی دیوار کھڑی تھی اعظم
راہ پاتے تو کبھی راہ پہ آتے ہم بھی

✽

عشق میں خوگرِ آزار ہے کوئی کوئی
اہلِ دل میں بھی دل افگار ہے کوئی کوئی

حُسنِ صورت کے طلبگار بہت ہیں لیکن
حُسنِ سیرت کا پرستار ہے کوئی کوئی

بے پیے جس کی نگاہوں سے ٹپکتی ہو شراب
ساقیا ایسا بھی میخوار ہے کوئی کوئی

کھینچ رکھی ہے ہر اک ذہن نے تصویر تری
مۓ دیدار سے سرشار ہے کوئی کوئی

دیکھ کر اُن کا کرم اپنے گنہگاروں پر
بے گناہوں کا طرفدار ہے کوئی کوئی

گرتے گرتے بھی جو ساقی ہی کے قدموں پہ گرے
ایسا مستانہ ہشیار ہے کوئی کوئی

زندگی جس کے تجسس میں گذاری ہم نے
اعظم اس غم کا خریدار ہے کوئی کوئی

❁

اِن دنوں دل کو سکوں ہے نہ پریشانی ہے
میری دنیا میں نہ ظُلمت ہے نہ تابانی ہے

جب سے اُٹھے ہیں نگاہوں سے دُوئی کے پردے
لائقِ سجدہ ہر اک صُورتِ امکانی ہے

آشیاں ہوتا تو بجلی کا بھی کھٹکا ہوتا
یہ بھی اچھا ہوا گلشن ہے نہ ویرانی ہے

کوئی صحرا ہے نہ گُلشن ہے نہ غم ہے نہ خوشی
مَیں جہاں ہُوں وہاں حیرانی ہی حیرانی ہے

پتّے پتّے کی زباں پر ہے اناالحق کی صدا
چمنِ دہر کا جو نقش ہے لافانی ہے

تو نہ پہچانے تو یہ کس کی خطا ہے اعظم
ذرّے ذرّے سے عیاں صورتِ پنہانی ہے

✿

دل کو رہینِ لذّتِ درماں نہ کر سکے
ہم اُن سے بھی شکایتِ ہجراں نہ کر سکے
اس طرح پھونک میرا گلستانِ آرزو
پھر کوئی تیرے بعد اسے ویراں نہ کر سکے
مہنگی تھی اس قدر ترے جلووں کی روشنی
ہم اپنی ایک شام فروزاں نہ کر سکے
بچھڑے رہے تو اور بھی رُسوا کریں گے لوگ
تم بھی علاجِ گردشِ دَوراں نہ کر سکے
دل ان کے ہاتھ سے بھی گیا ہم سے بھی گیا
شاید وہ پاسِ خاطرِ مہماں نہ کر سکے
اُن پر بھی آشکار ہو کیوں اپنے دل کا حال
ہم اس متاعِ درد کو ارزاں نہ کر سکے
اعظم ہزار بار لُٹے راہِ عشق میں
لیکن کبھی شکایتِ دوراں نہ کر سکے

٭

اتنے حیران ہو کیوں دیکھ کے صورت میری
زندگی بھر کا ہے سرمایہ یہ وحشت میری

مَیں نہیں تھا تو نہ ہوتا مگر اے جانِ جہاں
کاش ہوتی تری محفل میں حکایت میری

مَیں گنہگار ہوں لیکن وہ گنہگار ہوں مَیں
مُسکرا دیتے ہیں وہ دیکھ کے صورت میری

توبہ کرتا ہُوں گناہوں سے مگر اے رحمت
دیکھ کر تجھ کو بدل جاتی ہے نیت میری

میری صُورت پہ نہ جا میرے گناہوں پہ نہ جا
مَیں تو اچھا نہیں اچھوں سے ہے نسبت میری

جانے کیا رنگ ہے کیا حُسن ہے ویرانے میں
لَوٹ آئی درِ رضواں سے عقیدت میری

اب تو یہ حال ہے اے ظلمتِ شبِ تنہائی کا
اپنی آنکھوں سے بھی پوشیدہ ہے صورت میری

✿

آزاد کب ہُوئے ابھی درد و الم سے ہم
قیدِ حیات میں ہیں نِکل کر عدم سے ہم

اے چشمِ یار تیری مروّت کا شکریہ
دنیا میں جی رہے ہیں تو اک تیرے دم سے ہم

کوئی قدم غلط نہ اُٹھے اُس کی راہ میں
پھرتے ہیں دُور دُور دیارِ صنم سے ہم

اے رحمتِ تمام تری وسعتوں کی خیر
کس درجہ شرمسار ہیں تیرے کرم سے ہم

اے دِل وہ کیا زمانہ تھا کیا زندگی تھی وہ
جب آشنا نہیں تھے غمِ بیش و کم سے ہم

یارب وہ اضطراب دے جس میں مزا بھی ہو
گھبرا گئے ہیں شورشِ دیر و حرم سے ہم

اَعظم نہ مِٹ سکے گا جہاں سے ہمارا نام
کچھ نقش کر چلے ہیں جہاں میں قلم سے ہم

٭

ہم بھی کیا زندگی گذار گئے
دل کی بازی لگا کے ہار گئے

موت سے کب تھے مرنے والے ہم
بول تیری زباں کے مار گئے

روکنے پر بھی اُن کی محفل میں
ہم گئے، اور بار بار گئے

زندگانی کسے عزیز نہیں
ہم ہی تھے تیرا غم سہار گئے

داورِ حشر تجھ سے کیوں پُوچھے
تیرا صدقہ ہمیں اُتار گئے

کتنی سیدھی سی بات تھی اعظمؔ
اُن کی زلفوں کے پیچ مار گئے

✲

کوئی صورت بھی کارگر نہ ہوئی
میری جانب تری نظر نہ ہوئی

سینکڑوں آفتاب اُبھر آئے
ہجر کی رات مختصر نہ ہوئی

زندگی کو یہی ملال رہا
آپ کے ساتھ کیوں بسر نہ ہوئی

اک قیامت سہی یہ رات اے دوست
کٹ ہی جائے گی گر بسر نہ ہوئی

دل کے جانے کا غم نہیں عظیم
غم تو یہ ہے مجھے خبر نہ ہوئی

*

جگمگا اُٹھی میری تنہائی
آج کِس ماہ رُو کی یاد آئی

یا کوئی میکدہ بدوش آیا
یا کوئی زلف آج لہرائی

دیکھ کر کج روی زمانے کی
بن گئے ہوش مند سودائی

اب یہ عالم ہے اپنی راتوں کا
آپ آئے نہ مجھ کو نیند آئی

دل کی وسعت کے سامنے کیا ہے
عالمِ رنگ و بُو کی پہنائی

تیری فرقت میں وہ بھی وقت آیا
زندگی زندگی سے شرمائی

اعظم اب چھوڑ دو تلاشِ حیات
زندگی جام میں اُتر آئی

*

کیوں نہ ہو جذبۂ دل اپنے اثر سے محروم
ہو گئی چشمِ وفا حُسنِ نظر سے محرُوم

عشق ہر حال میں انجام سے محروم رہا
شمع رہتی ہے سدا لُطفِ سحر سے محروم

کھونے والے وہ بھلا تیری خبر کیا لاتے
زندگی بھر جو رہے اپنی خبر سے محرُوم

سجدے اب کون سی منزل کے تجسس میں ہیں
ہوتے جاتے ہیں تری راہ گذر سے محروم

یہ زمانے کی ہوائیں یہ حوادث اعظمؔ
کر نہ دیں میری دُعاؤں کو اثر سے محرُوم

آج کل دل کی جو حالت ہے ہمیں جانتے ہیں
ہم کو کس چیز کی حسرت ہے ہمیں جانتے ہیں

غمِ دنیا، غمِ عقبیٰ کی حقیقت کیا ہے
ہم کو جس غم کی ضرورت ہے ہمیں جانتے ہیں

جس میں پابندیٔ سجدہ ہے نہ تاکیدِ قیام
اس عبادت میں جو لذت ہے ہمیں جانتے ہیں

ڈر رہے ہیں تری عظمت سے وگرنہ یارب
تیری رحمت میں جو وسعت ہے ہمیں جانتے ہیں

لوگ کہتے ہیں دو عالم کا اُجالا جس کو !
کس تبسم سے عبارت ہے ہمیں جانتے ہیں

پتہ پتہ چمنِ دہر کا سرتا بہ قدم
ایک خاموش شکایت ہے ہمیں جانتے ہیں

یوں تو ملتی ہیں ہر اک سے وہ نگاہیں اعظم
اُن کی ہم پر جو عنایت ہے ہمیں جانتے ہیں

٭

تری وفا میں تو کوئی کمی نہیں آئی
یہ اَور بات کہ مجھ کو ہنسی نہیں آئی

تری نظر کو ہوس ہے، ابھی بہاروں کی
ترے جنوں میں ابھی پختگی نہیں آئی

قدم قدم پہ لُٹا گرچہ قافلہ دل کا
لبوں پہ آہ مژہ میں نمی نہیں آئی

اُٹھا سکے جو دلوں سے بھی تیرگی کا نقاب
ابھی ستاروں میں وہ روشنی نہیں آئی

اُنھی کے دم سے جو تھی اور اُنھی کے ساتھ گئی
دلوں میں لوٹ کے وہ زندگی نہیں آئی

چھپی ہوئی ہے جو اُن گیسوؤں کی ظلمت میں
ابھی قمر میں وہ تابندگی نہیں آئی

روا ہو جس میں ہر اک در کا سجدۂ تعظیم
ہمارے حصے میں وہ بندگی نہیں آئی

نوائے درد ہے میری نظر کی خاموشی
مری وفا کو ابھی شاعری نہیں آئی

کہاں رموز و کنایات جاننے والے
زباں پہ اب یہ شکایت کبھی نہیں آئی

ہزار مرتبہ مایوس ہو کے لوٹ گئی
قضا مرے لیے اعظم نئی نہیں آئی

❋

ان کو منظور نہیں جان سے جانا میرا
ورنہ مشکل تو نہ تھا ہوش میں آنا میرا

ہوشیاری مرے مشرب میں خطا کاری ہے
کیوں نہ ہو کوئے خرابات ٹھکانا میرا

اُن کی آنکھوں میں بھی ہلکی سی چمک آہی گئی
کتنی پُر درد حقیقت ہے فسانہ میرا ،

بے نیازِ درِ اغیار ہے چاہت میری
تو جو میرا ہے تو ہے سارا زمانا میرا

دوستو نامِ خدا اب مجھے آواز نہ دو
سخت دشوار ہے اب لوٹ کے آنا میرا

دونوں عالم ہیں تری بزم میں عظم کے سوا
کیا قیامت ہے تجھے یاد نہ آنا میرا

❋

کوئی کون و مکاں میں کھو گیا ہے
کوئی کُوئے بتاں میں کھو گیا ہے

غمِ جاناں سے گھبرا کر زمانہ
غمِ سود و زیاں میں کھو گیا ہے

زمیں والو جسے تم ڈھونڈتے ہو
فضائے لامکاں میں کھو گیا ہے

وہی اک اہلِ دل تھا کارواں میں
جو گردِ کارواں میں کھو گیا ہے

چلا تھا دل تجسّس میں کسی کے
ہجومِ رہرواں میں کھو گیا ہے

فقط اک سجدہ تھا اپنی جبیں میں
تلاشِ آستاں میں کھو گیا ہے

زمانہ ہو گیا اعظمؔ کو دیکھے!
نہ جانے کس جہاں میں کھو گیا ہے

✿

جب بھی سوجھی شراب خانے کی
تھم گئیں گردشیں زمانے کی

کیوں بہاروں کو کر لیا ناراض
کیا ضرورت تھی مُسکرانے کی

زندگی سے بھی دو قدم آگے
ہے زمیں اُن کے آستانے کی

میرا دل ہے وہ آئنہ جس میں
پُوری تصویر ہے زمانے کی

برق سمجھے جسے چمن والے
آگ تھی میرے آشیانے کی

دو گھڑی آ کے میہماں بن کر
آرزو ہے غریب خانے کی

آسماں یا دُھواں ہے آہوں کا
یا ہے گرد اُن کے آستانے کی

مَیں ہوں عکسِ جمالِ یار اعظمؔ
مَیں حقیقت ہوں اس فسانے کی

٭

ارماں نکل گیا نگہِ انتخاب کا
گوشہ سرک گیا جو کسی کے نقاب کا

محفل میں آ کے بیٹھ گئے میرے سامنے
سوچا ہے کیا علاج مرے اضطراب کا

رُخ سے ذرا نقاب اُٹھا دو کہ دیر سے
دنیا کو انتظار ہے روزِ حساب کا

محسوس ہو رہا ہے کہ مَیں خود حجاب ہوں
مَیں شکوہ کر رہا تھا تمھارے حجاب کا

بخشا ہے جس نے حوصلۂ معصیت مجھے
ممنون ہوں میں اُس کرمِ بے حساب کا

اعظمؔ ہمیں بھی کھو کے یہ پچھتائیگا کبھی
کیا حال پوچھتے ہو جہانِ خراب کا

❀

نہ کوئی ماہ وش نہ میخانہ
یہ ترا شہر ہے کہ ویرانہ

دوستو کوئی سنگ یا زنجیر
شہر میں آ گیا ہے دیوانہ

مجھ کو محفل میں آشکار نہ کر
میں ہوں رازِ درونِ میخانہ

امتحانِ جبینِ شوق تو دیکھ
ایک سجدہ، ہزار کاشانہ

ایک ہی شمع کی ہے لَو سب میں
دَیر ہو، کعبہ ہو کہ بُت خانہ

سوز اپنا، غم اپنا، درد اپنا
سب کچھ اپنا ہے دل ہے بیگانہ

آپ تو جانتے ہیں اعظمؔ کو
ایک سودائی، ایک مستانہ

❋

نامہرباں تو پہلے بھی وہ عشوہ گر نہ تھا
جتنا قریب اب ہے کبھی اس قدر نہ تھا

مجنوں کو بھی نصیب نہیں اپنا جانشیں
دیوانہ تو ضرور تھا دیوانہ گر نہ تھا

ہنستے کٹی کہ روتے بہرحال کٹ گئی
اچھا ہوا کہ ساتھ کوئی نوحہ گر نہ تھا

رہتے ہیں تیرے ساتھ وہ اب سائے کی طرح
تیرے خیال میں کبھی جن کا گذر نہ تھا!

پہچانتا ہوں خوب ترے نقشِ پا کو میں
گذرا ہے کون دل سے مرے تو اگر نہ تھا

اچھے رہے کہ مر تو گئے آبرو کے ساتھ
وہ خوش نصیب جن کا کوئی چارہ گر نہ تھا

اعظم نہ جانے کس کی رفاقت میں کٹ گیا
ورنہ یہ زندگی کا سفر مختصر نہ تھا

✱

وہ آگ لگی ہے کہ بجھانا نہیں آساں
یوں اُلجھا ہے دامن کہ چھڑانا نہیں آساں

دِل غم کو چھپا لیتا اگر آنکھ نہ ہوتی
آئینے سے احوال چھپانا نہیں آساں

مَیں آؤں گا سو بار بُلا کر تو مجھے دیکھ
مَیں حُسن نہیں ہوں کہ پھر آنا نہیں آساں

چاہو بھی تو ممکن نہیں اب ترکِ ملاقات
دیوانے کو اب ہوش میں لانا نہیں آساں

وہ نقشِ قدم ہوں کہ مٹا سکتی ہے دنیا
لیکن مجھے اُس در سے اٹھانا نہیں آساں

آئینہ گروں نے کئی آئینے تراشے
لیکن تجھے آئینے میں لانا نہیں آساں

اَعظم مجھے اس آگ میں ڈالا ہے خدا نے
جس آگ سے دامن کو بچانا نہیں آساں

✿

اے جانِ جہاں کب تک یہ انجمن آرائی
سو آنکھ تماشائی سو آنکھ تمنّائی
کہنے کو تو وہ مجھ سے سو بار ملے ہوں گے
احساس میں ہے لیکن اب تک وہی تنہائی
کشتی کا نظارا بھی اک دید کے قابل تھا
موجوں سے بھی ٹکرائی ساحل سے بھی ٹکرائی
کچھ اَور نہیں دیکھا جب سے تجھے دیکھا ہے
کچھ اَور نہ یاد آیا جب سے تری یاد آئی
پیمانے چھلک اٹھے وہ آنکھ جدھر اٹھی
میخانے اُمڈ آئے وہ زلف جو لہرائی
بے وجہ نہیں اعظم غنچوں کی یہ خاموشی
جو پھول ہنسا اُس نے ہنسنے کی سزا پائی

گھبرا گیا تھا کعبہ و بتخانہ دیکھ کر
جی خوش ہُوا ہے رونقِ میخانہ دیکھ کر

ساقی نے بزمِ خاص میں مجھ کو بُلا لیا
صرف ایک میری لغزشِ مستانہ دیکھ کر

مُڑ مُڑ کے دیکھتے تھے مرے ہم سفر مجھے
میں رُک گیا تھا راہ میں میخانہ دیکھ کر

اب مَیں تری نگاہ کا مطلب سمجھ گیا
اب ہاتھ کانپتا نہیں پیمانہ دیکھ کر

ناصح ترا خیال بجا، مشورہ درست
کچھ سُوجھتا نہیں درِ جانانہ دیکھ کر

کچھ لوگ مُسکرا دیئے، کچھ لوگ رو دیے
مجھ کو شریکِ محفلِ رندانہ دیکھ کر

اعظم ہمارے ہاتھ سے پیمانہ گر گیا
ہر بُوالہوس کے ہاتھ میں پیمانہ دیکھ کر

✻

دلِ مضطر ترے نالوں کا جواب آیا ہے
بے نقاب آج کوئی حُسن مآب آیا ہے

کتنی بے کیف تھی، بے رنگ تھی، بے رونق تھی
آپ آئے ہیں تو محفل پہ شباب آیا ہے

آگ ہی آگ تھی نشّہ تھا نہ مستی نہ سرور
آپ آئے ہیں تو کچھ لطفِ شراب آیا ہے

اب اُداسی ہے نہ ظلمت ہے نہ تنہائی ہے
آپ کے آنے سے کس کس پہ عذاب آیا ہے

عظمؔ اب دل کو سنبھالوں کہ نظر کو روکوں
جانے کیا کیا لیے وہ مستِ شباب آیا ہے

✽

در عالمِ یکتائی گفتار نمی گنجد
اقرار نمی گنجد، انکار نمی گنجد

در محفلِ یک بیناں چہ مستی چہ ہشیاری
مستانہ نمی گنجد، ہشیار نمی گنجد

در مذہبِ درویشاں کفراست نہ اسلامے
دیرانہ نمی گنجد، گلزار نمی گنجد

در مسلکِ رندانہ اے شیخ چہ می پرسی
تسبیح نمی گنجد، زنار نمی گنجد

اے عاشقِ نادانے دیدار چہ می خواہی
در عرصۂ لاہوتی دلدار نمی گنجد

چوں فاش کنی اعظم ایں سِرِّ حقیقت را
در جلوہ گہِ کثرت ایں کار نمی گنجد

❀

جانِ من سوئے من انداز نگاہے گاہے
بشنو احوالِ دلِ چشم براہے گاہے
جانِ مشتاق بہ لب آمدہ از تشنہ لبی
بگذر اے ابر سوئے خشک گیاہے گاہے
ناصحا منع نہ کردی تو ازیں راہ مرا!
گر تو دیدی رخ آں یار بہ راہے گاہے
بے خبر رَو کہ تو پروانۂ آں شمع نئی
دل نہ بستی تو بہ آں زلفِ سیاہے گاہے
اوّل اے جاں زدِلم صبر و قرارم بردی
باز دیدی نہ بدزدیدہ نگاہے گاہے
ایں قدر مستِ شرابم کہ بہ جوشِ مستی
سجدہ کردم بہ درِ میکدہ گاہے گاہے
اعظم آں درد کہ از آہ فرو می گردد
تیز تر می شود آں درد بہ آہے گاہے

٭

چوں خمار افتد بگیرم جام را
من ندانم وقتِ صبح و شام را

بستہ ام دل با سرِ زلفِ کسے
دانم ایں آغازِ بے انجام را

چوں نہادم پا بہ راہِ عاشقی
سوختم سامانِ ننگ و نام را

یا قفس را از نگاہم دُور کن
یا قریبِ آشیاں نِہ دام را

رندی و مستی زہُشیاراں مجو
کے دہند ایں راز مردِ خام را

گر توانی گہ بہ درمانم بیا
شاد کن ایں بندۂ بے دام را

بگذر اے اعظم ازیں زہدِ ریا
چاک کُن ایں خرقۂ بدنام را

٭

رحمتِ او گِلہ دارد چہ جفاے کردی — بے خطا مُردی ندانی کہ خطاے کردی

بر ہوا داریٔ خویش اینقدر اے دوست مناز — چیست یک جاں کہ برآں شاہ فداے کردی

ہیچ مہماں نہ بینم بہ سراے خاطر — اے غمِ یار ازاں روز کہ جاے کردی

ترسِ دوزخ ہوسِ خُلد زِ دل بیروں شد — بر اسیرِ رُخ و گیسو چہ عطاے کردی

منم آنم کہ یکے جلوہ دل و جانم سوخت — تیز چوں بارِ دگر تیغِ اداے کردی

ایں محال است کہ یک لحظہ فراموش کنم — آں وفاے کہ بہ اندازِ جفاے کردی

چہ عذابیست کہ دل می پڑد از بر یارب — عشق دادی کہ گرفتارِ بلاے کردی

عظم از کلکِ تو ایں طُرفہ غزل حیرانم
از نئے خشک عجب پیدا نواے کردی

٭

دادم بہ نگاہے دل و دیں خوش نظراں را
جادو نظراں گل رخاں سیمیں ذقناں را

وارستگی خواہی اگر از تلخی دوراں
از دست مدہ صحبتِ شیریں دہناں را

آشفتگی و دردِ جگر سوزی و مستی
نوریست کہ حاصل شود آں دیدہ وراں را

دیوانگی آموز، کہ آں پیرِ خرابات
بیروں کند از میکدہ صاحب ہنراں را

خوباں گلہ دارند کہ با ما نمی سازد
از غیرتِ چشم چہ خبر بے خبراں را

قتلِ منِ مسکیں بہ ازاں جور کہ روزے
دیوانۂ حسنِ تو بہ بینم دگراں را

اعظم غمِ عشق است عجب جنسِ گرامی
یک ریزہ نہ بخشند ازو بوالہوساں را

٭

ماہ یک پرتوِ انوارِ صنم خانۂ ما مہر یک ذرہ ز خاکِ درِ کاشانۂ ما

عرش یک پایہ ز ایوانِ نہاں خانۂ ما وسعتِ کون و مکاں گوشۂ ویرانۂ ما

ہیچ عیّار نہ گنجد بہ دیارِ مستی ہیچ آفت نہ رسد تا درِ میخانۂ ما

عارف حسن پرستیم چہ کعبہ چہ کنشت ہمہ جا منزلِ ما و ہمہ جا خانۂ ما

وائے بر برقِ نگاہے کہ نہ دل را سوزد وائے بر شمعے کہ روشن نہ کند خانۂ ما

نورِ دیدہ طلبند از رہِ او دیدہ وراں کیمیا ئیست غبارِ رہِ جانانۂ ما

عظمتِ مستیِ ما بادہ پرستاں دانند صوفیاں بے خبر از لغزشِ مستانۂ ما

کس نہ پرسید چہ خواہیم و چرا می نالیم کس ندانست چہ جوید دلِ دیوانۂ ما

تا قیامت نشوی محرمِ اسرارِ الستم
تا بہ کامت نہ چکد قطرہ ز پیمانۂ ما

انوارِ چشتیاں

اجمیر ہست مطلعِ انوارِ چشتیاں — سُلطانِ ہند قافلہ سالارِ چشتیاں

حُورانِ خُلد را بہ نگاہے نمی خرند — آنانکہ دیدہ جلوۂ رُخسارِ چشتیاں

یک خواہ و یک پرست و یک آگاہ و یک شناس — یک بیں شُدہ است دیدۂ بیدارِ چشتیاں

در بزمِ ہست و بُود نہ بینند غیرِ دوست — آنانکہ گشتہ محرمِ اسرارِ چشتیاں

سوزند خرمنِ خس و خاشاکِ ماسوا — گر اہلِ دل نئی نشوی یارِ چشتیاں

آں مُرغِ شوق کو کہ نیفتد بہ دامِ کس — گردد بہ یک نگاہ گرفتارِ چشتیاں

در قلبِ دو سرا نہ میسّر شود ترا — وسعت کہ ہست در دلِ بیدارِ چشتیاں

حیراں مشو کہ ایں ہمہ رندانِ شہرِ تو — مستی خریدہ اند ز بازارِ چشتیاں

اے رہ روِ دیارِ محبت بیا بیا — درمانِ تُست سایۂ دیوارِ چشتیاں

تا قطرۂ چکیدہ بکامم ز جامِ چشت — شُد سینہ ام خزینۂ اسرارِ چشتیاں

در رقص آمدم سرِ محفل چو خواجہ گفت
اعظم کجاست؟ بُلبُلِ گلزارِ چشتیاں

تاریخ طباعت "نیّرِ اعظم"

از مخمورؔ سعیدی لاہور

ایک اِک ہے شعرِ اعظم بالیقیں — رُوح پرور، وجد آور، دِل نشیں
مصرع مصرع رُوکشِ باغِ جناں — ہر غزل ہے غیرتِ ارژنگِ چیں
اس کے ہے اشعار میں وہ رنگ و بُو — کھل گئی ہو جیسے زلفِ عنبریں
اللہ اللہ نعتِ اعظم کے حضور — آ گئے ہیں وجد میں رُوح الامیں
نعتِ اعظم ہے کہ جامِ معرفت — شعرِ اعظم ہے کہ کیفِ ساتگیں!
عشق و مستی سوز و ساز و جذب و شوق — کون سا نشہ ہے جو اس میں نہیں
یُوں معانی ہیں نہاں اشعار میں! — جیسے ہو لیلےٰ کوئی محمل نشیں!
ہو گئی ہے تازہ پھر جامی کی یاد — کیوں نہ ہوں خوش رحمۃ للعالمیں
کہہ دے اب مخمورؔ تو تاریخِ طبع — جس کو سُن کر جھوم جائے حورِ عیں

تاجِ دوراں، جلوۂ صبحِ شرف

۱۳ ۹۰

زینتِ ارکان، خیرالمرسلیں!

دوہڑے

○

اُن ڈٹھیاں جہدی تاہنگ دلاں نوں اتے بِن ملیوں جہدی یاری
بِن زلفوں جہدا قیدی دو جگ بِن نیناں مست خماری
بِن ہجروں جہدی یاد ستاوے بِن صورت خلق پکارے
اعظمؔ اوس دی حمد کی لکھاں مری حمد اودھے کس کاری

○

جان ازل دی روح ابد دی اتے باغ قدیم دا مالی
آپ مبرا ہر جا کولوں، نہیں اُس توں کوئی جا خالی
ہر صورت تھیں پاک منزہ، ہر صورت مظہر عالی
اِک تصویر دے رخ نے اعظمؔ، دونویں تفصیلی اجمالی

○

اوہو ای اوہو اوہو ای اوہو ساتوں دِسیا ہور نہ کائی
اوہو ای اوہو اک اِکلا دِسّے ہر پاسے ہر جائی
وِچ زمیناں تے اسماناں ہر پاسے نظر دوڑائی
ہر آئینے دے وِچ اعظمؔ اِکو صورت نظریں آئی

○

○

کنھوں بھنائیں کتھے بھنائیں کیوں پھس گیا ایں وچ حجاباں
نہ اوہ وِردو ظیفیاں دے وِچ لبھے نہ اوہ وچ کتاباں
عقل فکر دا کم نہ اوتھے نہ اوہ آوے وِچ حساباں!
اَعظم اپنا آپ پھرولیں کیوں پے گیا ایں وِچ عذاباں

○

اک مقام اجیہا آیا جتھے حیرانی حیرانی
ہر پاسے انوار وجُوبی سب وِیرانی وِیرانی
ہر پاسے تنزیہی جلوے ہر پاسے لا امکانی
اَعظم دُور دراز خلا وِچ دِسے ہُو ہُو دی سُلطانی

○

وحدت دے دریا دے اندر اسیں ڈُب گئے تردے تردے
باقی دے وِچ فانی ہوکے اسیں بچ گئے مردے مردے
جھگڑے پھس گئے کثرت اندر رہ گئے پچھے ڈردے ڈردے
اَعظم لکھ لکھ شُکر خدا دا اسیں جت گئے ہردے ہردے

○

○

نَحْنُ اَقْرَب کہندا کہندا سوہنا ساڈے وِہڑے آیا
حبل ورید دی سیج وچھا کے ساڈے اندر ڈیرا لایا !
فِیْ اَنْفُسِکُمْ شمع جلا کے ساڈا لُوں لُوں آ چمکایا
اعظم یار دَسّے وِچ گھر دے اساں اینویں شور مچایا

○

جے اوہ رہندا کعبے اندر دس بُت خانے وِچ کِہڑا
جے اوہ رہندا وِچ مسیتی دس میخانے وِچ کِہڑا
جے اوہ رہندا بستی اندر دس ویرانے وِچ کِہڑا
اعظم جے اوہ نور شمع دا دس پروانے وِچ کِہڑا

○

یارب اینہاں لوکاں تائیں جے مَیں دساں عادت تیری
کرم ترے دی حدد کھا واں نالے دساں عنایت تیری
دیکھ کے وسعت فضل ترے دی کرے کون عبادت تیری
اعظم ڈردا گل نہ کردا متے رُس جائے رحمت تیری

○

○

میریاں عیباں ول نہ جاویں مری جھولی عملوں خالی
میں ادنےٰ تے اسفل ازلوں تری ذات ازل توں عالی
نام لیوا محبوب ترے دا جہدے موہڈے کملی کالی
اعظم میرے عیب چھپاسی جہڑا دیس عرب دا والی

○

کون آیا اج دنیا اُتے ہوئیاں گلی گلی روشنائیاں
ابراہیمی گلشن دے وچ اج عجب بہاراں آئیاں
جس نوں حاصل کرن دی خاطر پتیاں مکے وچ دھائیاں
اعظم لعل حلیمہ لے گئی ہتھ مل دیاں رہ گیاں دائیاں

○

بعد خدا دے سب توں افضل جہدا کلمہ پڑھے خدائی
پڑھے درود خدا جس اُتے جہدا جبرائیل فدائی
جتھے کوئی رسول نہ پہنچے اودھی اوتھوں تیک رسائی
اعظم اساں بہشت کی کرنا جے اودھے دی ملے گدائی

○

○

نور نبی دا اوس ویلے دا جدوں زمیں اسمان وی نہیں سی
لوح محفوظ نہ عرش نہ کرسی اجے کون مکان وی نہیں سی
نہ سورج نہ چن نہ تارے اتے آن زمان وی نہیں سی
اعظم آدم حوا والا اجے نام نشان وی نہیں سی

○

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ کہہ کے اوہنوں خالق نے وڈیایا
ایس توں پہلے ایڈا رتبہ کسے ہور نبی نہیں پایا
ختم رسل دی مہر لوا کے سوہنا سب توں پچھے آیا
ایسے خاطر اج تک اعظم کوئی ہور نبی نہیں آیا

○

ہور نبی کوئی اونا ہندا تے اوہ آپ توں پہلے اوندا
پہلے نبیاں وانگوں اوہ بھی کوئی معجزہ نال لیوندا
یا کوئی نویں کتاب دکھوندا یا نواں پیغام سنوندا
لَا نَبِیَّ بَعْدِی اعظم کیوں پاک نبی فرموندا

○

○

دیکھن نوں اوہ ساڈے ورگا پر اییں کدوں اُس مُل دے
پتھر لعل دے بھا نہیں وِکدا پھُل کنڈیاں نال نہ تُل دے
جو اسرار حضورؐ تے کھُلّے اوہ ہر اِک تے نہیں کھُلدے
اعظم اوہ عرشاں تے پھردا اییں گلیاں دے وِچ رُلدے

○

رات مِعراج اسماناں تائیں، رب دُلہن وانگ سجایا
سارے جلوے کٹھے کر کے اک نُوری تاج بنایا
نال پیار بِلا تشبیہوں محبوب دے سِر پہنایا
ایدوں اگے خبر نہیں اعظم رب کیہ کیہ جھولی پایا

○

جبرائیل نے آن جگایا، جدوں سَوں گیا سب زمانہ
بن ٹھن کے محبوب خدا دا ہویا عرشاں ول روانہ
جس جا اُتے جا نہ کوئی، اوتھے پہنچیا نبیؐ یگانہ
اعظم دِید دی خاطر سدیا وِچ بن گیا سیر بہانہ

○

○

لنگھ گئے سِدرہ توں حضرت تھلے رہ گئے سب ناسُوتی
عرش وِی تھلّے نوح وی تھلّے تھلّے رہ گئے سب ملکُوتی
گذر گئے جبرُوت توں اگّے مُنہ تکدے رہے جبرُوتی
اعظم حیرت وِچ کھلو کے اُتاں ویکھن سب لاہُوتی

○

توں نہیں محرم شان نبیؐ دا کیوں کرنا ایں اینڈ بیباکی
اوہنوں اپنے درگا آکھیں جہدے خادم نُوری خاکی
جس نوں خالق کول بُلا کے دَسّے سارے راز افلاکی
اعظم اوہدے درگا کِہڑا، جہدے سِر تے تاج لولاکی

○

جے چاہیں توں مومن بننا، بن خدمت گار نبیؐ دا
کِس کم حج زکوٰۃ نمازاں، جے کریں انکار نبیؐ دا
جے توحید دی لذّت چاہیں، پہلوں کر اقرار نبیؐ دا
اعظم کِس کم سجدے تیرے جے نہ دل وِچ پیار نبیؐ دا

○

○

اِک پاسے محبوب خدا دا اِک پاسے کل خدائی
اَیڈی شان تے اَیڈی عظمت کِسے ہور اِنسان نہ پائی
سارے نبیاں نالوں اُچا، اَیڈا اُچا ہور نہ کائی
اعظمؔ اوہنوں کون گھٹاوے جہدی رب کرے وڈیائی

○

جہڑا عاشق پاک نبیؐ دا اوہنوں خوف کی روزِ حشر دا
نہ اُس دوزخ دے وچ سڑنا تے نہ اوہنوں خوف قبر دا
جس نے جام عِشق دا پیتا، اوہنوں زَہر اثر نہیں کردا
اَعظم جہڑا عشق دا بندہ، اَوہ موت ہتھوں نہیں مردا

○

شاہنشاہا دیس عرب دیا، تِرا وَسدا رہے مدینہ
کی آکھاں کس منہ نال آکھاں مرا روشن کردے سینہ
کی اَوقات مِری کیوں آکھاں مرا کر جا پار سفینہ
جبرائیل جیہے ترے بَردے، ایتھے اعظمؔ کَون کمینہ

○

○

کوئی عمل نہ چجدا میرا، تے مَیں کیویں یار نوں بھاواں
نہ کوئی عِلم نہ گُن کوئی پلّے، پیا اپنا آپ لُکاواں
ویکھ کے صُورت اپنی وَتوں، تے مَیں آپے ای شرماواں
اعظمؔ وچ دربار نبیؐ دے، دس کہڑے مُنہ نال جاواں

○

پچھن لگی پچھوں آیو کیہڑے دیس تساڈا ڈیرا
اعظم دیہو جواب تتی نوں کتھے یار ڈِٹھو جے میرا

اُڈ کے تن تھیں جان دا پنچھی جا بیٹھا پُنل دوارے
آکھے یار پُنل اُٹھ خوابوں تینوں عشق پیا للکارے
توں آیوں ہیں بھی چھڈ آیاں کلّے رہ گئے بار پیارے
اعظم چل چھیتی دَل تھل دے تینوں سسّی دُو اجاں مارے

اُبھڑ واہے اُٹھیا عاشق سُن رُوح دی گریہ زاری
ڈِگدے ڈھیندے پھڑ اسواری کیتی وَل بھنبھور تیاری
تازہ قبر ڈِٹھی اِک رہ وِچ اُتّے بیٹھا اِک بچاری
اعظم پڑھ کے فاتحہ پُچھے ایہہ کِس دی قبر پیاری

اوس کیہا میں نام نہ جاناں کِتھوں آئی کون وچاری
پُنوں پُنوں کر دی مر گئی کوئی حور پری دُکھیاری
ڈِگا ہو بیہوش قبر تے نہ پُچھیو سُدھ وچی واری
اعظم فیر مِلے اَج دونویں ہوئی ختم کہانی ساری

عاشق وِچ شہیداں شامل ایہدے نیڑے موت نہ آوے
جائز پڑھن جنازہ اُس دا جیہڑا اُٹھ جا وے مر جاوے
عاشق اُتے غسل نہ وَاجب ایہنوں رحمت آپ نہلاوے
اعظم کیہہ اُس کفن دی حاجت جیہدے خالق عیب چھپاوے

واہ سَیّے ترا عشق سلامت تینوں یاد رکھے گی دُنیا
ہر بستی ہر محفل اندر ترا ذِکر کرے گی دُنیا
جد تک روشن چن ستارے ترا نام جپے گی دُنیا
اعظم محشر تِیک تیری آباد رہے گی دُنیا

عِشق دا محل اُسار دِتوئی اَج دِل دی کُٹیا ڈھا کے
عِشق دا دیوا بال دِتوئی اَج اپنا خُون گرا کے
عِشق دا حُسن نکھار دِتوئی اَج اپنا حُسن مٹا کے
اعظم رکھ لئی لاج عِشق دی توں اپنی جان گوا کے

واہ عِشقا جِس گھر وِچ آویں اُس گھر دی خاک اُڈاویں
غیرت آن تے شرم حیا داتوں بُرقع آن جلاویں
بڑے بڑے سرداراں کولوں دَر دَر دی بھیکھ منگاویں
اعظم پُھلاں جیہے شہزادے وِچ تھل دے مارگواویں

جندڑیئے عِشق تکر نہ جاویں اوتھے رِیناں سخت اولیاں
پُھلاں ناوں نازک ناراں اِس عِشق نے کیتیاں جھلیاں
سوہنی ڈُبی وِچ جھناں دے کئی ڈُب گیاں کھلیاں کھلیاں
اعظم سسّی کون وِچاری ایتھے بُھل گیاں بھلیاں بھلیاں

اِک نوں ڈِٹھا اِک نوں منّیا کیتا اِک وَل دھیان سسّی نے
اپنا آپ ونجا کے عِشق دا دیکھو رکھ لیا مان سسّی نے
جان دِتی پَر جان نہ دِتی ہتھوں عِشق دی آن سسّی نے
اعظم جگ دے عاشقاں اُتّے کیتا بڑا احسان سسّی نے

کیہہ دسیئے کہڑا اپنا اساڈا اسانوں کس دی یاد ستائے
کہڑا کیچ اساڈا کعبہ اساں کِتھے نین لگائے
کہڑا اچکدا ای بھار بیگانے کہڑا سُندا ای درد پرائے
اعظم نام سسّی دا رکھ کے اساں اپنے درد مٹائے

وحدت دے مَیں راگ الاپے اِس کثرت والے سازوں
اصل حقیقت نوں چمکایا مَیں اِکے رنگ مجازوں
کیہہ اِس رمز دی لذّت پاوے جیہڑا نامحرم اس رازوں
اعظم بس کر ذِکر سسّی دا ہُن پھیر سلام نمازوں

جھوٹی رونق اِس دُنیا دی ایتھے جھوٹھ دی گرم بازاری
جھوٹھا حُسن تے جھوٹھا گہنا ایہدی جھوٹھی زینت ساری
جھوٹھا پیار تے جھوٹھی مستی سب جھوٹھے پریم پجاری
اعظم جس دی ہر گل جھوٹھی کیہہ اوس کمین دی یاری

معراج

عرض نامہ

یہ بات میرے وہم گمان میں بھی نہیں تھی کہ اباجی کے کسی مجموعۂ کلام کا عرض نامہ مجھے لکھنا پڑے گا۔ جبراً اس اعزاز کا بار اٹھا رہا ہوں، اگرچہ سر سے پاؤں تک میرا روم روم کانپ رہا ہے۔ قلم کی ہر کروٹ سے یہ خواہش اُبھر رہی ہے کہ.... ابھی اباجی مسکراتے ہوئے اس دروازے سے اندر داخل ہوں اور .... میں کاغذ، قلم اُن کے ہاتھ میں تھما دوں، کہ لیجئے!.... خود ہی لکھیے!! .... مجھ سے یہ کام نہیں ہوتا.... کس مشکل میں ڈال دیا آپ نے مجھے.... اباجی!!.... مگر....

"معراج" میں تمام غیر مطبوعہ کلام شامل ہے جو "اُبیندرسے" کی اشاعت کے بعد گاہے بگاہے کہا گیا۔ "اُبیندرسے" کا پہلا ایڈیشن ۱۹۷۴ء میں شائع ہوا تھا۔ اُن کی ڈائری میں ماسوا چند نعتوں کے کسی بھی صفحے پر تاریخ سنہ درج نہیں، اس لیے حتمی طور پر نہیں کہا جا سکتا کہ "یہ نعت" فلاں تاریخ یا سنہ میں کہی گئی۔ البتہ میں اتنا ضرور جانتا ہوں کہ "معراج" کی اکثر نعتیں ۱۹۸۵ء سے ۱۹۸۸ء تک کے عرصے میں کہی گئی ہیں، کیونکہ ہر تازہ نعت وہ سب سے پہلے مجھے اور آسرار کو سنایا کرتے تھے۔ یہ دَور اُن کی نعت گوئی کے وجدانی اور فنی سفر کا نقطۂ عروج تھا۔ ۱۹۹۰ء کے بعد انہوں نے نعت گوئی کے ساتھ ساتھ نعت خوانی سے بھی (ظاہراً) کنارہ کشی اور مکمل خلوت نشینی اختیار کر لی تھی۔

وصال، ۳۱ جولائی ۱۹۹۳ء سے تقریباً دو ماہ قبل شدید علالت اور نقاہت کے باوجود تمام غیر مطبوعہ نعتوں پر نظر ثانی کی ... سبب

سمجھا، ترمیم و اصلاح بھی۔

حضرت احمد ندیم قاسمی نے جس محبت اور توجہ سے "معراج" کا "پیش کلام" لکھا ہے، اس سے اباجی کے ساتھ ان کی دلی وابستگی اور کلام کے فنی پہلوؤں سے گہری آگہی کا پتہ چلتا ہے اور چونکہ یہ معاملہ ان دو بزرگ ہستیوں کے مابین ہے، لہٰذا قاسمی صاحب کا شکریہ ادا کرنے کا حق مجھے حاصل نہیں۔

کچھ ایسی ہی صورتِ حال کا سامنا مجھے محترم حفیظ تائب صاحب کی طرف سے ہے۔ تائب صاحب اباجی کے نہایت پیارے اور عزیز دوستوں میں سرِاوّل ہیں۔ انہوں نے بزرگی اور نقاہت کے اس عالم میں "معراج" کا دیباچہ لکھنے کا مشقت طلب اور تکلیف دہ کام صرف اور صرف اباجی کی محبت میں کیا ہے۔ اور اسی طرح محترم مشتاق احمد بھٹہ صاحب ہیں، جنہیں اباجی کے ساتھ انتہائی محبت اور عقیدت ہے۔ جس کا ادنیٰ سا اظہار آپ کو "معراج" کی نظر افروز کتابت میں دکھائی دے گا۔

اباجی نے اپنے تازہ مجموعے کا کیا نام سوچ رکھا تھا؟ یا وہ کیا نام رکھتے؟ ... میں اس سلسلے میں تو کچھ نہیں کہہ سکتا۔ البتہ اتنا یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ "معراج" کا ٹائیٹل، انتساب، پیش کلام، دیباچہ، ترتیب، کتابت، طباعت گویا سبھی کچھ ایسا ہی ہوتا، جیسا کہ ہے۔ کیونکہ میں نے اپنی نادانی سے شعور تک کے تیس (۳۰) برس محض اُن کے سائے میں نہیں، بلکہ آغوش میں گذارے ہیں۔ وہ کیا سوچتے تھے، کیا محسوس کرتے تھے، کیا چاہتے تھے، یہ مجھ سے بہتر کوئی نہیں جان سکتا ... اُن کی مقدس روح نے ان کے تن کا لبادہ تو اتار دیا لیکن اس مقدس روح کو لباس بنا کر اب میں نے پہن لیا ہے کہ میرے لیے یہی لباس، خلعتِ فاخرہ ہے۔

جمشید اعظم چشتی

جنوری ۱۹۹۶ء

پیش کلام

مَیں نے اعظم چشتی کے اندازِ نعت خوانی سے محبت کی ہے اس لیے ان کے انتقال کے بعد بھی مجھے مسجدیں اور سیرت کانفرنسیں ان کی خوبصورت آواز سے گونجتی ہُوئی محسوس ہوتی ہیں۔ جب بھی کوئی نعت خواں اُن کے لحن میں اور ان کے عقیدت بھرے لہجے میں نعت پڑھنے لگتا ہے، میرے تصور میں اس کا وجُود گھُل سا جاتا ہے اور اُس کی جگہ اعظم چشتی نعت سرا ہو جاتے ہیں۔ میں اس کیفیت کو اُن کے منفرد اسلوبِ نعت خوانی کا اعجاز سمجھتا ہوں اور میرے خیال میں میری طرح کے ہزاروں لاکھوں لوگ یہی محسوس کرتے ہونگے۔

نعت خوانی کی طرح نعت گوئی پر بھی اعظم چشتی کو پوری پوری دسترس حاصل تھی۔ وہ ایک وسیع المطالعہ شخص تھے اور فن کی باریکیوں پر حاوی تھے۔ وہ دراصل موسیقی اور شاعری کے سے فنونِ لطیفہ کی تجسیم تھے۔ انتہا درجے کے شعر شناس تھے۔ شعر کا کوئی نکتہ، کوئی رمز، کوئی اشارہ اُن کی نظروں سے پوشیدہ نہیں تھا فارسی اردو اور پنجابی کے اساتذۂ فن کے اشعار کی تشریح اتنے عالمانہ انداز میں اور ساتھ ہی اتنے ذوق و شوق سے کرتے تھے کہ جی چاہتا تھا وہ بولتے چلے جائیں۔ اور ہم سنتے چلے جائیں۔

ان کی نعت میں کلاسیکل غزل کی سی کیفیت ہے۔ ظاہر ہے ان کا مرکزِ محبت و عقیدت حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں اس لیے غزل کی کیفیات میں جب ساتھ ہی عقیدت اور پرستش کے جذبات گھُل جاتے ہیں تو ان کے ہاں دلپذیر معیار کا نعتیہ شعر تخلیق ہوتا ہے۔ خُود ان کا ارشاد ہے۔

زبانِ نعت کو مل جائے گر نوائے غزل
تو جوئے آب میں موجِ شرر نظر آئے

جو سوز و گداز اُن کی نعت خوانی میں تھا اور نعت خوانی کے دوران ان کے پُورے وجود پر جو سپردگی اور سرخوشی چھا جاتی تھی، وہی کیفیت ان کی نعت گوئی میں بھی محسوس ہوتی ہے۔ ان کے انتقال کے بعد شائع ہونے والے اس مجموعۂ نعت "مُعراج" کے صرف یہی اشعار دیکھ لیجئے۔

ترے ذکر و فکر میں دن ڈھلا، تیری گفتگو میں سحر ہُوئی
بڑی باغ باغ گزر گئی، بڑی آبرو سے بسر ہُوئی

صبح پھُوٹی تو ترے رُخ کی ضیا یاد آئی
چاند نکلا تو ترا نقشِ قدم یاد آیا

کچھ اتو کھے ہیں زمانے کے جہانبانوں سے
تیری شفقت کے، محبت کے، مروت کے اصول

اور صرف اس ایک مصرعے میں اولادِ آدم پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیماتِ پاک اور اسوۂ حسنہ کے ہمہ گیر اثرات کو اعظم مرحوم نے کس سلیقے سے سمیٹا ہے۔

ہزاروں صدیوں کے بعد انسانیت کو آسُودگی ملی ہے

عشق و محبت کی بے انتہائی کے عالم میں اعظم کا سا حساس نعت گو بھی عالمِ اسلام کی مجموعی زبوں حالی کو دیکھ کر سوچ میں پڑ جاتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ابتدائی ولادت سے دو گر نالی کوشک کے خاص طور سے مسلمانوں اور عام طور سے انسانوں کو آج کیوں ایک صورتِ حال کا سامنا ہے۔

جس کی سرشت میں مہر و وفا ہو جس کے دل میں خوفِ خدا ہو
میرے آقا، آج وہ انساں صرف کتابوں میں ملتا ہے

نعت گوئی میں اعظم چشتی مرحوم کے کمالِ فن کی ایک مثال وہ قصیدہ ہے جس کا آغاز و انجام ان اشعار پر ہوتا ہے۔

میں سراپا خطا و فسق و فجور
معصیت کوشیوں کے نشے میں چور

عرصۂ حشر ہو کہ باغِ ارم
آپ کی مدح پر رہوں مامور

یہ قصیدہ شاعر کی قادر الکلامی کا ناقابلِ تردید ثبوت ہے۔ اگر مجموعۂ نعت "معراج" صرف اس ایک قصیدے پر مشتمل ہوتا تو جب بھی وہ مدتوں پڑھے جانے کا مستحق تھا مگر ہر سچے نعت گو کی طرح اعظم مرحوم کو بھی احساس ہے کہ حضورِ گرامی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ پاک میں اسے جس معیار کا نذرانۂ عقیدت پیش کرنا چاہیے تھا وہ نہیں کر سکا۔

جو کچھ کہا، حضور کے شایانِ شاں نہیں

یہ عاجزانہ اعتراف ہر نعت گو کو سجتا ہے کہ پیغمبرِ عالی مقام صلی اللہ علیہ وسلم کی مدحت کما حقہٗ کون کر سکا ہے اور کون کر سکے گا۔ نعت گو کا اصل سرمایہ تو اس کا عشق و عقیدت، اس کا ایمان و ایقان اور سلیقہ مندانہ اظہار پر اس کی قدرت ہے اور ان امور کی کسوٹی پر اعظم چشتی مرحوم کی نعتیں کھری اترتی ہیں۔

احمد ندیم قاسمی
ستمبر ۱۹۹۴ء لاہور

پیشوائی

محمد اعظم چشتی نصف صدی سے زیادہ عرصہ تک لحن و سخن کا جادو جگاتے رہے اور انہیں خواص و عوام کی محبوبیت کا شرف حاصل رہا۔ انہوں نے نعت خوانی و نعت گوئی پر بڑے گہرے اثرات مرتب کیئے۔ چنانچہ اس وقت جتنے بڑے نعت خواں موجود ہیں اُنہوں نے یا تو براہِ راست محمد اعظم چشتی سے استفادہ کیا ہے یا پھر بالواسطہ اور غیر شعوری طور پر اُن تک حضرتِ چشتی کا فیض پہنچا ہے۔ نعت خوانی میں انہیں وہ عروج نصیب ہوا کہ اُن کی نعت نگاری کی طرف اہلِ ادب نے کم کم دھیان دیا، حالانکہ وہ اس میدان میں بھی رہنمایانہ کردار ادا کرتے رہے ہیں۔

محمد اعظم چشتی مزاجاً ذہنِ جدید کی نمائندگی کرتے رہے، حالانکہ مختلف علوم و فنون و السنہ میں دسترس حاصل کرنے کے اعتبار سے اُن کا ذوق اسلاف سے ملتا تھا۔ اُن کے ذہنی پس منظر کو ظاہر کرنے کے لیے، ان کی زندگی کے کچھ کوائف پیش کرتا ہوں، جو ان کے تصدیق شدہ ہیں۔

محمد اعظم ۱۵ مارچ ۱۹۲۱ء کو ضلع فیصل آباد کے ایک گاؤں پُرتج چک نمبر ۲۰۱ میں پیدا ہوئے۔ والد بزرگوار کا نام محمد دین چشتی تھا، جو عالم، صوفی، طبیب اور درویش منش انسان تھے۔ مجھے ان کی زیارت کی سعادت اکثر نصیب ہوئی۔ محمد اعظم نے جب ہوش سنبھالا تو اپنے گاؤں کے سکول میں دُعا کہلواتے کہلواتے نعتیں بھی پڑھنے لگے۔ پھر

چک جھمرہ کے ہائی سکول تک جاتے جاتے وہ نعت خوانی میں معروف ہو گئے۔

۱۹۲۶ء میں جب محمد اعظم، سید ہجویر رحمۃ اللہ علیہ کے قطب البلاد لاہور میں پہنچے تو ابھی جوانی کی سرحدوں میں داخل ہو رہے تھے۔ وہ خوش طبع و خوش گلو بھی تھے اور خوب رو بھی۔ چنانچہ آواز کا جادو جگاتے ہوئے جلد ہی زندہ دلان کی نگاہوں کا مرکز بن گئے۔ جمعرات کی شب وہ داتا حضور رحمۃ اللہ علیہ کے دربارِ فیض بار میں نعت خوانی کرتے تو جمعۃ المبارک کے وقت مسجد وزیر خاں میں نمازیوں کو جذب و شوق کا سامان مہیا کرتے۔ لاہور میں نعت خوانی کے لیے حکیم فضل الٰہی کے حلقۂ تلمذ میں شامل ہوئے، لیکن اصل اُستاد اُن کی طبیعت ثابت ہوئی اور جلد ہی وہ لاہور سے باہر دُور دُور تک نعت خوانی کے لیے بلائے جانے لگے۔

جلد ہی وہ دوسرے بزرگوں کی اُردو پنجابی نعتوں کے ساتھ ساتھ اپنی کہی ہوئی اُردو نعتیں بھی پڑھنے لگے۔ مشغلۂ نعت گوئی و نعت خوانی کے ساتھ دینی و طبی علم حاصل کرنے کا جذبہ بھی دل میں موجزن تھا، چنانچہ ابوالحسنات مولانا سید محمد احمد قادری رحمۃ اللہ علیہ کے آگے زانوئے تلمذ تہہ کیا اور درسِ نظامی اور طبِ اسلامی میں خاصی استعداد پیدا کر لی۔ اس سے قبل وہ اپنے والدِ بزرگوار سے فارسی ادبیات کی کئی اہم کتابیں پڑھ چکے تھے اور فارسی میں شعر بھی کہنے لگے تھے۔ وہ علم موسیقی سے آگاہی حاصل کرنے کے لیے اُستاد برکت علی خاں سے بھی استفادہ کرتے رہے۔

اُن کی اپنی کہی ہوئی نعتیں جلد ہی مقبول ہونے لگیں تو حافظ برکت علی قادری رحمۃ اللہ علیہ نے مختصر سا مجموعہ بھی چھپوا دیا۔ کلامِ اعظم کے نام سے یہ مجموعہ کئی بار چھپا اور ۱۹۳۶ء ہی میں اُن کے پیر خانے چکوڑی شریف کے خدام کی طرف سے بھی چھپایا گیا۔

—— اسی اثنا میں انہوں نے فنِ کتابت میں بھی پوری مہارت حاصل کر لی۔

۱۹۴۰ء میں جب تحریک پاکستان چلی تو محمد اعظم چشتی، علماء کرام، مشائخ عظام اور مسلم لیگی لیڈروں کے ہمراہ ملک بھر کے دوروں میں شریک ہو کر شہر بہ شہر اور قریہ بہ قریہ مسلمانوں کے دل نغماتِ نعت سے گرماتے رہے اور یوں انہوں نے قریۂ عشقِ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پاکستان کے قیام میں بھرپور کردار ادا کیا۔

۱۹۴۲ء میں مجموعۂ شاعری "غذائے روح" پہلی بار شائع ہوا جس میں نعتوں کے علاوہ غزلیں بھی شامل تھیں۔ قیامِ پاکستان کے وقت ان کی بہت سی نعتیں شہروں اور دیہاتوں میں یکساں گونج رہی تھیں۔ ایک مقبول ترین نعت کے دو اشعار سے اس وقت کے رنگِ نعت کا اندازہ بخوبی ہو سکتا ہے ؎

سارے جگ توں رالیاں دسدیاں نیں عربی سرکار دیاں گلیاں
کوہ طور تائیں شرمندہ کرن خالق دے یار دیاں گلیاں

پُچھے جبرائیلؑ امین کولوں، پُچھو مالکِ یوم الدین کولوں
چنگیاں نیں عرش بریں کولوں مدنی دلدار دیاں گلیاں

محمد اعظم چشتی کی طبیعت کا ایک خاص وصف یہ رہا کہ وہ عوامی مقبولیت سے کبھی مطمئن نہ ہوئے، کیونکہ اردو فارسی کی کلاسیکی شاعری کے مطالعہ کی بدولت اُن کا ذہن بلند سے بلند تر ہو رہا تھا۔ لہٰذا بہتر سے بہتر کہنے کی لگن بھی وقت کے ساتھ ساتھ بڑھتی گئی۔ چنانچہ ان کے دوسرے مجموعہ شاعری "رنگ و بو" جو پہلی بار ۱۹۵۳ء میں چھپا، میں ایسے بہت سے اشعار موجود ہیں جو ادبی معیارات پر فائز تھے اُس دور کی ایک نعت سے ایک نمونہ ؎

تمہارے آنے سے پہلے کیا تھی ہمارے صبح و مسا کی صورت
نہ کوئی مونس، نہ کوئی ساتھی پڑے تھے بس نقشِ پا کی صورت

ان کے مخاطب عوام کی بلند ان کا دامن کھینچتی رہی، مگر وہ اپنی دُھن میں

آگے ہی آگے بڑھتے رہے۔ صوفی تبسم مرحوم اور فیض صاحب کی خصوصی صحبتوں،
حضرت احمد ندیم قاسمی کی محبتوں، شہزاد احمد اور دوسرے معاصر شعراء کی رفاقتوں سے
انہیں اچھی ادبی فضا مہیا کی اور وہ شعری معارف و جمالیات کی بھرپور آگاہی حاصل کر
کے اپنے کلام کو مسلسل نکھارتے چلے گئے۔ یہ عاجز بھی ان کا شریک سفر رہا اور خون
فیض سے ان کے مراسم سے پہلے ہم لوگ سید عابد علی عابد، علامہ لطیف انور، تقی شفائی
سے بھی ملاقاتیں کرتے رہے۔

۱۹۷۰ء میں "نیّرِ اعظم" کی اشاعت تک ایک نہایت خوش گوار تبدیلی ان کے
کلام میں رونما ہو چکی تھی۔ اور انفرادیت کے سفر میں آگے ہی آگے بڑھ رہے تھے۔ اس
تبدیلی کا احساس ایک شعر میں یوں ظاہر ہوا ہے

نعت کا رنگ جو بدلا تو میں سمجھا اعظم
پہلے میں کہتا تھا اب کوئی کہلواتا ہے

اس دور میں تغزل کے ساتھ ساتھ انہوں نے قصیدہ کی روایت سے بھی بھرپور استفادہ
کر کے نعت کو مزید آگے بڑھایا۔ اور قرآن و سیرت کے مضامین کو نہایت خوبی سے نعتیہ
قصائد میں سمویا ہے

سینہ آئینۂ الم نشرح	دِل خُدا کی اماتوں کا مقام
تھا یہی انشرحِ صدر کا راز	اس سے لینا تھا آئینے کا کام
ہاتھ مشکل کشائیوں کی کلید	جس سے کھل جائے ہر درِ انعام
یَدُ اللہِ فَوقَ اَیدِیھِم	انہی ہاتھوں میں دو جہاں کی زمام
خاکِ نعلینِ پاک وہ جس سے	عرش کے بھی چمک اٹھیں در و بام

اسی زمانے میں محمد اعظم چشتی نے پنجابی نعت کے سرمایے میں اضافے کی غرض

سے مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ کی کچھ فارسی نعتوں کو نہایت کامیابی سے پنجابی جامہ پہنایا۔ ساتھ ہی ساتھ پنجابی نعت کی متصوفانہ روایت کو دوہے لکھ کر آگے بڑھایا اور کتاب "اُنینہ رے" ۱۹۷۸ء میں چھپ کر سامنے آئی۔

فنِ نعت میں ان کے عہد آفریں حصے کا قومی سطح پر اعتراف کیا گیا اور انہیں ۱۹۷۹ء میں صدارتی تمغۂ حسنِ کارکردگی دیا گیا۔ ان کی بے پناہ تخلیقی قوتوں اور صلاحیتوں کو اب بھی قرار نہ آیا، بلکہ لگن اور تڑپ میں روز بروز اضافہ ہوتا چلا گیا۔

گزشتہ تین دہائیوں میں بتدریج نعت گوئی کو نہایت سازگار فضا میسر آئی ہے اور اب کوئی شاعر ایسا نہیں جو نعت کہنے کی سعادت سے محروم ہو بہت سے شعرأ کرام مستقلاً نعت کی طرف توجہ مبذول رکھتے ہیں۔ تمام شعرأ کی فکری کاوشوں اور تمام تر شعری تجربوں کے شمول سے نعت گوئی کے بہت سے نئے امکانات بھی سامنے آئے ہیں۔ نعت اب پوری زندگی کا احاطہ کرنے لگی ہے تخلیقی سطح پر ورفعنا لک ذکرک کی تصدیق ہو رہی ہے اور نعت نگاری کے اس ارتقائی عمل میں محمد اعظم چشتی بھی پوری شان و شوکت کے ساتھ شامل رہے ہیں۔

۱۹۷۰ء تک وہ نعت کے ساتھ ساتھ غزل بھی کہتے رہے۔ لہٰذا ان کی ربع صدی کی غزل گوئی بھی ناقدینِ فن کی توجہ کی حقدار ہے۔

"نیرِ اعظم" کی اشاعت کے بعد، انہوں نے تمام تر توجہ نعت نگاری ہی پر مرکوز کر دی اور اسی لیے وہ اس صنف کے جدید تر تقاضوں کا ساتھ دیتے ہوئے، فنِ نعت گوئی میں رفیع و دقیع اضافے کرنے کے قابل ہوئے۔ چنانچہ ان کا زیرِ نظر خالص مجموعۂ نعت "معراج" حقیقتاً ان کے فنِ نعت نگاری کی معراج ہے۔ صوفیانہ اور فلسفیانہ مضامین نے اُن کی نعت کو ایک خاص قسم کی طرح داری عطا کی ہے۔

آنکھوں میں ڈھل جا، دل میں اتر جا
خالی پڑا ہے کب سے یہ منبر

لاہوت کیا ہے، جبروت کیا ہے
ان کی گزرگاہ کا ایک منظر

یہ آسماں کیا، یہ لامکاں کیا
کیا کچھ نہیں ہے سینے کے اندر

ایک قصیدے میں شاعری کے تمام تر امکانات سامنے لے آتے ہیں۔ اس قصیدے میں اعترافِ عجز والا حصہ بہت فکر انگیز اور دل افروز ہے ؂

میں کہ اک سازِ بے نفیرِ حیات
ابرِ بے آب و سعیِ نامشکور

نہ کسی باغ کا گلِ خوش رنگ
نہ کسی انجمن کی آنکھ کا نور

بے عمل، بے شعور، ناکارہ
بے کمالی میں دور تک مشہور

میں کہ ناواقفِ سلوکِ ادب
میں کہ بیگانۂ شرابِ شعور

نہ رہ و رسمِ شاعری معلوم
نہ زبان و ادب پہ مجھ کو عبور

اُن کے دل میں مسلسل پرورش پانے والی سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت وقت کے ساتھ ساتھ گہری ہی گہری ہوتی گئی اور ان کا اعتبارِ فن بڑھتی گئی۔ حج و زیارت کی تمنا تمام عمر ان کے سینے میں موجزن رہی لیکن پہلے یہ کہہ کر دل کو تسلی دیتے ہے

کتنا محبوب ہے اعظم انہیں رونا میرا
ساری دنیا کو بلایا، نہ بلایا مجھ کو

پھر جب حاضری زیارت اور حضوری کا شرف پانے لگے تو ان کیفیات کو موضوعِ نعت بناتے ہوئے نہایت منفرد و ممتاز انداز اختیار کیا۔

کعبہ دیکھا تو تری بُت شکنی یاد آئی
خلد دیکھی تو ترا صحنِ حرم یاد آیا

نعت کے رنگِ جدید کی نمائندگی کرتے ہوئے انہوں نے آشوبِ ذات

آشوبِ عصر اور آشوبِ کائنات کو بھی نعت میں جگہ دی ہے اور طلبِ رحمت بھی کی ہے۔ یہ اپنے وطنِ عزیز کے لیے دعاؤں سے بھی نعت کو مزین کیا ہے ؎

زن شرق و غرب بھی تجسس میں سکوں کے ـــــ درکار ہے سب کو ترے دامن کا سہارا!

تپتے ہوئے ماحول سے گھبرا کے یہ دنیا ـــــ اب ڈھونڈھ رہی تری دیوار کا سایا

بخشا ہے تو اب اس کی نگہداشت بھی فرما ـــــ محبوب ہے ہر ذرہ مجھے اپنے وطن کا

محمد اعظم چشتی کو اپنے ممدوحِ کریم پر ہمیشہ ناز رہا اور اسی ناز نے اُن سے آخری دور میں کہلوایا ؎

مرا کریم بھی کیسا کریم ہے اعظم

کہ میرا عیب بھی جسکو ہنر نظر آئے

مگر انہیں یہ بھی گہرا احساس رہا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی محبت کا اصل تقاضا آپؐ کا کامل اتباع ہے، چنانچہ وہ کس درد سے پکارتے ہیں ؎

تجھ سے اُلفت بھی ہے احساسِ ندامت بھی ہے ـــــ اپنا حق مجھ سے کوئی مانگ رہا ہو جیسے

یہ احساس بہت غنیمت بلکہ مبارک بھی ہے اور گنہگاروں پر سعادتوں اور رحمتوں کے دروازے کھولتا ہے۔ دوسری طرف نعت اور اُس پر ممدوحِ کریم کی رحمتِ بیکراں ناعت کو آسودگی کی وہ فضا مہیا کرتی ہے، جس کے بارے میں محمد اعظم چشتی نے کہا ؎

اعظم گزر رہی ہے کس آسودگی کے ساتھ

سایہ ہے ان کا سر پہ مرے آسماں نہیں

حفیظ تائب

۱۳ نومبر ۱۹۹۵ء لاہور

❋

کوثر کی حلاوت ہے مری تشنہ لبی میں
مصروف ہوں میں مدحِ رسولِ عربی میں

تنہائی میں دمساز ہے اُس مہ کا تصوّر
کیوں موجِ ضیا ہو نہ مری تیرہ شبی میں

ہے حُسن بھی، اخلاق بھی، رحمت بھی، کرم بھی
مکّی، مَدنی، ہاشمی و مطلبی میں

ہر حُسن کا محور ہے وہ اک ذاتِ مقدّس
ہر علم کا جوہر ہے اُس اُمّی لقبی میں

ہر ذرّہ نظر آتا ہے خورشید بداماں
جلوے ہیں کئی طُور نما کوچۂ نبیؐ میں

کس آنکھ نے دیکھا ہے کوئی آپؐ کا ہمسر
کس کو ہے کلام آپ کی عالی نسبی میں

اے چشمِ کرم، تیری مسیحائی کے قرباں
ہے کوئی کمی میری ہی درماں طلبی میں

اعظمؔ بڑی نعمت ہے یہ رونا، یہ تڑپنا
شامل ہے مرا درد سکونِ قلبی میں

۴
۴
۶۷۰

✻

ہے اک آشوبِ مسلسل یہ اندھیروں کا نزول
ایک ہلکی سی کرن ، اُمتِ عاصی کے رسُولؐ!

کچھ انوکھے ہیں زمانے کے جہانبانوں سے
تیری شفقت کے ، محبت کے، مروت کے اصول

ظلمتیں کر نہ سکیں تیرے عزائم کو علیل
کر سکا کوئی جفا جُو نہ تیرے دل کو ملول

کتنے طوفان اُٹھے ، کتنے حوادث اُبھرے
پھر بھی بدلا نہ ترے دستِ عطا کا معمول

تُو وہ محبُوب پیمبر ہے کہ خالق کے حضور
تیری ہر بات پسندیدہ، ادائیں مقبُول

روحِ فردوسِ بریں، تیرے بدن کی مہکار
سرمۂ دیدۂ افلاک ترے پاؤں کی دُھول

گُم تری ذات میں افلاک، بقولِ اقبالؔ
پھر بھی افلاک سے ہوتے رہے احکام وصُول؟

آگیا کام شب و روز کا رونا آخر
ہوگئی بارگہِ شرؐ میں مری نعت قبُول

حاصلِ نعت ہے شہرتؔ کا یہ مصرعِ اعظم
"میں سگِ دنیا کہاں اور کہاں نعتِ رسُولؐ"

✽

✻

عشق تیرا نہ اگر میرا مسیحا ہوتا
میں بھی پندار کے صحراؤں میں کھویا ہوتا

تیری نسبت نے سنوارا مرا اندازِ حیات
میں اگر تیرا نہ ہوتا، سگِ دُنیا ہوتا

ہائے وہ دل جو نہیں تیری محبت کا امیں
اچھا ہوتا جو ترا نقشِ کفِ پا ہوتا

یہ مری اپنی طلب تھی کہ مجھے تُو مل جائے
ورنہ اللہ بھی مل جاتا جو مانگا ہوتا

جس کی تنویر بنی غارِ حرا کی زینت
کاش وہ نور مرے دل کا اُجالا ہوتا

آنکھ کو دل نہ ملا، دل کو نگاہیں نہ ملیں
ورنہ اس چاند کو گھر میں نہ اتارا ہوتا

یاد سے جس کی مہکنے لگے صحرائے خیال
پھول وہ دل میں سجا ہوتا تو کیسا ہوتا

کوئے سرکار میں ہوگا کہیں مصروفِ طواف
دل اگر سینے میں ہوتا تو دھڑکتا ہوتا

کاش یہ آنکھ تری راہ کے تنکے چُنتی
دل ترے شہر کی گلیوں میں سُلگتا ہوتا

میں ترے نام کی دیتا رہا دنیا میں صدا
پھر مجھے کیوں غمِ دنیا، غمِ عقبیٰ ہوتا

کوئی حسرت بھی تو ہو، کوئی تمنا بھی تو ہو
کیوں عطا حوصلۂ عرضِ تمنا ہوتا

"حدِ کُنہ تو بادراک نشاید دانست"
دل کی آنکھوں سے کوئی دیکھنے والا ہوتا

مجھ کو مرغوب نہیں شہد کی نہریں ساقی
میرے پینے کو کوئی آگ کا دریا ہوتا

خاک ہوتا تو ہواؤں سے لپٹ کر اعظم
آستانِ شہہ لولاک پہ پہنچا ہوتا

❋

٭

کوئی محبوبِ کبریا نہ ہوا
کوئی تجھ سا ترے سوا نہ ہوا

روزنِ دل سے جھانکنے والے
آج تک تیرا سامنا نہ ہوا

کون ہے اُس کا، تُو نہیں جس کا
اور کس کا ہے جو ترا نہ ہوا

حق نے کب تیری بات ٹالی ہے
کون سے دن ترا کہا نہ ہوا

تجھ پہ کیا کیا ستم نہ ڈھائے گئے
تجھ سے کس شخص کا بھلا نہ ہوا

ہم پہ کتنا وہ مہرباں ہوگا
جس سے دشمن کا دل بُرا نہ ہوا

حاصلِ بندگی تھا وہ سجدہ
جو تری ذات کو روا نہ ہوا

ضبط کے تار ٹوٹ ٹوٹ گئے
جب کوئی قافلہ روانہ ہوا

حسرتیں اُڑ گئیں دھواں بن کر
لب کُشائی کا حوصلہ نہ ہوا

شعر تو شعر قُرب میں اُن کے
ہم سے اظہارِ مدعا نہ ہوا

سبز گنبد پہ کیا نظر پڑتی
سر تو دہلیز سے جدا نہ ہوا

التجا کی زباں ہے نعتِ رسول ﷺ
اس میں شامل کبھی گِلہ نہ ہوا

تھی یہی غایتِ حیاتِ اعظمؔ
پھر بھی مدحت کا حق ادا نہ ہوا

❋

❋

خود کو دیکھا تو ترا جُود و کرم یاد آیا
تجھ کو دیکھا تو مصوّر کا قلم یاد آیا

صبح پھُوٹی تو ترے رُخ کی ضیا یاد آئی
چاند نکلا تو ترا نقشِ قدم یاد آیا

کعبہ دیکھا تو تری بُت شکنی یاد آئی
خُلد دیکھی تو ترا صحنِ حرم یاد آیا

ہم نے اعدا کے مظالم کا گِلہ چھوڑ دیا
ذات پر تیری جو اپنوں کا ستم یاد آیا

دیکھ کر جھوٹے خداؤں کی سخا کا دستور
مجھ کو سرکار کا اندازِ کرم یاد آیا

روشنی تیرگی حدِ نظر تک اعظمؔ
جب بھی وہ ماہِ عرب، مہرِ عجم یاد آیا

❋

✿

ایسا معطر، ایسا معنبر
ریگِ عرب میں ایسا گُلِ تر

شمعِ شبستاں گیسوئے مُشکیں
صُبحِ سعادت رُوئے منوّر

سایہ فگن ہے دونوں جہاں پر
رنگِ قبائے محبُوب برتر

جس وقت چاہے قبلہ بدل دے
ہر اِک ادا ہے مقبولِ داور

اُن کے جلو میں گرمِ سفر ہے
روزِ ازل سے تاروں کا لشکر

آفاقیت سی آفاقیت ہے
کوئی نہ ہمتا، کوئی نہ ھمسر

میں بن گیا ہوں اُن کے کرم کی
زندہ علامت اے میرے ہمسر!

جس دن ہوئی تھی جلووں کی بارش
بوند اک پڑی تھی میرے بھی دل پر

اِک لمحہ دیکھا آئینہ بن کر
برسوں رہا ہوں حیرت کا پیکر

اُن کی گدائی حصے میں آئی
چمکا ہے کیا اپنا مقدر

اُلفت بھی وحشت ہے نُورِ دانش
دانش بھی ظلمت بے عشقِ سرُود

اُمّی نہیں ہے، اُمّی لقب ہے
عرفان و دانش اُس گھر کے چاکر

ہم جِنس ہوکر یکساں نہیں ہے
وہ ایک گوہر، میں ایک پتھر

مَیں ایک لمحہ، وہ اِک زمانہ
مَیں ایک قطرہ، وہ اِک سمندر

لاہُوت کیا ہے، جبروت کیا ہے
اُن کی گزرگاہ کا ایک منظر!

رُوح القدس ہے احساسِ باطن
عرشِ معلےٰ، فکرِ پیمبر

کیسا توسط، کیسا توسل
ہر شے پہ قدرت، ہر شے مسخر

یہ آسماں کیا ، یہ لامکاں کیا
کیا کچھ نہیں ہے سینے کے اندر

ہیں اُن کے اپنے انوار سارے
فرشِ زمیں پر ، عرشِ بریں پر

سرمایۂ دل ، سرمایۂ جاں
آلِ پیمبر ، اولادِ حیدرؓ

اعظمؔ[1] یہی ہے ایمانِ کامل
دل میں بسا لو حُبِّ پیمبر

---

[1] یہ مصرعہ معروف یوں ہے ،
اعظمؔ کی مانو اچھے رہو گے !

✿

جو دیکھنے میں بڑے دیدہ ور نظر آئے
ترے حضور سبھی بے ہُنر نظر آئے

خلاؤں سے کہیں آگے ملا مقامِ بشر
فرازِ عرش تری رہگذر نظر آئے

وہ آئینہ ہے ترا حُسنِ آئینہ تمثال
جس آئینے میں خود آئینہ گر نظر آئے

تجلیوں میں نہائی ہوئی سحر کی طرح
ترے دیار کے دیوار و در نظر آئے

محیط ہے کئی صدیوں پہ اک وہ لمحۂ دید
جو مختصر سے بھی کچھ مختصر نظر آئے

تُو مل گیا تو یہ خواہش بھی مٹ گئی دل سے
کہ خوب سے بھی کوئی خوب تر نظر آئے

کس آفتابِ صفت حُسن کا دیار ہے یہ
کہ ذرّہ ذرّہ جہاں خود نگر نظر آئے

زبانِ نعت کو مل جائے گر نوائے غزل
تو جُوئے آب میں موجِ شرر نظر آئے

دبی ہوئی ہے کوئی آگ گوشۂ دل میں
ردائے شب میں فروغِ سحر نظر آئے

جبینِ عشق ادب آموز ہے ابھی، ورنہ
قدم قدم پہ ترا سنگِ در نظر آئے

مرا کریم بھی کیسا کریم ہے اعظم
کہ میرا عیب بھی جس کو ہنر نظر آئے

٭

دلنشین خاموشی ، دِلرُبا خطاب اُن کا
مہرِ بے مثال انؐ کی ، خُلق لاجواب اُن کا

نعمتیں تمام اُن پہ ، جو ہیں صاحبِ کوثر
کائنات ساری میں ہے کہاں جواب اُن کا؟

اولیا تو اِک جانب ، انبیاء میں بھی کب ہے
کوئی ہمقدم اُنؐ کا ، کوئی ہمرکاب اُن کا

تیرگی جہالت کی مٹ گئی زمانے سے
خاورِ عرب سے جب اُبھرا آفتاب اُن کا

سب عبادتیں برحق، سب ریاضتیں تسلیم
کون دیکھ سکتا ہے حُسنِ بے حجاب اُن کا

اِک طرف کھڑے کیوں ہو بھیک ہر طرف سے لو!
اِک نہیں ہے ہاتھ اُن کا، اِک نہیں ہے باب اُن کا

آرزوئے سائل ہے، چشمِ التفات اُن کی
زندگی کا حاصل ہے، لُطفِ بے حساب اُن کا

اپنی مدح کی خاطر چُن لیا ہے اعظمؔ کو
کس قدر کریمانہ ہے یہ انتخاب اُن کا

(صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم)

❋

یوں منور ہے یہ دل ، غارِ حرا ہو جیسے
اس کے اندر کوئی مہتاب رہا ہو جیسے

گنبدِ سبز ہے یوں تازہ بتازہ ہر آن
ذہن میں کوئی نیا پھول کھلا ہو جیسے

دلِ آوارہ کو بے ساختہ آیا ہے قرار
چند گھڑیاں تری صحبت میں رہا ہو جیسے

تجھ سے اُلفت بھی ہے، احساسِ ندامت بھی ہے،
اپنا حق مجھ سے کوئی مانگ رہا ہو جیسے

اپنی خواہش سے کوئی بات نہ مُنہ سے نکلی
تیرا فرمان ہی فرمانِ خُدا ہو جیسے

اتنے اوصاف کسی ایک بشر میں تو نہیں
تیری صورت میں مصوّر بھی چھُپا ہو جیسے

دیکھتا ہوں تجھے طائف میں تو چیخ اُٹھتا ہوں
میرے سینے میں کوئی تیر چُبھا ہو جیسے

سیکڑوں چاند لیے پھرتا ہے پیشانی میں
آسماں تیرے ہی کوُچے کا گدا ہو جیسے

اَن گنت صدیوں سے مصروفِ ثنا ہو اعظمؔ
اسی خاطر تمہیں تخلیق کیا ہو جیسے

❀

قصیدہ در مدح سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مَیں سراپا خطا و فسق و فجور
معصیت کوشیوں کے نشے میں چور

میں کہ اک حسرتِ بریدہ پا
میں کہ اک التجائے نا منظور

میں کہ اک سازِ بے نفیرِ حیات
ابرِ بے آب و سعیٔ نا مشکور

نخلِ بے سایہ و گلِ بے رنگ
برگِ خشک و گیاہِ بے مقدور

تیرہ و تار خانۂ محزون
دامنِ چاک و خاطرِ رنجور

نہ کسی باغ کا گُلِ خوش رنگ
نہ کسی انجمن کی آنکھ کا نُور

بے عمل، بے شعور، ناکارہ
بے کمالی میں دُور تک مشہور

عقل بے بہرہ وجُود و شہود
فکر نامحرمِ غیاب و حضور

مَیں کہ ناواقفِ سلوکِ ادب
مَیں کہ بیگانۂ شرابِ شعور

بے بضاعت، فقیرِ ہیچمداں
علم و عرفان و آگہی سے دور

نہ مجھے زعمِ خوش نوائی کا
نہ مرے سر میں فکر و فن کا فتور

نہ رہ و رسمِ شاعری معلوم
نہ زبان و ادب پہ مجھکو عبُور

میں کہوں نعتِ حضرت والاؐ؟
میں کروں ذکرِ سیّدِ جمہور؟

میں اور اوصافِ خواجۂ گیہاں؟
میں اور اندازۂ کمالِ حضورؐ؟

نور سے جن کے ہر جہاں روشن
ذکر سے جن کے لامکاں معمور

جن کی گلیوں میں سر جھکائے ہوئے
پا برہنہ پھریں شہانِ غیور

ناز بردار جن کے زہرہ جبیں
زیرِ پا جن کے قیصر و فغفور

رازداں جن کا جبرائیلِ امینؑ
ریزہ خواروں میں شبلی و منصور

عفو سے جن کے مستفید اعداء
جن کی شفقت سے بہرہ ور مقہور

جن کو کثرت عطا ہوئی حق سے
جن کی رحمت ہے بے حدود و ثغور

وہ کہ ہیں آرزوئے مشتاقاں
وہ کہ ہیں چارۂ دلِ مہجور

وہ کہ ہیں قدسیوں کی جاں کا سکوں
وہ کہ ہیں فرشیوں کے دل کا سُرور

وہ کہ ہیں نورِ دیدۂ افلاک
وہ کہ ہیں راحتِ قلوب و صدور

اُن کے لب سے کسی نے "لا" نہ سنا
وہ کرم آپ کا ہے لا محصور

جن کے دامن میں دولتِ کونین
جن کے قدموں میں دو جہاں کے نذور

حُسن ہے جن کا مہبطِ انوار
نطق ہے ترجمانِ ربِّ غفور

لوحِ محفوظ جن کی پیشانی
سب کی تقدیر ہے جہاں مسطور

جن کے رُخ سے ظہورِ نورِ قدیم
ہیں جو دانائے معنیٔ مستور

ہر ادا جن کی آیۂ قرآں
ہر صدا جن کی زیست کا دستور

جن کا منصب محمّد و احمد
جن کی تعریف ذاکر و مذکور

ذات ہے جن کی پیکرِ اسرار
ہیں جو مجموعۂ خفا و ظہور

ماہ و پرویں ہیں جن کے حلقہ بگوش
انجمن جن کی ایک چشمۂ نور

ہیں تصرف میں جن کے لیل و نہار
جن کے زیرِ نگیں سنین و شہور

بزمِ امکاں میں جن کے دم سے فروغ
جن کی طلعت سے مستنیر دہور

سب سے اوّل حدوث کی صف میں
سب سے آخر ہوا اگرچہ ظہور

اسی اقلیم کا خدا ہے خدا
آپ کی ذات جس کا ہے منشور

لبِ ادراک دم بخود، خاموش
محوِ حیرت شعور و تحتِ شعور

جن کے مدّاح انبیائے کرام
جن کا وصّاف آپ ربِّ غفور

جن کی مدحت سرائیوں کا صلہ
باغِ فردوس اور نہ حور و قصور

کیا رقم ہو ثنائے ختمِ رسل
کیا فضائے بسیط ہو محصور

ہاں، جو ہو مجھ کو نطق ارزانی
مجھ کو بھی گر عطا ہو لطفِ حضور

میں بھی کچھ عرضِ مدّعا کر لوں
بخشواؤں سب اپنے جرم و قصور

اور کہوں، اے خزینۂ رحمت
اے کرم گستر و کرم گنجور

اے سراپا عطا و رحمتِ کُل
اے خطا بخشِ بندۂ معذور

طلبِ جاہ اور نہ حرصِ منال
ہَوسِ خُلد ہے نہ خواہشِ حُور

آپ کا ساتھ چاہتا ہوں میں
دائمی قرب چاہتا ہوں حضورؐ

عرصۂ حشر ہو کہ باغِ اِرم
آپ کی مدح پر رہوں مامور

۶
۳
۷۱ء

✼

نظر میں پھر رہا ہے آستاں محبوبِ برتر کا
ستارہ اَوج پر ہے آجکل اپنے مقدر کا

دلِ بیمار کو کب ہوش ہے اے جانِ گُلِ تر کا
پسینہ چاہیئے اس جان کو اُس جسمِ اطہر کا

ہُوا ہے نام جب سے آپ کی زلفِ معنبر کا
نہیں اشعار تک ملتا حوالہ مُشک و عنبر کا

گِلا تحصیلِ حاصل ہے مرے کِلکِ نگوں سر کا
کہ خامہ چاہیئے توصیف کو جبریلؑ کے پر کا

بیاں اور وہ بھی ممدوحِ خُدا، محبُوبِ داور کا؟
ارے یہ حوصلہ انساں کا اور پھر مجھ سے کم تر کا؟

عجب کیا وہ اگر جلوہ دکھا دیں رُوئے انور کا
بہر صُورت تعلق ہے عرض سے اس کے جوہر کا

تمہاری ذاتِ اقدس، محورِ اقلیمِ وحدت ہے
تمہارا نامِ نامی ہے نگینہ اس کے افسر کا

تمہاری دید سے بڑھ کر تمنا کب کوئی کی ہے
مجھے پایاب ہے کب جو یا کسی نے جُوئے کوثر کا

مقامِ برزخِ کبریٰ عیاں ہوگا قیامت میں
نقابِ عبدیت جس دم رُخِ سرکار سے سرکا

ہُوالاوّل، ہوالآخر، ہوالظاہر، ہوالباطن
مٹایا عشق نے جھگڑا مقدم اور مؤخر کا

خُدا آباد رکھے اُن کے غم کو میرے سینے میں
کوئی نقشہ تو دیکھے آج اس آراستہ گھر کا

۲۴
۲
۶۷۰

مَیں ہوں منسُوب اُن کے دَر سے، اُنکے آستانے سے
مجھے کیوں خوف ہو اعظم لحد کا، روزِ محشر کا

نشاں ملتا نہ چشمِ ہوش کو اُس ذاتِ بے حد کا
نہ ہوتا درمیاں گر واسطہ عشقِ محمّد کا

گوارا ہے کسے اے جانِ جاں تجھ سے جُدا ہونا
جُدا ہوتے نہ دیکھا سایہ بھی تجھ سے ترے قد کا

نہ لائے کون ایماں تیرے اندازِ تیقّن پر
سُنا ہے کب کسی نے تیرے لب سے لفظ "شاید" کا

تمیزِ روز و شب آخر ہوئی تیری ہی طلعت سے
نہ ہوتا نام روشن تجھ سے کیوں تیرے اَب وجد کا

سجے کیونکر نہ پیراہن تجھے ختمِ رسالت کا
یہ موزوں ہی تجھے تھا اور بنا ہی تھا ترے قد کا

جہاں تُو ہے وہاں کوئی کہاں پر مار سکتا ہے
پتا جبریل کو بھی کیا تری پرواز کی حد کا

مثالِ شمع روشن ہے وہ ہر مومن کے سینے میں
تو کیوں اطلاق ہو اس نور پر نورِ مقیّد کا

نہ چھوٹے ضبط کا دامن حرم میں اے دلِ مضطر!
اے چشمِ ترا دب سے کر نظارہ سبز گُنبد کا!

دیارِ مصطفٰے کا عزم ہو جب بھی کبھی اعظم
تو کرتے آنا نظارہ نجف کا اور مشہد کا

۱۲ مارچ ۱۹۷۰ء

نشاں ملتا نہ چشمِ ہوش کو اُس ذات بے حد کا
نہ ہوتا درمیاں گر واسطہ عشقِ محمد کا

گوارا ہے کسے اے جانِ جاں تجھ سے جُدا ہونا
جُدا ہوتے نہ دیکھا سایہ بھی تجھ سے ترے قد کا

نہ لائے کون ایماں تیرے اندازِ تحسن پر
سنا ہے کب کسی نے تیرے لب سے لفظ "شاید" کا

سجے کیونکر نہ پیراہن تجھے ختمِ رسالت کا
یہ موزوں ہی تجھے تھا اور بنا ہی تھا ترے قد کا

جہاں تُو ہے وہاں کوئی کہاں پر مار سکتا ہے
پتا جبریل کو بھی کیا تری پرواز کی حد کا

مثالِ شمع روشن ہے وہ ہر مومن کے سینے میں
تو کیوں اطلاق ہو اس نور پر نورِ مقیّد کا

نہ چھوٹے ضبط کا دامن حرم میں اے دلِ مضطر!
اے چشمِ تر ادب سے کر نظارہ سبز گُنبد کا!

دیارِ مصطفےٰ کا عزم ہو جب بھی کبھی اعظم
تو کرتے آنا نظّارہ نجف کا اور مشہد کا

۱۲ مارچ ۱۹۷۰ء

[illegible] دیکھ کر، اپنی [illegible] دیکھ کر
بخشش پڑی رحمت مرے دامن کی حالت دیکھ کر

آپ سے عرضِ تمنا کر چکا تھا، نہ چاہا اور کچھ
مانگتا ہے ہر کوئی اپنی ضرورت دیکھ کر

زندگی ہے وقفِ توصیفِ پیمبر آج بھی
آج بھی زندہ ہوں میں دل کو سلامت دیکھ کر

اصل میں اُن کی حقیقت کو نہ میں سمجھا نہ تو
سب سے کہنے لگے بس اُن کی صورت دیکھ کر

ہر قدم پر چاہیے لَا تَرْفَعُوْا پیشِ نظر
بات کر اُن کا مقام اور اُن کی عظمت دیکھ کر

٭

اللہ غنی ، وہ بھی کیا ذاتِ گرامی ہے
محبوب ہے تُو جس کا، تُو جس کا پیامی ہے

تُو نے تو پہاڑوں کی تقدیر بدل ڈالی
ہر نقشِ قدم تیرا، اک نقشِ دوامی ہے

اُلفت کا پیمبر ہے، رحمت کا سمندر ہے
کمزور کا ساتھی ہے، مظلوم کا حامی ہے

کونین کا ملجا ہے، بندہ، مگر آقا ہے
ہر علم کا مصدر ہے، اُمّی ہے، تہامی ہے

[illegible]
ہنس پڑی رحمت میرے دامن کی حالت دیکھ کر

آپ سے منہ تک کر چاہا، نہ جب اور کچھ
مانگتا ہے ہر کوئی اپنی ضرورت دیکھ کر

زندگی ہے وقف توصیف پیمبر آج بھی
آج بھی زندہ ہوں میں دل کو سلامت دیکھ کر

اصل میں اُن کی حقیقت کو نہ میں سمجھا نہ تو
نبی ہے کہنے لگے بس اُن کی صورت دیکھ کر

ہر قدم پر چاہیے لَا تَرفَعُوا پیش نظر
بات کر اُن کا مقام اور اُن کی عظمت دیکھ کر

✿

اللہ غنی ، وہ بھی کیا ذاتِ گرامی ہے
محبوب ہے تو جس کا، تو جس کا پیامی ہے

تو نے تو پہاڑوں کی تقدیر بدل ڈالی
ہر نقشِ قدم تیرا ، اک نقشِ دوامی ہے

اُلفت کا پیمبر ہے، رحمت کا سمندر ہے
کمزور کا ساتھی ہے، مظلوم کا حامی ہے

کونین کا ملجا ہے ، بندہ ، مگر آقا ہے
ہر علم کا مصدر ہے، اُمّی ہے، تہامی ہے

تشنیعِ محبت، توہینِ غلامی ہے

دنیا کی شمعوں کو ہوا سے بچانا
اندھا، اپنی بستی ہے، محفل کی تباہی ہے

تربیت پینے کے آداب سب کو کیا جانے
اعظم کرنی سعدی ہے، اعظم کرنی جانی ہے!

✲

✽

وہ کہاں شوکتِ خدائی میں ہے
جو فراغت تری گدائی میں ہے

غم کو خاطر میں ہی نہیں لاتا
وصف یہ ترے ہر فدائی میں ہے

دلنوازی بھی، غم گساری بھی
یہ ادا تیری دلربائی میں ہے

دے جو دامن بھی اور دولت بھی
ایسا محسن کوئی خدائی میں ہے؟

دل کی [illegible] میں ہے

میرے ہر سانس کی نسبت انہیں
یہ بھی اعجاز ہے گدائی میں ہے

ہ دل مروت ہے محبت بھی
عافیت تیری رہنمائی میں ہے

غم کے اظہار کا بہانہ ہے
ورنہ کیا میری خوش نوائی میں ہے

جو فقیری کہ سروری اعظم
آبرو اُن کی آشنائی میں ہے

✱

✿

میں کیسے عالمِ اشیا سے ماورا سمجھوں
جو تیری آنکھ نے دیکھا اُسے خدا سمجھوں

جُدا جُدا ہے زمانے میں ہر بشر کا خمیر
میں ہر بشر کو بھلا کیسے ایک سا سمجھوں

جو شخص عظمتِ آدم سے بے خبر ہے ابھی
میں کیسے اس کو رسالت کا آشنا سمجھوں

رقم ہے وقت کے سینے پہ حرف حرف ترا
اس انتہا کو بھی میں تری ابتدا سمجھوں

مری حیات کا ہر لمحہ تیرے نام ہُوا
تجھی کو اپنی دعا، اپنا مدّعا سمجھوں

بس ایک بزم درود و سلام ہے اعظمؔ
جہاں خدا کو بھی میں اپنا ھمنوا سمجھوں

❋

✿

ہو نہ جانے کہ مت ہم بشریت کیا ہے
کیا وہ سمجھے گا کہ سرکار کی عظمت کیا ہے

ایک اُمی لقب انساں کی ذات پہ نثار
ساری دُنیا کو بتایا کہ حکومت کیا ہے

نکتہ دانوں نے لیا اس سے فصاحت کا سبق
آکے پوچھے کوئی ان سے کہ بلاغت کیا ہے

سارے پیمانے غلط، اور ترازو بیکار
کوئی سمجھا نہ سکا، ان کی حقیقت کیا ہے!

ان کے کہنے پہ خدا کو بھی خُدا مانا ہے
اور اس ذات کے عرفان کی صورت کیا ہے

ہے تری ذات سے نسبت، یہی دولت ہے مری
تیرے قربان، دو عالم کی حقیقت کیا ہے!

یہ بھی کیا کم ہے کہ ہوں دُور مگر دھیان میں ہوں
اس سے بڑھ کر مرے آقاؐ، مری قیمت کیا ہے

اعظَم اُس محسنِ اعظمؐ کا کرم ہے مجھ پر
ورنہ میں کون ہوں اور میری حقیقت کیا ہے

✻

✿

بلہ عشق تھی پی کے بھی پیاسیں نہ گئیں
دل کبھی سیر نہ پایا، کبھی آنکھیں نہ بھریں

کوئی حیرت نہیں اس بے سر و سامانی پر
خوش ہوں اس پر کہ مری رات کی آہیں نہ گئیں

شوق بے تاب مگر پاس ادب تھا مانع
سامنے آئے تو بوسے کو نگاہیں نہ اٹھیں

کوئی سینے سے مرے کان لگا کر تو سنے

کیسے کیسے نہ صنم خانے نظر سے گذرے
جُز ترے اور کسی سے مری آنکھیں نہ لڑیں

امتحاں کو ترے اُٹھے تھے خدایانِ سخن
جب ترے سامنے آئے تو زبانیں نہ کھلیں

وقت کا سیل بہالے نہ گیا کس کس کو
پر ترے پاؤں کے تلووں کی لکیریں نہ مٹیں

موجۂ وقت نے کس کس کے کیئے گُل نہ چراغ
تیرے ہاتھوں کی جلائی ہوئی شمعیں نہ بجھیں

کتنے گُلشن ہُوتے تبدیل بیابانوں میں
ترے قرباں، ترے گلشن کی بہاریں نہ لٹیں

ہائے وہ عہدِ رسالت کی بہاریں اعظم
سامنے بیٹھ کے سرکار کی باتیں نہ سُنیں

✻

کسی کو خود رفتگی ملی ہے کسی کو خود آگہی ملی ہے
درِ رسولِ خدا سے جس نے جو چیز مانگی وہی ملی ہے

یہ کس جمالِ نشیمن کا چرچا ہے کس حلاوت آفریں کی آمد
ہواؤں کو خوشبوئیں ملی ہیں فضاؤں کو نغمگی ملی ہے

تمہارے آنے سے دل کے غنچوں کو پھر ملی مسکراہٹ کی
پھر آگئیں لوٹ کر بہاریں دلوں کو پھر زندگی ملی ہے

[illegible]

ملی ہے یوں تو ہر اک پیمبر کو سروری بھی، تونگری بھی
مگر دو عالم کی میرے آقاؐ کے نمائندگی ملی ہے

ملا سے آگے، خلا سے آگے، حدودِ ارض و سما سے آگے
نشانِ پائے نبیؐ ملا ہے، ضیائے روئے نبیؐ ملی ہے

میں اس گدائی پہ آسمانوں کی رفعتوں کو نثار کر دوں
خدا خدا کر کے آستانِ رسولؐ کی چاکری ملی ہے

خدا پرستو، یہ پارسائی، یہ پیشوائی کہاں سے پائی؟
یہ آبرو کس کے نام کی ہے، کہاں سے یہ دلبری ملی ہے؟

ہمیں وہ خیرالامم ہیں اعظم، ہمیں ہیں وہ خوش نصیب جن کو
رسولؐ بھی آخری ملا ہے، کتاب بھی آخری ملی ہے

❁

٭

دل نے بڑی دانائی کی ہے تیرا دامن تھام لیا ہے
سچ تو یہ ہے کہ زمیں میں آقا تیرے سوا رکھا بھی کیا ہے

میرا گھر اور تیرے جلوے تیرا قدم اور میری آنکھیں
کیسی بندہ نوازی کی ہے کتنا بڑا احسان کیا ہے

میری تنہائی میں اکثر تیرا گذر تو رہتا ہی تھا
آنکھوں کی تسکین کا لیکن اب آ کر سامان ہوا ہے

دیکھئے کب آتا ہے بلاوا کب ملتا ہے اذنِ حضوری
ہلکی سی دستک تو دی ہے، ایک سندیسہ تو بھیجا ہے

گلشنِ زیست کے ہر بوٹے پر، ہر ڈالی پہ ہر پتے پر
اے وجہِ تخلیقِ دو عالمؐ نام ترا لکھا دیکھا ہے

اُس نے اُسی انداز سے دیکھا، اس نے اسی ڈھب سے پہچانا
جس کو جیسی آنکھ ملی ہے، جتنا جسے عرفان ملا ہے

تیری اطاعت حاصلِ ایماں، تیری محبت جانِ عبادت
پیشِ نظر ہے یہ بھی حقیقت لائقِ سجدہ ذاتِ خدا ہے

تیری مدحت کہنے والے میرے لیے کیا چھوڑ گئے ہیں
بات وہی ہے لیکن سب کے کہنے کا انداز جُدا ہے

تیرا رستہ چھوڑ چکی ہے، تیری باتیں بھول گئی ہے
جس اُمت کی خاطر تُو نے کیسا کیسا ظلم سہا ہے

جسکی سرشت میں مہر و وفا ہو جسکے دل میں خوفِ خدا ہو
میرے آقاؐ آج وہ انساں صرف کتابوں میں ملتا ہے

تیری رفاقت کام آئی ہے، تیرے کرم نے سنبھالا دیا ہے

آ مجھ کو ساتھ رکھنا اپنی نظر سے دور نہ کرنا
ہر جانب مسموم فضا ہے، فتنہ گری کا جال بچھا ہے۔

آج سب بیچارہ و بیکار، حضرت تیری ردائے پاک کا سایہ
آج بھی محشر کا سا سماں ہے، دھوپ کڑی ہے تند ہوا ہے

جب بھی یہی پہچان تھی اپنی، اب بھی یہی پہچان ہے اپنی
اختر تیرا نعت سرا تھا، اختر تیرا نعت سرا ہے

✿

مدینہ منوّرہ

تابانیوں کا شہر، درخشانیوں کا شہر
حُسنِ اَزل کے جلوؤں کی ارزانیوں کا شہر

لُطف و سخا میں ڈُوبے ہُوئے مہ وشوں کا دیس
بُوئے وفا میں مہکے ہُوئے جانیوں کا شہر

اسرار میں بسے ہُوئے ذرّوں کی سرزمیں
اَنوار سے لدی ہُوئی پیشانیوں کا شہر

دلدادگانِ عشق و محبت کی سجدہ گاہ
رسمِ وفا کے خالقوں اور بانیوں کا شہر

دانائے راز عارفوں، یزدانیوں کا شہ

انسانیت کے محسن اعظم کی بارگاہ
اللہ کے کرم کی فراوانیوں کا شہ

اعظم درِ حبیب پہ کس منہ سے جاؤں گا
میں رو سیاہ اور وہ نورانیوں کا شہ

✽

مجھ خطا کار سا انسان مدینے میں رہے
بن کے سرکارؐ کا مہمان مدینے میں رہے

یاد آتی ہے مجھے اہلِ مدینہ کی یہ بات
زندہ رہنا ہو تو انسان مدینے میں رہے

اللہ اللہ سرافرازئ صحرائے حجاز
ساری مخلوق کا سلطان مدینے میں رہے

دُور رہ کر بھی اُٹھاتا ہوں حضوری کے مزے
میں یہاں اور مری جان مدینے میں رہے

یوں ادا کرتے ہیں عشاق محبت کی نماز
سجدہ کعبے میں ہو اور دھیان مدینے میں رہے

اُن کی شفقت غمِ کونین بھلا دیتی ہے
جتنے دن آپؐ کا مہمان مدینے میں رہے

چھوڑ آیا ہوں دل و جان یہ کہہ کر اعظم
آ رہا ہوں، مرا سامان مدینے میں رہے

✿

کسی کو کچھ نہیں ملتا تری عطا کے بغیر
خدا بھی کچھ نہیں دیتا تری رضا کے بغیر

کبھو گدا سے ، نہ دستِ طلب دراز کرے
یہ در وہ ہے جہاں ملتا ہے التجا کے بغیر

ہے ذرے ذرے میں بے شک ظہورِ نورِ قدم
مگر ملے گا نہیں کوئے مصطفےٰ کے بغیر

نماز میں نہیں شامل اگر سرورِ حضور

اسی سبب سے انہیں درگذر کی عادت ہے
وہ جانتے ہیں کہ، انساں نہیں خطا کے بغیر

کئی بہشت دکھائے گئے مجھے، لیکن
یہ دل بہل نہ سکا کوئے مصطفےٰ کے بغیر

میں سوچتا ہوں کہ اعظم شب طویل حیات
کٹے گی کیسے کسی دردِ آشنا کے بغیر

(۱ جنوری سنہ ۱۹۷۳ء)

○ یہ شعر معروف یوں ہے۔

میں جانتا ہوں اُنہیں درگذر کی عادت ہے
وہ بخش دیں گے مجھے بھی کسی سزا کے بغیر

✿

کیوں عمر دشتِ زلفِ بُتاں میں گنوائی جائے
کوئے نبیؐ میں کیوں نہ یہ دولت لٹائی جائے

آؤ کہ پھر بسائیں محبت کی بستیاں
گھر گھر نبیؐ کے ذکر کی محفل سجائی جائے

ذہنوں کی تیرگی کا مداوا اسی میں ہے
ہر دل میں شمعِ عشقِ محمد جلائی جائے

پھولوں کا ذکر کیا کہ دیارِ رسولؐ کی
مٹّی بھی گر ملے تو جبیں پر لگائی جائے

صُورت نئی حیات کی ٹھہرے مرے لئے
مرنے سے پہلے گر تری صُورت دِکھائی جائے

اعظمؔ گدائے شہرِ رسالت مآبؐ ہُوں
تُربت بھی میری کُوئے نبیؐ میں بنائی جائے

❋

آئی ہے خوشبو، دیوار و در سے
گزرا ہے کوئی اس رہگذر سے

کس نبیؐ کا سرمہ لگا کر
آنکھیں ملی ہیں شمس و قمر سے

کوئی گھڑی بھی گزری نہ، جب وہ
اوجھل ہوئے ہوں میری نظر سے

کس کس پہ تیری رحمت کے بادل
جھک کر نہ آئے ، کھل نہ برسے

کیسے بنے سے گئے ہو اعظم

✽

ترے ذکر و فکر میں دن ڈھلا، تری گفتگو میں سحر ہوئی
بڑی باغ باغ گذر گئی، بڑی آبرو سے بسر ہوئی

مری چشمِ حسن پرست بھی تو بلا کی حُسن شناس ہے
نہ کسی پہ تیرے سوا اُٹھی، نہ کسی کی دستِ نگر ہوئی

مرے صبح و شام بدل گئے، مرے ماہ و سال بدل گئے
مرے حال پہ بھی کرم ہوا، مری سمت بھی وہ نظر ہوئی

مرے غمگسار تو اک طرف، جہاں وقت ساتھ نہ دے سکا
وہاں صرف اک تری یاد تھی جو مری شریکِ سفر ہوئی

✽

✿

تیرے قدموں پہ دو جہان نثار
پھر دکھا دے وہی بہار اک بار

پھر مجھے بخش قوتِ پرواز
شوق بیتاب، راستہ دشوار

دل بینا نہ ہو تو کیا حاصل
تو کہاں اور کہاں خرد کا عیار

جز ترے کس سے اب بہلے دن

ہوگئی گُم جہاں سے جنسِ وفا
سرد مہری کا گرم ہے بازار

"جانے کیا ہوگیا زمانے کو"
چِھن گیا ہے دلوں کا صبر و قرار

کُھل کے اظہارِ مُدّعا تو کُجا
سانس تک لینا ہوگیا دشوار

(نامکمل)

٭

اب جی میں ہے بسر ہو کہیں آبادیوں سے دور
مل جائے چار دن تو فراغت مرے حضور!

غربت، یہ اشک و چشم کا رشتہ نہ ٹوٹ جائے
پھر دل رہی اگر یہی حالت مرے حضور!

کیا جانوں، آج کیوں ہے طبیعت مری اداس
کس چیز کی ہے دل کو ضرورت مرے حضور!

درکار مجھ کو وسعتِ کون و مکاں نہیں
مجھ کو تو چاہیئے درِ دولت مرے حضور!

کس حال میں تھا جانے کہیں تھا کہیں نہ تھا
کچھ کر سکا نہ آپ کی خدمت مرے حضور!

✿

جو عمر بھر کسی چوکھٹ پہ سر جھکا نہ سکے
ترے حضور جب آئے تو سر اُٹھا نہ سکے

کسی سے پوچھی نہیں اپنے خواب کی تعبیر
مگر وہ صُبح ، جِسے ابر بھی چھپا نہ سکے

اُٹھے تھے کتنے بگولے مرے تعاقب میں
ترا کرم ، کہ قدم سے قدم ملا نہ سکے

ترے غلام کی پہچان ہے یہی آثؔ
کہ بادشہ بھی مرا مرتبہ گھٹا نہ سکے

پہنچ گئے ہیں اَب ایسی جگہ ، جہاں اَعظم
قضا کا ہاتھ نہ پہنچے ، فنا مٹا نہ سکے

✿

بشر بھی ہے، بشریت کا افتخار بھی ہے
رسوا بھی ہے، رسووں کا شہریار بھی ہے

جو دیکھ کر تجھے پتھرا گئی تھی پہلے پہل
وہ آنکھ آج ترے غم میں اشکبار بھی ہے

مجھے فلک کے مقدر پہ رشک کیوں آئے
مری زمیں پہ ترا در، ترا دیار بھی ہے

میں مسکرا کے کسی غم خرید لیتا ہوں
میں جانتا ہوں، کوئی میرا غمگسار بھی ہے

ترے اس ابرِ کرم کا ہے انتظار مجھے
جو برق ریز بھی ہے اور برف بار بھی ہے

٭

سرتا بقدم معجزہ وہ قامتِ زیبا
سیرت جو ہے بے مثل تو صورت بھی ہے یکتا

الفاظ و معانی ہیں بہم لازم و ملزوم
صورت کا بھی دلدادہ ہوں سیرت کا بھی شیدا

تقدیس و شرافت کا ہے آئینہ تری ذات
احسان و صداقت کا نشاں تیرا سراپا

خوشبو کی طرح پھیل گیا ارض و سما میں
اے ختمِ رُسل! حرف جو لب سے ترے نکلا

تپتے ہُوئے ماحول سے گھبرا کے یہ دنیا
اب ڈھونڈ رہی ہے تری دیوار کا سایا

بخشا ہے تو اب اس کی نگہداشت بھی فرما
محبوب ہے ہر ذرّہ مجھے اپنے وطن کا

اعظم مجھے فرصت ہی نہیں ذکرِ نبیؐ سے
ہوتا رہے برہم غمِ دنیا، غمِ عقبیٰ

❋

✿

وہ رفعتِ خیال، وہ حسنِ بیاں نہیں
جو کچھ کہا، حضورؐ کے شایانِ شاں نہیں

پہچانے جو مقامِ رسالتؐ رموزِ عشق
وہ دل نہیں، وہ آنکھ نہیں، وہ زباں نہیں

پاسِ ادب ہے شرطِ متاعِ ہنر کے ساتھ
یہ کونہ عیب ہے، کہ سے بتاں نہیں

سرکارِ دو جہاں سا کوئی کائنات میں
مشفق نہیں ، رفیق نہیں ، مہرباں نہیں

کردار وہ کہ اپنے پرائے امیں کہیں
گفتار وہ کہ ریب کا وہم و گماں نہیں

عفو و عطا ، نمود و نمائش سے بے نیاز
جود و سخا میں مصلحت اندیشیاں نہیں

وہ حُسن ، جس سے مہر و مہِ آسماں خجِل
وہ سادگی ، کہ جس کا بدل دو جہاں نہیں

وہ اک حیات بخش حرارت ہے ان کی ذات
جس کے بغیر گرم تنِ دو جہاں نہیں

"آہستہ پا بنہ کہ ملک سجدہ می کنند"
نازک اس آستاں سے کوئی آستاں نہیں

ان کی عطا کہ دل بھی توانا ہے ، ذوق بھی
ان کا کرم کہ عشق مرا ناتواں نہیں

اب میرے اور ان کے کوئی درمیاں نہیں

نسبت نے ان کی زندہ جاوید کر دیا
گویا ہماری موت بھی اب رائیگاں نہیں

اعظم گزر رہی ہے کس آسودگی کے ساتھ
سایہ ہے ان کا سر پہ میرے آسماں نہیں

متفرق اشعار

✸

ہر شب کبھی آہوں، کبھی اشکوں کے بہانے
آتا ہے ترا درد، تری یاد دلانے

اعظم مجھے کانٹوں سے بچایا ہے جنھوں نے
آئیں گے وہی پھولوں کی چادر بھی چڑھانے

✸

رہ نوردانِ مدینہ ذرا اعظمؔ کی سنو
جا رہے ہو تو دل و جان لُٹا کر آنا!

عاشقوں کے واسطے، زائروں کے واسطے
اشک باریاں بھی ہیں، غمگساریاں بھی ہیں

دامنِ حیات میں ایک ہی تو پھول ہے
جس میں رنگینیاں بھی ہیں، مشکباریاں بھی ہیں

اپنا معیار زمانے سے جُدا رکھتے ہیں
ہم تو محبوب بھی محبوبِ خدا رکھتے ہیں

کسی سائل کو صدا دینے کی زحمت کیوں ہو
اپنا دروازہ وہ ہر وقت کھُلا رکھتے ہیں

اسیرانِ ہوس کو آدمیت بخشنے والا
ضمیرِ آدمیت کو حرارت بخشنے والا

شقاوت کو محبت کے سبُو میں ڈھالنے والا
صبا کو خوش خرامی، گُل کو نکہت بخشنے والا

خدا نا آشنا کو خود شناسی کا سبق دے کر
خدا اُن کے تصوّر کو حقیقت بخشنے والا

دشت آباد ہوئے شاہِ اُمم کے دم سے
جی اُٹھے آبلہ پا اُن کے قدم کے دم سے